شخص اس پر فتح پائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس پر ظلم کیا ہے **دلیل** ہے کہ بادشاہ اس کا محتاج ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے بادشاہ پر ظلم کیا ہے **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے نقصان پائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر سردار دیکھے اس نے کسی عاجز پر ظلم کیا ہے **دلیل** ہے کہ وہ عاجز اس پر نفرین کرے گا اور اگر آقا دیکھے کہ اس نے غلام پر ظلم کیا ہے **دلیل** ہے کہ آقا سے اس کو مصیبت اور رنج اور بلا پہنچے گی۔

ظلمات (اندھیرے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اندھیرے میں تھا اور روشنائی سے بدل گیا ہے **دلیل** ہے کہ دین کا راستہ اس پر کھلے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اندھیرے میں تھا اور روشنائی میں گیا ہے اور پھر اندھیرے میں آیا ہے **دلیل** ہے کہ منافق ہوگا فرمانِ حق تعالیٰ ہے **وَ اِذَا اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ قَامُوْا وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ** (اور جب ان پر تاریکی ہوتی ہے تو کھڑے ہو جاتے ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ان کی سنائی اور ان کی بینائی سلب کر لے۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی غم واندوہ ہے اگر دیکھے کہ کسی **ملک** میں تاریکی ظاہر ہوئی ہے **دلیل** ہے اس **ملک** میں نہایت سخت غم واندوہ ظاہر ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تاریکی پانچ وجہ پر ہے (۱) کفر (۲) حیرانی (۳) کاموں کا رک جانا (۴) بدعت (۵) گمراہی۔

اگر مال دار دیکھے کہ درویش ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا اور اگر درویش دیکھے کہ مالدار ہو گیا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا کام اور بھی بدتر ہوگا اور اللہ ہی

بہتری کو خوب جانتا ہے۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف العین

عاج (ہاتھی دانت)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہاتھی دانت دولت ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس ہاتھی دانت ہے دلیل ہے کہ بادشاہ سے مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ ہاتھی دانت اس سے ضائع ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کا مال اور دولت ضائع ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے صندوق میں ہاتھی دانت ہے دلیل ہے کہ اپنے خویشوں میں سے مالدار عورت کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ہاتھی دانت کی دوات ہے دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ انعام میں کنیز دے گا اور مزید پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ہاتھی دانت ٹوٹا یا ضائع ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کی عورت یا کنیز ہلاک ہوگی اور جس قدر ہاتھی دانت زیادہ سفید اور زیادہ پاکیزہ ہوگا مال زیادہ ہوگا۔

عاریت کردن (ادھار دینا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کوئی چیز کسی کو عاریتہً دی ہے اگر وہ چیز پسندیدہ ہے تو دونوں کے ثبوت محبت پر دلیل ہے کہ اور اگر ایسی چیز ہے کہ جس کو پسند نہیں کرتے ہیں تو اس کی تاویل اچھی نہیں ہے۔

عاشق

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ عاشق اور حریص ہے تو فساد اور بدی پر **دلیل** ہے اگر چیز حلال اور اچھی ہے تو خیر و صلاح پر **دلیل** ہے۔

اور اگر دیکھے کہ خوبصورت پر عاشق ہوا ہے اگر اس عشق میں حرام کی نیت ہے تو شر و فساد پر **دلیل** ہے کہ اور اگر نیت حلال ہے تو خیر و صلاح پر **دلیل** ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ معشوق سے دل کی مراد پائی ہے تو خیر اور منفعت پر **دلیل** ہے۔

عالم

اگر جاہل شخص دیکھے کہ عالم یا فقیہہ ہوا ہے **دلیل** ہے کہ لوگ اس پر طعنہ کریں گے اور اس کا مذاق اڑائیں گے اور اگر عالم یا فقیہہ دیکھے **دلیل** ہے کہ اس کا علم اور زیادہ ہوگا۔

اگر دیکھے کہ قاضی یا حکیم یا خطیب یا عالم زندہ یا مردہ کسی خوفناک اور ترسناک جگہ سے گزر گیا ہے **دلیل** ہے کہ وہاں لوگ امن میں ہوں گے اور ان کا بادشاہ عادل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ لوگوں کو علم سکھاتا ہے حالانکہ اہل علم سے نہیں ہے **دلیل** ہے کہ اس سے بھاگے گا اور اگر عالم ہے تو عزت اور مرتبے پر **دلیل** ہے اگر دیکھے کہ کچھ لے کر علم پڑھاتا ہے **دلیل** ہے کہ رشوت لے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عالم چار وجہ پر

ہے(۱)دولت(۲)قاضی(۳)حکیم(۴)خطیب۔

عبادت

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ حق تعالیٰ کی عبادت کرتا ہےتو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ عبادت مسجد یا جھونپڑی میں کرتا ہے دلیل ہے کہ اس جہان کی خیر پائے گا اور اگر دیکھے کہ مکروہ جگہ میں عبادت کرتا ہے اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

عجوزہ (بڑھیا)

عجوزہ بڑھیا اس کی تاویل انشاءاللہ حرف کاف میں بیان کی جائے گی۔

عدد (شمار)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ درہم یا دینار یا کپڑے وغیرہ میں سے ایک اسی کو کسی نے دیا ہے دلیل ہے کہ خیر اور نیکی دیکھے گا فرمانِ حق تعالیٰ ہے مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا (جو شخص ایک نیکی لایا اس کے لئے اس سے دس گنا ہے) اسی لئے اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ دس کی اصل ایک سے ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ایک عدد نیک ہے اور دو کا عدد غم واندوہ ہے لیکن دشمن پر فتح پائے گا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ (دو میں کا دوسرا جب وہ غار میں تھا)۔

اگر شمار کا عدد دیکھے تو بد ہے اور اس کام سے فائدہ نہ اٹھائے گا فرمانِ حق تعالیٰ ہے اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ (کہ لوگوں سے تین روز تک کلام نہ کرے گا)۔

تین کا لفظ جدائی پر دلالت کرتا ہے کیونکہ طاق عدد ہے اور چار کا عدد نیک ہے جب دوسری اور چیز شامل نہ ہو مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ (تین شخصوں کی سرگوشی میں وہ چوتھا ہوتا ہے)۔

اور اگر پانچوں نمازوں کو صاحب خواب قائم رکھتا ہے تو پانچ کا عدد نیک ہے اور چھ کا عدد نیک ہے خلق السموات ولارض فی ستھت ایام (زمین اور آسمان چھ روز میں بنائے)۔

اور سات کا عدد دیکھنا بد ہے سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا (سات آسمان طبق پر طبق) اور سات اور آٹھ اور بھی بد ہیں فرمانِ حق تعالیٰ ہے سَبْعَ لَيَالٍ وَّ ثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا (سات راتیں اور آٹھ دن سخت) اور عدد نو بھی بد ہے فرمانِ حق تعالیٰ ہے تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ (نو گروہ فساد کرنے والے)۔

اگر دس کا عدد دیکھے تو نیک ہے دین اور دنیا کی مراد حاصل ہو گی فرمانِ حق تعالیٰ ہے تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ (وہ پورے دس)۔

اور اگر گیارہ کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ اس کے کام ظہور میں آئیں گے۔ اور بارہ کا عدد دیکھنا نیک ہے فرمانِ حق تعالیٰ نے اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا (مہینوں کا شمار اللہ تعالیٰ کے نزدیک بارہ ہے)۔

اگر تیرہ کا عدد دیکھے تو بد ہے اور چودہ کا عدد نیک ہے اور اگر پندرہ کا عدد دیکھے تو اس کے کام پراگندہ ہوں گے اور اگر سولہ کا عدد دیکھے تو اس کی مراد دیر سے پوری ہو گی اور سترہ کا عدد دیکھنا بد ہے اور اگر اٹھارہ کا عدد دیکھے تو اس کی مراد پوری نہ ہو گی۔

اور اگر انیس کا عدد دیکھے تو اس کا کام لوگوں سے پڑے گا فرمانِ تعالیٰ ہے

لَوَّاحَةٌ لِلْبَشَرِ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (اس پر انسان کو خوف زدہ کرنے والے انیس ہیں)۔

اور بیس کا عدد دیکھنا نیک ہے اور دشمنوں پر فتح پائے گا فرمانِ حق تعالیٰ ہے عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ (بیس آدمی صبر کرنے والے)۔

اور اگر تیس کا عدد دیکھے تو اس کا تعلق کسی حاکم سے ہوگا وَاعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ لَیْلَۃً وَّ اَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ (اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس رات کا وعدہ کیا اور ان کو دس سے پورا کیا اگر چالیس کا عدد دیکھے تو اس کا کام بند نہ ہوگا۔

اور اگر پنجاہ کا عدد دیکھے تو رنج اور سختی پر دلیل ہے فرمانِ حق تعالیٰ ہے اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِیْنَ عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ (پچاس کم ہزار سال کہ ان کو طوفان نے پکڑا تھا)۔

اور اگر ساٹھ کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ اس کے ذمے قسم ہوگی اور اس کو لگاتار دو ماہ روزے رکھنے چاہیں یا ساٹھ درویشوں کو کھانا دینا چاہئے فرمانِ حق تعالیٰ ہے شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَاسَّا فَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے لگاتار دو ماہ روزے رکھے پس جو کوئی یہ نہ کر سکے تو اس کو کھانا کھلانا چاہئے ساٹھ مسکینوں کو یہ اس لئے ہے تا کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھو۔

اور اگر ستر کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ دیر سے کام ہوگا۔ اور اگر اسی کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ اس کو تہمت لگائیں گے اور کوڑے ماریں گے۔ فرمانِ حق تعالیٰ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَةً (اس کو اسی کوڑے مارو)۔

اور اگر نوے کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ بڑوں میں سے چند عورتوں کے ساتھ نکاح کرے گا تِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ (اس کی ننانویں بھیڑیں اور میری ایک بھیڑ ہے)۔

اور اگر سو کا عدد دیکھا ہے تو نصرت اور فتح پائے گا فرمانِ حق تعالیٰ مِائَۃٌ صَابِرَۃٌ یَّغْلِبُوْا مِائَتَیْنَ (ایک سو ثابت قدم دو سو پر غالب آئیں گے)۔

اور اگر بادشاہ دیکھے کہ اس کے ساتھ سو سوار ہے دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے سو درہم دیئے ہیں دلیل ہے کہ اس پر زنا کی تہمت دھریں گے اور اس کو سو کوڑے ماریں گے فرمانِ حق تعالیٰ نے فَاجْلِدُوْا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَۃَ جَلْدَۃٍ (ہر ایک کو ان میں سے سو کوڑے مارو)۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو سو دانے گیہوں کے یا جو کے کسی نے دیئے یا اور کسی طرح کے دانے دیئے دلیل ہے کہ اس کی خیر و برکت حاصل ہو گی نیز اس پر عیش فراخ ہو گی فرمانِ حق تعالیٰ ہے فِیْ کُلِّ سُنْبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ وَّاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ (ہر ایک بال میں سو دانہ اور اللہ دوگنا کرتا ہے جس کے لئے کہ چاہتا ہے)۔

اور اگر دو سو کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا اور اگر تین سو کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ زمانے میں اس کی مراد پوری ہو گی فرمانِ حق تعالیٰ ہے وَلَبِثُوْا فِیْ کَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا (اور وہ اپنی غار میں نو اوپر تین سو سال ٹھہرے)۔

اور اگر چار سو کا عدد دیکھے تو دشمنوں پر فتح پائے گا۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے خَیْرُ الْجُیُوْشِ اَرْبَعَۃُ اٰلَفٍ وَ خَیْرُ الْمَنَامِ اَرْبَعَۃُ مِائَۃٍ (بہترین لشکروں کا چار ہزار ہے اور بہترین خواب کا چار سو ہے)۔

اور اگر پانچ سو کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ اس کا کام موقوف ہو گا اور اگر چھ سو کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ خوش ہو گا اور مراد کو پہنچے گا اور اگر سات سو کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ اس کا کام سخت ہو گا اور آخر کار پورا ہو گا۔

اور اگر آٹھ سو کا عدد دیکھے دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے اور اگر نو سو کا عدد دیکھے

تو بھی یہی تاویل ہے اور اگر ایک ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ بزرگی پائے گا اور دشمن کو مغلوب کرے گا فرمانِ حق تعالیٰ ہے بِثَلٰثَةِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزِلِيْنَ (تین ہزار فرشتے اترنے والے)۔

اور اگر چار ہزار کا عدد دیکھے تو قوت اور نصرت پر **دلیل** ہے اور اگر پانچ ہزار کا عدد دیکھے تو **دلیل** ہے کہ عمدہ اور مبارک ہو گا اور اگر چھ ہزار کا عدد دیکھے تو یہی تاویل ہے اور اگر سات ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ اس کے کام کشادہ ہوں گے اور اگر آٹھ ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ اس کا انتظام سے کام ہو گا اور اگر نو ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ بد ہو گا اور اگر دس ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ نصرت اور فتح پائے گا اور بیس ہزار کے عدد کی بھی یہی تاویل ہے۔

اور اگر تیس ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ نصرت اور فتح دیر سے پائے گا اور اگر چالیس ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ نصرت اور فتح پائے گا اور اگر پنجاہ ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ رنج اور سختی میں عاجز ہو گا فرمان حق تعالیٰ ہے مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ (اس کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہے)۔

اور اگر ساٹھ ہزار کا عدد دیکھے تو خوشی اور شادمانی پر **دلیل** ہے اور اگر ستر ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر اسی ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ اس پر کام پوشیدہ ہوں گے اور اگر نوے ہزار کا عدد دیکھے **دلیل** ہے کہ دشمن پر کامیاب ہو گا۔

اور اگر ایک لاکھ کا عدد دیکھے تو دشمن پر فتح پانے کی **دلیل** ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ (اور ہم نے اس کو ایک لاکھ بلکہ زیادہ کی طرف بھیجا)۔

عدس (مسور)

عدس، مسور: اس کی تاویل میں اہل تعبیر کا اختلاف ہے حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسور کا کھانا اچھا ہے کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام مسور کو پسند کرتے تھے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسور کا کھانا برا ہے کیونکہ بنی اسرائیل جب من وسلویٰ کھا کر اکتا گئے تو انہوں نے حق تعالیٰ سے مسور اور لہسن اور پیاز مانگا تھا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسور کا کھانا مال ہے جو عورتوں کی طرف سے ملے گا خاص کر اگر پختہ ہوں اور اگر خام دیکھے کہ تو غم و اندوہ پر دلیل ہے۔

عراوہ (آلہ قلعہ گیری)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ عراوہ کافروں کے شہر میں ڈالا ہے دلیل ہے کہ کافروں کا سخت دشمن ہوگا اور اگر دیکھے کہ عراوہ مسلمانوں کے شہر میں ڈالا ہے دلیل ہے کہ اسلام کے بارے میں ناگوار باتیں کرے گا اور ممکن ہے کہ اہل اسلام کے لئے بددُعا کرے اور اگر دیکھے کہ اس نے عراوہ ڈالا ہے دلیل ہے اس جگہ والوں کی غیبت کرے گا یا ان کو گالی دے گا۔

عرش (تخت)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عرش خواب میں امیر بزرگ یا مانگا ہوا مال ہے اگر دیکھے کہ عرش آراستہ ہے دلیل ہے کہ اس کی کسی بڑے آدمی سے صحبت ہوگی اور عزت اور نصرت پائے گا۔

اور اگر عرش کو حقیر دیکھے دلیل ہے کہ لوگوں کے آگے ذلیل ہوگا اور اگر اپنے

آپ کو عرش پر بیٹھا ہوا دیکھے دلیل ہے کہ وہ کسی بڑے آدمی سے ملے گا اور اس سے عزت اور مرتبہ پائے گا اور اگر دیکھے کہ عرش سے نیچے آیا ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عرش کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے (۱) کسی بزرگ کی صحبت' (۲) بلندی' (۳) مرتبہ' (۴) عزت' (۵) بزرگواری۔

عرعر (چیڑ کا درخت ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عرعر ہے دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی اصیل آدمی سے ہوگی اور عرعر کا درخت تاویل میں ایسا شخص ہوتا ہے کہ جو بہت تھوڑی نیکی کرتا ہے۔

عرق کردن (پسینہ لانا)

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر پسینہ جاری ہے دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر نقصان ہوگا خاص کر اگر پسینہ کو زمین پر ٹپکتا ہوا دیکھے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا کپڑا پسینہ سے تر ہو گیا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال اپنے عیال پر خرچ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا پسینہ پیتا ہے دلیل ہے کہ اپنا مال کھائے گا اور اگر پسینہ کو سفید اور خوشبو دار دیکھے دلیل ہے کہ اس کا مال حلال ہوگا اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کا مال حرام ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پسینہ کا آنا مراد

دلیل ہے کہ برائی سے اپنا ہاتھ روکے گا اور اصلاح کا راستہ اختیار کرے گا۔

عس (کوتوال)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کوتوال کے ساتھ نیک لوگ ہیں دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت حاصل ہوگی اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو شرارت اور نقصان پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوتوال نے اس کو پکڑا ہے اور نقصان پہنچایا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ کے ملازموں سے رنج اٹھائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو کوتوال سے ملامت نہیں پہنچتی ہے تو خیر اور نیکی پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کوتوال نے اس کے کپڑے اتارے ہیں یا اس کو قید خانے میں ڈالا ہے دلیل ہے کہ صاحب خواب کو بادشاہ کے آدمیوں سے نقصان پہنچے گا اور بے حرمتی دیکھے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ وہ کوتوال کے پاس سے بھاگ گیا ہے اور کوئی اسکو نہیں پکڑ سکا ہے دلیل ہے کہ اسکو تھوڑا رنج پہنچے گا۔

عصار (نچوڑنے والا تیلی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ چیزوں کو نچوڑ رہا ہے دلیل ہے کہ باتعریف کام میں مشغول ہوگا اور اس کا نام نیکی اور بھلائی سے مشہور ہوگا۔

عصاء (لاٹھی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لاٹھی بزرگوار باعزت شخص ہے اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لاٹھی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی سے عزت اور مرتبہ حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی لاٹھی ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ لاٹھی پر ٹیک لگائے ہوئے ہے دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کی مدد سے جس چیز کی تلاش میں ہے حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ لاٹھی اس کے ہاتھ میں دراز ہوگئی ہے دلیل ہے کہ مراد کو پہنچے گا اور اگر کوتاہ ہو جائے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی لاٹھی کسی کو بخشی ہے دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا اور اگر دیکھے کہ لاٹھی اس سے باتیں کرتی ہے دلیل ہے کہ اس کے فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لاٹھی کا دیکھنا تین وجہ پر ہے (۱) بڑا سردار (۲) بادشاہ (۳) قوت و طاقت۔

عصیدہ (ایک قسم کا حلوہ ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حلوہ وہی بہتر ہے کہ جس میں زعفران نہ ہو اور اس کو خواب میں دیکھنا محال ہے جو محنت اور مشقت سے حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ حلوے کا ایک نوالہ منہ میں رکھا ہے دلیل ہے کہ اچھی بات سنے گا اور اگر دیکھے کہ بہت سا حلوہ کھایا ہے دلیل ہے کہ جھگڑے سے مال کر حاصل

کرے گا۔

عطا (بخشش)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کوکوئی چیز بخشش میں ملی ہے معبر کو دریافت کرنا چاہئے کہ کس قسم کی بخشش ملی ہے سونا یا چاندی یا کپڑا ہے اور بخشش دینے والا نامعلوم شخص ہے یا معلوم شخص ہے مرد ہے یا عورت جب سب باتیں دریافت ہو جائیں تو تعبیر بیان کرے اگر وہ پسندیدہ چیز ہے تو اس کو خیر اور نیکی حاصل ہو گی۔

اور اگر بخشش دینے والا معلوم شخص ہے **دلیل** ہے کہ دنیا کی طرف سے اس کو ذلت ہو گی اور اگر عطا خطاء کے وعدے پر ہے تو یہ سب جھوٹ ہے اور اگر دیکھے کہ عطا لی ہے اور پھر واپس کی ہے **دلیل** ہے کہ اس کی نیکی اور بدی عطا دینے والے کی طرف رجوع کرے گی۔

اور اگر دیکھے کہ اسکو میوہ یا کپڑا یا کوئی شیریں چیز بخشش میں ملی ہے **دلیل** ہے کہ اسکو اس شخص سے تعلق اور ملاپ حاصل ہو گی اور اگر بخشش دینے والا عیسائی یا یہودی ہے اور وہ عمدہ اور اچھی بخشش ہے اور اس نے خواہش سے لی ہے **دلیل** ہے کہ اسکا ایمان خطرے میں ہو گا اور اگر یہودی یا عیسائی خواب میں دیکھے کہ اسکو کسی مسلمان نے بخشش دی ہے اور اس نے خواہش سے لی ہے **دلیل** ہے کہ مسلمان ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے بخشش دی ہے اور اس نے شکریہ ادا کیا ہے **دلیل** ہے کہ مال کی زیادتی اور تندرستی ہو گی اور اگر شکریہ ادا نہیں کیا ہے تو تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ بخشش کوئی اچھی

چیز ہے اور بخشش دینے والا کوئی کمینہ شخص ہے تو اسکی تاویل بری ہے۔

عطر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اسکے پاس خوشبو ہے اور اسکو اسکا علم ہے اور خود عالم شخص ہے **دلیل** ہے کہ اسکے علم سے لوگوں کو فائدہ حاصل ہوگا اور اگر صاحب خواب مالدار ہے **دلیل** ہے کہ اسکے مال سے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔

حضرت ابراھیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عطر ہے **دلیل** ہے کہ لوگ اس کی تعریف کریں گے اور آفرین کہیں گے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عطر کا دیکھنا نو وجہ پر ہے (۱) نیک تعریف (۲) نیک بات (۳) علم نافع (۴) نیک طبیعت (۵) مجلس علم (۶) مردسخی (۷) عقلمند شخص (۸) پاک دین (۹) اچھی خبر۔

عطار

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ عطاری کرتا ہے **دلیل** ہے کہ لوگ اس کا شکریہ ادا کریں گے اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے پاس خوشبو فروخت کرتا ہے **دلیل** ہے کہ وہ وعدہ کر کے خلاف کریں گے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کی محبت اور دوستی عطار آدمی سے ہوئی ہے **دلیل** ہے کہ لوگ اس کی مدح اور ثنا کریں گے اور نامدار ہوگا۔

عطسہ (چھینک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو چھینک آئی ہے اور اس نے الحمد اللہ کہا ہے اگر بیمار ہے تو اس کو طبیب کی ضرورت ہوگی اور اگر تندرست ہے تو اس کی کسی سے مراد پوری ہوگی اور اس پر احسان رکھے گا۔

اور اگر دیکھے کہ تین چھینکیں آئی ہیں تو خوشی اور نیکی پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ بہت سی چھینکیں آئی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی مراد مشکل سے پوری ہوگی اور اگر دیکھے کہ چھینک کے ساتھ ناک سے پانی نکلا ہے دلیل ہے کہ اس کے فرزند پیدا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو چھینک آئی ہے اور رینٹ ناک سے نکل کر جاری ہوا ہے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کی بابت بری بات کہیں گے اور اگر دیکھے کہ چھینک آئی ہے اور کوئی چیز کود کر باہر نکلی ہے دلیل ہے کہ اس چیز دینے والی کے جوہر کے مطابق اس کے فرزند ہوگا جو اس حیوان کے مطابق منسوب ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں چھینک آسانی کے ساتھ آئی ہے دلیل ہے کہ آسانی سے مال حاصل کرے گا اور اگر مشکل سے آئی ہے تو مشکل سے مال حاصل کرے گے۔

عقل

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر اپنی عقل کو آدمی کی صورت میں دیکھے اور کہے کہ میں تیری عقل ہوں اور یہ بھی جانے کہ اس کی عقل ہے اگر خواب دیکھنے والا اس بات کا اہل ہے دلیل ہے کہ اس کی بادشاہ کے لڑکے سے صحبت ہوگی اور اس سے خیر دیکھے گا اور شہزادہ اس کو پسند کرے گا اور مہربانی کی نظر سے اسے

دیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی اپنی **عقل** کو آدمی کی صورت پر دیکھے **دلیل** ہے کہ نصیب اس کی طرف رخ کرے گا اور عزت اور مرتبہ اور دولت پائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں **عقل** بخت اور دولت ہے اور اگر اپنی **عقل** کو آدمی کی صورت دیکھے اور کہے کہ میں تیری **عقل** ہوں **دلیل** ہے کہ بخت اور دولت اس کے تابع ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں **عقل** اور روح ماں باپ ہیں خواہ غائب ہیں خواہ زندہ ہیں۔ **دلیل** ہے کہ ان کا دیدار پھر کرے گا اور اگر مرے ہوئے ہیں **دلیل** ہے کہ دُعا اور صدقے اس کی طرف سے ان کو پہنچیں گے۔

حدیث شریف میں وارد ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرا مال اور جان مجھ سے جدا ہو گئے ہیں اور دونوں آدمی کی صورت پر ہیں اور میرے گھر میں آئے ہیں اور ہم تینوں بیٹھ گئے ہیں اور شربت نوشی میں مشغول ہو گئے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تاویل میں فرمایا ہے کہ **عقل** اس جہان کی قسمت ہے اور روح اس جہان کی قسمت ہے تیرا کام بامراد ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ **عقل** اور جان لڑائی اور شور کرتے ہیں **دلیل** ہے کہ صاحب خواب ملک کے بادشاہ سے جھگڑا کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں **عقل** اور روح کا دیکھنا چار وجہ پر ہے (۱) نصیب اور دولت (۲) ماں اور باپ (۳) شہزادہ (۴) مال اور نعمت۔

عقیق (ایک قیمتی پتھر ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عقیق ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی کا مصاحب ہوگا اور اس سے خیر پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ عقیق اس سے ضائع ہوا ہے اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس عقیق کا ڈھیر ہے اور اس میں سے کچھ کھایا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے فرزند آئے گا۔ جو شرف اور بزرگی اور مرتبہ پائے گا۔

علک (کندر)

علک کندر کو کہتے ہیں اگر دیکھے کہ اس نے کندر آگ پر رکھا ہے **دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کے مال میں نقصان ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے کندر چبایا ہے **دلیل** ہے کہ جھگڑے اور گفتگو سے مال پائے گا۔

علم (جھنڈا)

جھنڈا خواب میں دانا مرد یا امام زاہد یا ایسا شخص ہے کہ جس کی لوگ تابعداری کرتے ہیں اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں جھنڈا ہے **دلیل** ہے کہ اسی قسم کے آدمی سے کہ جس کی اوپر تعریف ہوئی ہے آشنا ہوگا اور اس سے راحت پائے گا اور اگر دیکھے کہ جھنڈا اس کے ہاتھ سے گرا ہے یا کھو گیا ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جھنڈے کا خواب میں دیکھنا سفر پر **دلیل** ہے اگر دیکھے کہ اس کو لوگوں نے جھنڈا دیا ہے یا اس کے پاس لشکر

جمع ہوا ہے **دلیل** ہے کہ عزت اور بزرگی پائے گا خاص کر جھنڈا اگر سفید یا سبز ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بڑا اسفید جھنڈا ہے **دلیل** ہے کہ اس کی صحبت کسی بزرگ مالدار شخص سے ہوگی اور اس سے خیر و منفعت پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز جھنڈا ہے **دلیل** ہے کہ زاہد اور دیندار ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سیاہ جھنڈا ہے **دلیل** ہے کہ قاضی یا خطیب ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھنڈے کا دیکھنا چار وجہ پر ہے (۱) سردار (۲) سفر (۳) مرتبہ (۴) اچھے حالات۔

عمارت

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ویران جگہ میں مسجد یا مدرسے یا خانقاہ کی عمارت بنائی ہے تو دین کی صلاح اور آخرت کے ثواب پر **دلیل** ہے۔

اور اگر دیکھے کہ ویران جگہ میں گیا ہے اور وہاں اپنے لئے عمارت بنائی ہے جیسے سرائے یا دکان وغیرہ۔ **دلیل** ہے کہ دُنیا کا فائدہ پائے گا اور اگر دیکھے کہ معلوم جگہ ویران ہوگئی ہے **دلیل** ہے کہ بلا اور مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ مشہور اور معروف جگہ میں مقیم ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اس جگہ سے اس کی آبادی اور عمارت کے مطابق خیر و صلاح اور منفعت حاصل کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عمارت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے (۱) دنیا کی درستی (۲) خیر و منفعت (۳) مراد کا حصول (۴) رکے ہوئے کاموں کی کشائش اور برکت۔

عماری (ہودج)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ عماری میں بیٹھا ہے اور عماری خچر یا گھوڑی پر ہے اور چل رہا ہے **دلیل** ہے کہ عزت اور بزرگی پائے گا اور اگر دیکھے کہ عماری گری ہے یا اس سے باہر ہوا ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے عماری میں بٹھایا ہے **دلیل** ہے کہ کسی سردار سے ملے گا اور اس کا کام بالا ہو گا اور عزت اور مرتبہ زیادہ ہو گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عماری کا دیکھنا سات وجہ پر ہے (۱) بزرگی (۲) عزت (۳) مرتبہ (۴) ریاست (۵) بلندی (۶) ولایت (۷) سردار سے ملاقات۔

عمود (گرز)

عمود گرز جیسا جنگی اوزار ہے حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عمود سچا اور درست مرد ہے اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ سخت باتیں ہیں اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے عمود مارا ہے **دلیل** ہے کہ کسی کو سخت بات کہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لوہے کا عمود ہے **دلیل** ہے کہ اس کو بادشاہ سے قوت اور مدد حاصل ہو گی اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ سے کسی نے عمود لے لیا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عمود کا دیکھنا تین وجہ پر ہے (۱) سچا مرد (۲) سخت اور بری باتیں (۳) کوئی بزرگ سردار۔

عناب

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس عناب ہیں اور ان کو کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو عناب دیئے ہیں دلیل ہے کہ اس سے اس شخص کو مال پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ درخت سے عناب جمع کرتا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال کو رنج اور تکلیف سے حاصل کرے گا۔

عنبر (ایک خوشبو ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس عنبر ہے دلیل ہے کہ اسی قدر منفعت حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بہت سا عنبر جمع کیا ہے اور پھر پایا ہے دلیل ہے کہ اپنی ہمت کے مطابق اور ملک پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو عنبر دیا ہے دلیل ہے کہ وہ شخص اس سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس سے عنبر کھویا گیا ہے دلیل ہے کہ اس کا مال نقصان پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے رخسار پر عنبر ملا ہے دلیل ہے کہ اس کے ساتھ نیکی کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عنبر کا دیکھنا چار وجہ پر ہے (۱) منفعت (۲) مراد کا حاصل ہونا (۳) مطلب کا پانا (۴) نیک تعریف۔

عنقا (ایک ساز ہے)

عنقا ایک قسم کا باجہ چنگ اور بربط جیسا ہے حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ عنقا کو بجاتا ہے **دلیل** ہے کہ جھوٹ اور بے ہودہ بات سے خوش ہوگا۔

اگر بیمار دیکھے کہ عنقا ٹوٹا ہے یا اس نے گرا دیا ہے **دلیل** ہے کہ جھوٹ اور محال سے توبہ کرے گا اور اگر بیمار دیکھے کہ عنقا کو بجاتا ہے **دلیل** ہے کہ وہ بیمار جلد مرے گا۔

عنکبوت (مکڑی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مکڑی کو دیکھنا ضعیف اور گمراہ اور گنہگار شخص کو دیکھنا ہے اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جولاہا ہے اور اگر دیکھے کہ مکڑی اس سے دور ہوئی ہے **دلیل** ہے کہ جولا ہے سے دور اور جدا ہوگا۔

عود (ایک خوشبودار لکڑی ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے نیچے عود جلایا ہے **دلیل** ہے کہ اس سے خیر اور منفعت پائے گا۔ اور خواب میں عود ایک خوبصورت اور پاکیزہ طبع شخص ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس عود خام ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے خلعت پائے گا اور جس قدر عود عمدہ ہوگا عطا زیادہ ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عود چار وجہ پر ہے (۱) خوب صورت مرد (۲) اچھی بات (۳) تعریف اور شاباش (۴) مال اور منفعت۔

عودسوز (عود جلانے کی انگیٹھی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں عود سوز عقل مند کنیز یا عقلمند غلام ہے اور اگر عود جلانے کی انگیٹھی قلعی کی ہے دلیل ہے کہ غلام یا کنیز اصل میں عیسائی ہوں گے۔ اور اگر تانبے کی ہے تو اصل کے یہودی ہوں گے اور اگر لوہے کی ہے تو اصل کے گبر ہوں گے اگر دیکھے کہ عود کی انگیٹھی ٹوٹ گئی ہے یا کھوئی گئی ہے دلیل ہے کہ اس کا غلام یا کنیز ہلاک ہوں گے۔

عورت (شرمگاہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی شرمگاہ برہنہ ہے اور سب لوگ دیکھتے ہیں دلیل ہے کہ اس کا راز لوگوں میں ظاہر ہوگا اور اگر دیکھے کہ اپنی شرمگاہ کو پھر ڈھانپ لیا ہے دلیل ہے کہ اس کا راز فوراً پوشیدہ ہوگا۔

اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ کا کچھ حصہ برہنہ ہے اور اس نے ڈھانپ لیا ہے اور کسی نے نہیں دیکھا ہے دلیل ہے کہ اگر بیمار ہے تو شفاء اور تندرستی پائے گا اور اگر قرضدار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا اور اگر خوف زدہ ہے تو امن میں رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ برہنہ ہے اور شرمندہ ہوا ہے دلیل ہے کہ برے حال سے نیک حال کی طرف آئے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے جان بوجھ کر اپنی شرمگاہ کو برہنہ کیا ہے دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے سزا کا مستحق ہوگا یا اسے کوئی آفت پہنچے گی کہ جس سے لوگ عبرت حاصل کریں گے۔

عید

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ قربانی کی عید ہے دلیل ہے کہ اس کا کسی عقل مند سے کام پڑے گا اور اگر رمضان شریف کی عید دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی عابد اور زاہد سے ہوگی اور اس سے دین کا نفع حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ عید ہے اور لوگ بن سنور کر نکلے ہیں دلیل ہے کہ اگر قیدی ہے تو خلاصی پائے گا اور اگر اہل عزت اور شرف سے ہے تو مرتبہ اور زیادہ ہوگا۔

عاشوراء

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں عاشورے کا دن دیکھے دلیل ہے کہ مراد کو پہنچے گا فرمانِ حق تعالیٰ ہے الیوم اکملت لکم دینکم وتممت علیکم نعمتی (آج میں نے اپنا دین تم پر کامل کردیا ہے اور اپنی نعمت تم پر پوری کردی ہے)۔

اور اگر خواب میں سال یا مہینہ یا دن کا شروع دیکھے دلیل ہے کہ وہ سال یا مہینہ یا دن اس پر مبارک ہوگا اور خیر وصلاح پر دلیل ہے۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف الغین

غار (گڑھا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ غار میں گیا ہے اوراس میں مقیم ہوا ہے **دلیل** ہے کہ کسی سخت کام میں گرفتار ہوگا اور اگر دیکھے کہ غار میں گیا ہے اور جلدی نکلا ہے **دلیل** ہے کہ سخت کام میں گرفتار ہوگا اور جلدی خلاصی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ غار میں گیا ہے اور وہ غار روشن ہوا ہے **دلیل** ہے کہ وہ قید ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ کسی سخت کام میں گرفتار ہوگا اور اگر دیکھے کہ غار سے باہر نکلا ہے **دلیل** ہے کہ بیمار ہوگا اور شفاء پائے گا۔

غارت (لوٹ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا مال اور نعمت لوگوں نے لوٹا ہے **دلیل** ہے کہ غم اور مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ لشکر اسلام نے کفر کا ملک لیا ہے اوراس کو غارت کیا ہے **دلیل** ہے کہ کافروں پر غم اور مصیبت آئے گی اور اگر دیکھے کہ کفر کے لشکر نے اہل اسلام پر لوٹ مچائی ہے **دلیل** ہے کہ مسلمان غم واندوہ میں مبتلا ہوں گے ۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غارت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے (۱) لڑائی (۲) نقصان (۳) غم واندوہ (۴) ارزانی نرخ۔

غالیہ (خوشبودار پوڈر)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غالیہ دانا اور مشہور شخص ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو غالیہ دیا ہے **دلیل** ہے کہ وہ شخص اس سے ادب اور دانائی سیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ غالیہ حج کا نشان ہے اور اہل تعبیر نے بیان ہے کہ غالیہ مال ہے جو سردار سے ملے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے غالیہ پایا ہے **دلیل** ہے کہ سوداگر مرد یا عورت سے نفع پائے گا اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کی آنکھ پر غالیہ ملا ہے **دلیل** ہے کہ اس کی جگہ وہ حق گزاری کرے گا اور لوگ اس کے لئے دعا کریں گے اور اگر دیکھے کہ اس نے اس کے کان کے نیچے غالیہ ملا ہے **دلیل** ہے کہ اس پر جھوٹ بولنے کی تہمت لگائیں گے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غالیہ پانچ وجہ پر ہے (۱) ادب اور دانائی (۲) ثنا اور شاباش (۳) حج اسلام (۴) مال اور مراد اور (۵) خیر اور منفعت۔

غائب

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ سفر کا غائب اس کے نزدیک آیا ہے **دلیل** ہے کہ غائب کا خط یا خبر آئے گی۔ اور اگر اپنے گھر سے غائب ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے خویشوں کے پاس اس کا خط یا خبر آئے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کا غائب سفر سے واپس آیا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا رکا ہوا کام پورا ہوگا اور اگر دیکھے کہ غائب ترش

کو صاف کرتا ہے دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے لوگوں کا فائدہ ہوگا اور اس کا نقصان ہوگا اور اگر دیکھے کہ جو کچھ صاف کرتا ہے اپنے لئے کرتا ہے دلیل ہے کہ منفعت پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھلنی تین وجہ پر ہے (۱) خادم (۲) دوست (۳) دانا شاگرد۔

غرق شدن (ڈوبنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ دریا میں ڈوبا ہے اور مرا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو ہلاک کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پانی اس کو نیچے لے گیا ہے اور پھر اوپر لایا ہے اور مرا نہیں ہے دلیل ہے کہ دنیا کے کام سے ہاتھ اٹھائے گا اور دین کی اصلاح اور آخرت کا راستہ تلاش کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ چوپائے کسی مکان یا دکان یا باغ میں ڈوب گئے ہیں دلیل ہے کہ کسی مشکل کام میں عاجز ہوگا اور آخر کار رہائی پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ غرق ہونا یا ڈوب جانا خواب میں چار وجہوں پر ہے (۱) مال بہت سا (۲) اقبال (۳) صحبت ساتھ بد مذہب لوگوں کے (۴) منفعت۔

غزا کردن (جہاد کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ راہِ خدا میں جہاد کرتا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا اور اسکے خویشوں کا کام نیک ہوگا اور سب سے بے نیاز ہو جائیں گے فرمانِ حق تعالیٰ ہے وَمَنْ یُّھَاجِرْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَجِدْ فِی الْاَرْضِ مُرَاغَمًا کَثِیْرًا وَّسَعَۃً (اور جو شخص راہِ خدا میں ہجرت کریگا تو زمین پر بہت سا منافع اور کشائش پائے گا)۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے جہاد سے منہ موڑا ہے **دلیل** ہے کہ اپنوں سے منہ کو پھیرلے گا فرمان حق تعالیٰ ہے ھَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ تَوَلَّیْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَکُمْ (کیا قریب ہے کہ تم کو حکومت حاصل ہو اور زمین میں فساد کرو اور قطع رحمی کرو)۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ جہاد پر گیا ہے **دلیل** ہے کہ دولت اور نعمت اور بزرگی پائیگا فرمانِ حق تعالیٰ وَ فَضَّلَ اللّٰہُ الْمُجَاھِدِیْنَ عَلَی الْقَاعِدِیْنَ اَجْرًا عَظِیْمًا (اور اللہ نے جہاد کرنیوالوں کو بیٹھنے والوں پر اجر عظیم عطا فرمایا ہے)۔

اور اگر دیکھے کہ اس **ملک** کے لوگ جہاد کے لئے باہر نکلے ہیں **دلیل** ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا اور لوگوں کو مغلوب کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کافروں کے ساتھ تنہا جنگ کرتا ہے **دلیل** ہے کہ دشمنوں پر فتح پائے گا اور اس کو روزی حلال ملے گی اور عمر دراز ہوگی فرمانِ حق تعالیٰ ہے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ (اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں ان کو مردہ گمان نہ کرو بلکہ اپنے رب کے نزدیک زندہ ہیں رزق دیے جاتے ہیں جو کچھ اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دیا ہے اس پر خوش ہیں)۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جہاد کرنا چھ وجہ پر ہے (۱) خیر و برکت (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ادا کرنا (۳) دشمن میں فتح پانا (۴) بیماری سے شفا (۵) بادشاہ کی اطاعت (۶) غنیمت پانا۔

غسل کردن (نہانا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے دریا میں **غسل** کیا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا غم واندوہ کم ہوگا اور اگر بیمار ہے تو شفا اور صحت پائے گا اور اگر قرض دار ہے تو قرض سے سرخرو ہوگا اور خوف سے امن میں رہے گا اور قیدی ہے تو خلاصی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ تھوڑے پانی میں **غسل** کیا ہے اور ہاتھ منہ دھویا ہے **دلیل** ہے کہ خیر و منفعت پائے گا اور اگر دیکھے کہ ہاتھ کو پانی اور سجی سے دھویا ہے اگر دوست رکھتا ہے تو اس کی ان سے جدا ہونے پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے **غسل** جنابت کیا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا کام ختم ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنابت سے **غسل** کرنا **دلیل** ہے کہ جھوٹ سے پاک ہوگا اور جو زیادتی اور نقصان جنابت کے **غسل** سے ظاہر ہوگا جھوٹے دین پر **دلیل** ہے۔

غل (لوہے کا طوق)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں **غل** کفر ہے اور اس کا میلان ناحق کی طرف ہے اگر دیکھے کہ اس کی گردن میں **غل** ہے **دلیل** ہے کہ کافر ہو کر مرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا **غل** کتے کے گردن سے بندھا ہوا ہے **دلیل** ہے کہ منافق ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن میں **غل** ہے اور پاؤں میں بیڑی ہے

دلیل ہے کہ کافر ہوگا اور مسلمانی کا جھوٹا دعویٰ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھوں میں غل ہیں تو اس کے بخل پر دلیل ہے فرمانِ حق تعالیٰ ہے و قالت الیھود ید اللہ مغلولۃ غلت ایدیھم و لعنوا بما قالوا (اور یہود نے کہا کہ اللہ کا ہاتھ جکڑا ہوا ہے ان ہی کے ہاتھ جکڑے جائیں گے اور ان کے کہنے پر لعنت ہے) اور غل سے مقصود بخل ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ اہل تعبیر کہتے ہیں اگر صالح آدمی گردن میں غل دیکھے دلیل ہے کہ برے کام سے دست بردار ہوگا۔

غلاف (میان)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غلاف عورت ہے اگر دیکھے کہ تلوار کا میان ٹوٹا ہے اور تلوار سلامت ہے دلیل ہے کہ فرزند سلامت پیدا ہوگا اور اس کی ماں مرے گی اور چھری کا میان بھی یہی حکم ہے۔

غلام

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ غلام ہوگیا ہے دلیل ہے کہ سخت کام میں گرفتار ہوگا اور اس پر رنجور ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے غلام لیا ہے یا خریدا ہے دلیل ہے کہ اس کام میں بہتری ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غلام شادی ہے فرمانِ حق تعالیٰ و بشرناہ بغلام حلیم (اور ہم نے اس کو بردبار غلام کی بشارت دی)۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے غلام یا

کنیز فروخت کئے ہیں تو بہتری پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ خریدے ہیں تو بد ہیں اور غلام اور کنیز کی فروخت سے اگر سونا یا چاندی لے تو تاویل میں برا ہے اور اگر اجناس لے تو بہتر ہے۔

غلبہ کردن (غالب آنا)

غلبہ کردن، غالب آنا حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اپنے دشمن پر غالب آیا ہے تو **دلیل** ہے کہ دشمن پر غالب آئے گا اور اگر خلاف دیکھے تو دشمن غالب آئے گا۔

غم

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غم شادی اور خوشی ہے اگر دیکھے کہ غمگین ہوا ہے **دلیل** ہے کہ خوشی پائے گا اور اپنی مرادات کو پہنچے گا۔
حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ غمگین ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال پائے گا اور اگر دیکھے کہ غم سے رہائی ہوئی ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

غنیمت (لوٹ کا مال)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں غنیمت پانا اگر کافروں کا مال ہے **دلیل** ہے کہ نرخ گراں ہوگا اور اگر دیکھے کہ مسلمان کافروں کے **ملک** سے غنیمت لائے ہیں **دلیل** ہے کہ جس **ملک** میں غنیمت لائے گا نعمت ہوگی اور نرخ کی ارزانی ہوگی اور اگر دیکھے کہ کافر مسلمان کے **ملک** سے غنیمت لائے ہیں

کتاب کامل التعبیر سے حرف الفا

فاختہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فاختہ ناقص دین اور بدمہر عورت ہے جو کسی سے موافقت نہیں کرتی ہے۔

اگر دیکھے کہ اس کے پاس فاختہ ہے **دلیل** ہے کہ اس طرح کی بددین عورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے فاختہ کا بچہ پکڑا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے فرزند پیدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے فاختہ کا گوشت کھایا ہے **دلیل** ہے کہ اسی قدر عورت کا مال لے گا اور حج کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فاختہ جھوٹ بولنے والا فرزند ہے اگر دیکھے کہ فاختہ نے اس کے مکان پر ایک بار آواز کی ہے **دلیل** ہے کہ غائب کی خبر سنے گا اور اگر دوبار بولی ہے تو بہتر ہے اور اگر تین بار بولی ہے تو نہایت بہتر ہے اور اگر دیکھے کہ فاختہ اور کوا دونوں اس کے گھر میں آئے ہیں **دلیل** ہے کہ چور اس کے گھر میں آئے گا اور سامان لے جائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فاختہ کا دیکھنا تین وجہ پر ہے (۱) عورت (۲) فرزند (۳) خادم۔

فال گرفتن (شگون لینا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ فال لی ہے اور فال نیک اتری ہے **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اگر دیکھے کہ فال گیری کا کام کرتا ہے **دلیل** ہے کہ وہ بہت سے کھوپرے کھائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فال لینا تین وجہ پر ہے (۱) دشمن پر فتح پانا (۲) مراد (۳) ضرورت کا پورا ہونا' فال خواہ نیک ہو یا بد اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

فالودہ

فالودہ اگر زعفران کے ساتھ ہے تو بیماری ہے اور فالودے کا دیکھنا جس قدر کہ اس کو آگ پہنچی ہے اسی قدر رنج اور جھگڑا ہے اور اگر دیکھے کہ فالودہ اس نے منہ میں رکھا ہے دلیل ہے کہ پاکیزہ بات کہے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے فالودے کا نوالہ کسی کو دیا ہے دلیل ہے کہ اس کو پاکیزہ بات کہے گا یا اس کے لئے کوئی کام کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فالودہ چار وجہ پر ہے (۱) پاکیزہ بات (۲) مال (۳) منفعت (۴) اس کام میں لڑائی کہ جو مشکل سے ہو گا۔

فام (نقش)

فام' نقش' اثر رنگ' حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے چہرے پر نقش ہے دلیل ہے کہ حج کرے گا اور اگر نماز قصاص ہے تو ادا کرے گا اور اگر اس کے ذمے امانت ہے تو ادا کرے گا اور اگر قرضدار ہے تو قرض کے ادا کرنے پر دلیل ہے۔

فتنہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ فتنہ کسی جگہ سے

زائل ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اس **ملک** کے لوگ حق تعالیٰ کی طرف رجوع کریں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دس چیزوں میں سے ایک کو دیکھے تو **دلیل** ہے کہ اس **ملک** میں بلا اور فتنہ پڑے گا (۱) تاریکی (۲) آگ (۳) سرد ہوا (۴) گرم ہوا (۵) آفتاب اور چاند کی سیاہی (۶) غبار (۷) بارش (۸) درختوں کا اکھڑنا (۹) سرخ یا سیاہ بادل (۱۰) سرخ اور زرد کپڑا پہننا۔

فراخی (کشادگی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ **تنگ** جگہ سے کشادہ میں آیا ہے یا سختی سے آسانی ہوئی ہے **دلیل** ہے کہ غم سے بے غم ہوگا اور اندوہ سے نجات پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ گھر اس پر کشادہ ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے عیال پر روزی فراخ ہوگی اور اگر دیکھے کہ گھر اس پر **تنگ** ہوا ہے **دلیل** ہے کہ اس پر اور اس کے عیال پر روزی **تنگ** ہوگی اور اگر دیکھے کہ گھر اس پر **تنگ** ہو کر پھر فراخ ہوا ہے **دلیل** ہے کہ شریعت اور دین کی راہ اس پر سیدھی ہوگی حاصل یہ ہے کہ **تنگ** چیزوں کا فراخ ہونا سب طرح کے کاموں میں کشائش اور چیزوں میں برکت پر **دلیل** ہے۔

فراش (فرش بچھانے والا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فرش بچھانے والا دلال ہے کہ کسی کے لئے عورت تلاش کرتا ہے۔

فرج (شرمگاہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کی عورتوں جیسی شرمگاہ ہے دلیل ہے کہ ذلیل اور عاجز ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ کسی نے جماع کیا ہے دلیل ہے کہ اس سے حاجت پوری ہوگی اور اگر دو عورتیں دیکھیں کہ ان کی ایک شرمگاہ ہے دلیل ہے کہ وہ دونوں عورتیں ایک شخص کی عورتیں ہوں گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ لوہے یا تانبے کی ہے دلیل ہے کہ مردوں کے پانے سے ناامید ہوگی۔

اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی عورت کی شرمگاہ پیچھے کی طرف ہے دلیل ہے کہ وہ عورت ایسی چیز کو پسند کرتی ہے کہ جس میں حق تعالیٰ کی رضا نہیں ہے۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ کٹی ہوئی ہے دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے مچھلی نکلی ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے بلی نکلی ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں چور اور ڈاکو لڑکا پیدا ہوگا اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے سانپ نکلا ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں نابکار لڑکی پیدا ہوگی اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے نر سانپ نکلا ہے دلیل کہ اس کے ہاں لڑکا ہوگا جو اس کا دشمن ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے بچھو نکلا ہے تو اس کی بھی یہی تاویل ہے۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے کیڑا یا چیونٹی باہر نکلی ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں کم ہمت لڑکا پیدا ہوگا اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے روٹی نکلی ہے دلیل ہے کہ مفلس اور تنگدست ہوگی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے تل نکلے ہیں دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس کو بہت چاہتا ہے اور اگر عورت دیکھے کہ خون اس کی شرمگاہ سے نکلا ہے دلیل ہے

کہ اس کا شوہر اس سے حالت حیض میں جماع کرے گا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے پیپ نکلی ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند صالح اور پارسا ہوگا اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے سیاہ پانی نکلا ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے اور اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے قے نکلی ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال کو پائے گی اور عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ سے آگ نکلی ہے دلیل ہے کہ اس کے فرزند بادشاہ ہوں گے اور اگر عورت دیکھے کہ کسی نے اس کی شرمگاہ پھاڑی ہے دلیل ہے کہ اس سے منفعت پائے گی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر عورت دیکھے کہ اس کی شرمگاہ پر بہت بال اگے ہوئے ہیں دلیل ہے کہ اپنے فرزند کی وجہ سے اندوہ گیں ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس پر بال نہیں ہیں دلیل ہے کہ خوش ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس پر سوجن ہے دلیل ہے کہ مال پائے گی۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے بجائے شرمگاہ کے مرد کا عضو تناسل ہے اگر حاملہ ہے تو لڑکا جنے گی لیکن زندہ نہ رہے گا اور اگر حاملہ نہیں ہے تو اس کا لڑکا مرے گا اور اگر عورت دیکھے کہ شرمگاہ سے موتی اور مروارید نکلے ہیں دلیل ہے کہ اس کے ہاں عالم اور پارسا فرزند پیدا ہوگا۔

فرجی (ایک قسم کا لباس ہوتا ہے)

فرجی' پیراہن' لباس' حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا پیراہن پاکیزہ ہے دلیل ہے کہ غم سے خوشی اور بزرگی پائے گا اور اگر میلا اور پرانا دیکھے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ ریشم کا پیراہن پہنا ہے دلیل ہے نیک ہوگا اور پارسا لوگوں کے ساتھ ہوگا اور رنگ دار دیبا ہے اور

پراہین سوتی اور ریشمی زیادتی دین پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے عورتوں کا پیراہن پہنا ہے دلیل ہے کہ اس کو ملامت پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ اس میں کسی کے ساتھ جماع کیا ہے دلیل ہے کہ اس سے کہ جس سے جماع کیا ہے اس کی مراد پوری ہو گی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے سرخ پیراہن پہنا ہے تو دینداری اور امانت اور پارسائی پر دلیل ہے اور اگر سیاہ ہے تو عالم کے لئے خیر و منفعت ہے اور جاہل کے لئے اچھی تاویل نہیں ہے اور اگر زرد پہنے ہوئے ہے یا اس کی بغل میں ہے تو مصیبت اور غم واندوہ پر دلیل ہے۔

فرزند

فرزند'بیٹا'حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے دلیل ہے کہ اس کو خیر اور راحت پہنچے گی اور گھر والوں سے خوش ہو گا اور اگر دیکھے کہ لڑکا پیدا ہوا ہے دلیل ہے کہ لڑکی پیدا ہو گی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکا پیدا ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا لڑکا تھا اور اس کو کوئی لے گیا ہے دلیل ہے کہ صاحب خواب بیمار ہو گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے کسی جگہ سے لڑکا پڑا ہوا پایا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے دلیل ہے کہ نا امید جگہ سے اس کو کوئی چیز ملے گی۔

فرعون

فرعون پہلے زمانے میں شاہِ مصر کا لقب تھا حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ پہلے فرعونوں میں سے یا کوئی پہلا ظالم بادشاہ شہر میں آیا ہے اور اس نے اس شہر میں مقام کیا ہے **دلیل** ہے کہ فرعون ملعون کی خصلت اس **ملک** میں ظاہر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی پہلا نیک بادشاہ شہر میں آیا ہے **دلیل** ہے کہ اس بادشاہ کے عدل کی خصلت اس **ملک** میں ظاہر ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ فرعون نے اس کو بخشش یا خلعت دی ہے **دلیل** ہے کہ اسی قدر ظالم بادشاہ سے مال حاصل کرے گا اور یا کسی بڑے آدمی سے مالِ حرام پائے گا۔

فرمودن (حکم دینا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے دیگ پکانے کا حکم دیا ہے **دلیل** ہے کہ جس کام میں ہے قائم رہے گا اور اگر کوئی کہے کہ دیگ کو پھراتا کہ نہ جلے مطلب یہ ہے کہ احتیاط رکھ اور اگر اس کو کہے کہ روٹی توڑ یعنی بھائیوں کو خوش رکھ' اور اگر کوئی گیہوں بیچنے کو کہے یعنی روٹی مانگتا ہے اور اگر کہے کہ کمر کو باندھ یعنی کام سے فائدہ اٹھا' اور اگر توقف کرنے کو کہیں یعنی دشمن پر فتح پائے گا' اور اگر کہے کہ آگ میں نہ جاؤ یعنی مال کی حفاظت کرتا کہ فقیر نہ ہو جائے اور اگر چراغ روشن کرنے کو کہے یعنی مال خرچ کر اگر کہے کہ بستر بچھا یعنی طلب کر اور اگر کہیں کہ بیج کو بویا کر یعنی خلق خدا سے نیکی کر اور اگر کوئی کہے کہ غسل کر یعنی توبہ کر اور حق تعالیٰ کی طرف رجوع کر اور اگر کوئی کہے کہ کچھ کھاؤ یعنی حلال کا

لقمہ کھاؤ۔

فرود آمدن (نیچے اترنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ پہاڑ سے یا کسی اور جگہ سے نیچے اترا ہے دلیل ہے کہ اس کی شرف اور بزرگی زائل ہوگی اور اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کے پائے سے نیچے آیا ہے دلیل ہے کہ اس کے دین میں نقصان ہوگا اور خاص کر اگر سیڑھی مٹی کی ہے اور اگر چونے کی ہے تو اس کے مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ پہاڑ سے نیچے اترا ہے اگر بادشاہ کے پاس تھا دلیل ہے کہ اس سے جدا ہوگا اور اس کی عزت اور مرتبے میں نقصان ہوگا اور اگر ٹیلے سے نیچے اترا ہے دلیل ہے کہ اس کی بلندی کے مطابق نعمت میں نقصان ہوگا۔

فروختن (بیچنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو چیز راہِ دین اور شریعت میں زیادہ عزیز ہے اس کا فروخت کرنا برا ہے اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے قرآن مجید فروخت کیا ہے دلیل ہے کہ دین اسلام اس کے نزدیک خوار و ذلیل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے اپنا غلام فروخت کیا ہے دلیل ہے کہ اس کی عزت اور بزرگی عورتوں کی طرف سے ہوگی اور وہ بدنام ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز فروخت کی ہے تو وہ چیز حقیر ہو گی۔

فزونی (زیادتی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خیر و صلاح کی زیادتی ہے تو نیک ہے اور جن چیزوں میں شر و فساد ہے ان کی زیادتی بد ہے۔
حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جسم میں زیادتی دیکھنی اس بات کی دلیل ہے کہ جسم کو نقصان نہیں ہے نیک ہے اور جس قدر زیادتی دیکھے اسی قدر مال و نعمت زیادہ ہو گی اور اگر جسم کی زیادتی سے اس کو نقصان پہنچے تو رنج بیماری اور نقصان پر دلیل ہے۔

فستق (پستہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پستہ خواب میں مال اور نعمت ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مغز پستہ ہے اور اس نے کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت ہو گی اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مغز پستہ ہے دلیل ہے کہ بخیل سے نفع پائے گا۔
حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مغز پستہ دیا ہے تو مال و نعمت پر دلیل ہے۔

فقاع خوردن (جو کی شراب پینا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فقاع کا پینا خیر و

منفعت پر دلیل ہے جو اس کو خادم سے حاصل ہو گی۔

اگر کوئی دیکھے کہ اس نے فقاع پی ہے دلیل ہے کہ خادم سے خیر و منفعت پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے فقاع دی ہے دلیل ہے کہ اس کو فائدہ پہنچائے گا اور اگر فقاع کا کوزہ گرا ہے اور وہ بھی گری ہے دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فقاع کا پینا لوگوں کی خدمت کرنا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے فقاع پی ہے دلیل ہے کہ کسی کمینہ آدمی کی خدمت کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے فقاع پی ہے اور شیریں ہے دلیل ہے کہ منفعت پائے گا اور اگر ترش اور بے مزہ ہے دلیل ہے کہ اس کو نقصان اور ضرر پہنچے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں فقاع کا پینا چار وجہ پر ہے (۱) منفعت (۲) بوسہ (۳) خدمت کرنا (۴) کمینہ شخص۔

فقیہہ

فقیہہ علم فقہ کا عالم' حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ فقیہہ اور فاضل ہوا ہے اور اس کی بات خلقت کے نزدیک پسندیدہ و مقبول ہوئی ہے دلیل ہے کہ شرافت اور بزرگی پائے گا اور اس کا نام ملک میں نیکی کے ساتھ مشہور ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر ان پڑھ آدمی اپنے آپ کو خواب میں فقیہہ دیکھے دلیل ہے کہ وہ سخت گیر سپاہی ہو گا اور اگر اپنے آپ کو پورا عالم دیکھے دلیل ہے کہ قاضی ہو گا۔

فلاخن (گوپھیا)

دلیل ہے کہ عدل اور انصاف کرے گا اور اگر قاضی دیکھے کہ اس نے تولیہ کا کپڑا پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ سچائی پر حکم کرے گا اور اگر مشرک دیکھے تو مسلمان ہوگا اور اگر بد کار دیکھے تو تائب ہوگا اور اگر چور دیکھے تو توبہ کرے گا اور راہِ صلاح پائے گا۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف القاف

قاضی (حاکم شرع)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ قاضی ہوا ہے لوگوں پر حکومت کرتا ہے اور اس کا اہل نہیں ہے دلیل ہے کہ رنج اور بلا میں گرفتار ہوگا اور اس کا مال ہاتھ سے جائے گا اور اگر سفر میں ہے تو اس کوڈاکو ماریں گے اور اس کا مال ضائع ہوگا اور اگر عالم ہے اور دانا ہے تو قاضی بنے گا اور اگر صاحب خواب عالم اور جوان ہے تو سفر سے سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی کسی معلوم قاضی کو خواب میں دیکھے تو عالموں اور بزرگوں کے دین کے مرتبہ کو پہنچے گا اور اگر نا معلوم قاضی کو دیکھے کہ بیٹھا ہوا ہے اور وہ کسی کے ساتھ تنازعہ رکھتا ہے اور اس نے ان کے درمیان حکم کیا ہے جو حکم کیا ہے وہی ہوگا فرمانِ حق تعالیٰ ہے وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ (اور اللہ ان کے درمیان حکم کرے گا اور اس کے حکم کو کوئی روکنے والا نہیں ہے) اور دوسری جگہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ (وہ حق بات کھول دیتا ہے اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ قاضی نے اس پر حکم کیا ہے وہی ہوگا جو اس نے دیکھا ہے اور اگر دیکھے کہ قاضی کے ہاتھ میں ترازو ہے دلیل ہے کہ لوگوں میں سچائی کے ساتھ حکم کرے گا اور اگر دیکھے کہ قاضی نے اس

پر محبت اور شفقت سے نگاہ کی ہے اور مہربانی اور خاطر سے بات کی ہے دلیل ہے کہ اس کو اہل علم میں حرمت اور مرتبہ حاصل نہ ہو گا خوار اور ذلیل ہو گا۔

قافلہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ وہ کسی قافلہ کے ساتھ گھر کو آتا ہے دلیل ہے کہ اس کا رُکا ہوا کام پورا ہو گا اور اپنوں سے دُور ہو گا۔

قالب

قالب' کالبد' ڈھانچہ اور سانچہ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر خواب میں جوتے یا موزے کا قالب دیکھے تو دلیل عورت اور خادم پر ہے جو اس کا کام سنواریں گے اگر دیکھے کہ اس کے پاس قالب ہے دلیل ہے کہ اس کو کوئی خادم ملے گا اور اگر دیکھے کہ قالب ٹوٹا ہے یا جلا ہے دلیل ہے کہ اس کے گھر کا خادم ہلاک ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے قالب ہیں دلیل ہے کہ اس کو خادموں سے خیر و منفعت حاصل ہو گی اور اگر دیکھے کہ خود جوتی بناتا ہے یا موزے سیتا ہے دلیل ہے کہ بہتر ہو گا۔

قالین

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے لئے ایک بڑا قالین بچھایا ہوا ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے تو درازی عمر اور روزی

کی فراخی پر دلیل ہے۔

اگر دیکھے کہ قالین پر بیگانی جگہ پر بیٹھا ہے اور اس جگہ کے مالک کا علم نہیں ہے دلیل ہے کہ دنیا اس پر متغیر ہوگی اور سفر میں مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ چھوٹے اور تنگ قالین پر بیٹھا ہے دلیل ہے کہ اس کی عمر کوتاہ اور روزی تنگ ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ قالین لپیٹ کر کندھے پر رکھے ہوئے ہے دلیل ہے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جائے گا اور اس کی عمر تھوڑی رہی ہے اور جس قدر قالین بڑا ہے اور زیادہ فراخ ہوگا اور اس کی روزی اور معیشت زیادہ اور بہتر ہوگی اور اگر دیکھے کہ چھوٹے قالین پر بیٹھا ہے اور اس کے نیچے فراخ ہوگیا ہے دلیل ہے کہ اس کی روزی فراخ اور کشادہ ہوگی اور اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو عیش اور روزی دشواری سے حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ قالین بچھا ہوا ہے اور اپنے ہاتھ سے لپیٹ کر گھر کے کونے میں رکھا ہے دلیل ہے کہ اپنی دولت اور خود کو تباہ کرے گا۔ اور اگر دیکھے کہ قالین کو اپنی پشت پر رکھ کر لے جا رہا ہے دلیل ہے کہ گناہ بہت کرے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ قالین چھوٹا اور سبز ہے دلیل ہے کہ اس کی روزی تنگ ہوگی لیکن اس کی عمر دراز ہوگی اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز اور پاکیزہ قالین ہے دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی اور اگر دیکھے کہ کسی کے گھر میں قالین ڈالا ہوا ہے دلیل ہے کہ صاحب خانہ کو دولت اور اقبال حاصل ہوگا اور اگر دیکھے کہ نامعلوم گھر میں قالین پڑا ہوا ہے دلیل ہے کہ سفر کرے گا اور مال و نعمت پائے گا۔

قبا (عبا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سوتی قبا پناہ اور سفر میں قوت ہے اگر دیکھے کہ سوتی قبا فراخ پہنے ہوئے ہے دلیل ہے کہ غموں سے نجات پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ ریشم کی قبا پہنے ہوئے ہے یہ اسکے حق میں مکروہ ہے اور اگر اسلحہ کے ساتھ پہنے ہوئے ہے تو کسی بڑے آدمی سے شرف اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ قبا پہن کر لڑائی پر گیا ہے دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سبز قبا پہنی ہے دلیل ہے کہ روشنائی پائے گا اور اگر نیلی ہے تو مصیبت ہے اور اگر سیاہ ہے تو غم واندوہ ہے اور اگر دھاری دار ہے تو اس کا کام انتظام سے ہوگا اور اگر قبا پرانی اور پھٹی ہوئی ہے دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کی قبا عنابی ہے اگر اس قبا کا اہل ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ چمڑے کی قبا سیاہ اور پلید پہنے ہوئے ہے دلیل ہے کہ صاحب خواب مال دار عورت سے شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لومڑی کے پوست کی قبا پہنے ہوئے ہے دلیل ہے کہ پارسا عورت سے شادی کرے گا اور قبا سمور کے چمڑے کی ہے دلیل ہے کہ مالدار عورت سے شادی کرے گا۔

قبالہ (تمسک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس قبالہ یا خط ہے دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر دانائی حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو خط یا قبالہ دیا ہے دلیل ہے کہ اس کو کسی ولایت کا حاکم کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو قاضی نے قبالہ دیا ہے دلیل ہے کہ اس کو شریعت کا علم

قبہ گنبد اس کا بیان حرف کاف میں آئے گا۔

قدح (پیالہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ پیالہ شربت گلاب سے بھرا ہوا ہے اور اس میں سے پیا ہے **دلیل** ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا اور اس کے ہاں ایک فرزند صالح اور پارسا پیدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے پانی گرایا اور پیالہ باقی رہا ہے **دلیل** ہے کہ فرزند مرے گا اور عورت سلامت رہے گی اور اگر دیکھے کہ پیالہ ٹوٹا اور پانی گرا ہے **دلیل** ہے کہ فرزند اور عورت دونوں مریں گے اور اگر دیکھے کہ پیالہ ہے اور اس میں سے پانی پیا ہے تو **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں فرزند بدکردار پیدا ہوگا اور اس کو اس سے تکلیف ہوگی اور اگر خواب میں خالی پیالہ دیکھے تو **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں فرزند نہ ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پیالہ کا دیکھنا تین وجہ پر ہے (۱) عورت (۲) کنیز (۳) خادم کہ جس کی ضرورتیں گھر میں مشترک ہیں۔

قدید (خشک کیا ہوا گوشت)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خشک کیا ہوا اگر بکری کا گوشت ہے تو غنیمت پر **دلیل** ہے اور اگر گھوڑے کا گوشت ہے **دلیل** ہے کہ سپاہی لوگوں سے غنیمت حاصل کرے گا اور اگر جنگلی چوپایوں کا گوشت ہے تو بیابانی آدمی سے غنیمت حاصل کرے گا اور خشک کیے ہوئے گوشت کے کھانے میں بہتری نہیں ہے۔

قرآن خواندن (قرآن مجید پڑھنا)

قرآن مجید پڑھنا خواب میں حاکم پر دلیل ہے کہ اگر خواب میں آیت رحمت اور بشارت حق کی طرف سے ہےتو واجب ہے کہ خیرات کرے اور شکر حق بجالائے اور اگر دیکھے کہ آیت عذاب پڑھی ہے تو حق تعالیٰ کے غصے اور غضب پر دلیل ہے توبہ کرے اور حق تعالیٰ کی طرف رجوع کرے اور اگر دیکھے کہ قصص اور امثال میں سے آیت پڑھی ہے دلیل ہے کہ گناہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ آدھا قرآن مجید پڑھا ہے دلیل ہے کہ اس کی آدھی عمر گزری ہوگی اور اگر دیکھے کہ حافظ قرآن ہوا ہے دلیل ہے کہ امانت کو نگاہ رکھے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے قرآن مجید کی آواز سنی ہے دلیل ہے کہ اس کا کام راہِ دین میں نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی اسکا قرآن مجید پڑھتا ہے اور وہ اس میں سے کوئی کچھ نہیں سمجھا ہے دلیل ہے کہ اسکے دل کو غم واندوہ لاحق ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ پورا قرآن مجید ختم کیا ہے دلیل ہے کہ مراد کو پائے گا اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی عمر آخر کو پہنچی ہے اور اگر دیکھے کہ قرآن مجید کو بلند آواز سے پڑھتا ہے دلیل ہے۔ کہ اس کا کام بلند ہوگا اور لوگوں میں مشہور ہوگا' اور اگر دیکھے کہ جو آیت پڑھی ہے اس کو یاد ہے دلیل ہے کہ اس آیت کی تفسیر اس کی تعبیر ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قرآن مجید کا ۱/۴ پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا' اور اگر دیکھے کہ سورۂ اعراف سے سورۂ مریم تک پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب خلقت کے درمیان مشہور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سورۂ مریم سے سورہ الناس تک قرآن مجید پڑھا ہے۔ تو اس کی تمام مرادیں پوری ہوں گی‘ اور اگر دیکھے کہ قرآن مجید کا پورا پارہ پڑھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ سال اور ماہ اس پر مبارک ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے قرآن مجید کے سات پارے پڑھے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا۔

اور اگر کوئی قرآن خواں نہیں ہے اور خواب میں دیکھے کہ قرآن مجید پڑھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسکی موت قریب آئی ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ **اِقْـرَاءْ کِتَابَکَ کَفٰی بِنَفْسِکَ الْیَوْمَ عَلَیْکَ حَسِیْبًا** (اپنی کتاب پڑھ آج تو ہی اپنی جان کے حساب لینے کیلئے کافی ہے۔)

اور اگر دیکھے کہ برہنہ ہے اور قرآن مجید پڑھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خواہش مند ہوگا اور اگر پاک اور ناپاک جگہ پڑھتا پھرتا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے اعتقاد میں خلل ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قرآن مجید کا پڑھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) آفت سے سلامتی پانا۔ (۲) درویشی کے بعد دولت۔ (۳) دلِ کی مراد پانا۔ (۴) بیداری اور پرہیزگاری فرمانا۔ ایسے لوگوں کو جو گناہگار ہیں اور ان کے لئے عذاب اور سزاء کی قیامت کے دنِ حجت کا قائم ہونا۔

قربان کردن (قربانی کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اونٹ یا گائے یا بکری کی قربانی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا اور اگر رنج وبلا اور زحمت میں گرفتار ہے تو شفاء پائے گا اور اگر بند میں ہے تو خلاصی پائے گا۔ اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔ خوف ہے تو امن میں ہوگا۔ قرض دار ہے تو قرض اس کا ادا ہوگا۔ اگر حج نہیں کیا ہے تو حج کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لوگ جنگل میں قربانی کے لئے گئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ وہ لوگ جس چیز سے ڈرتے ہیں امن میں ہوں گے' اور اگر قید میں ہوں گے تو خلاصی پائیں گے' اور اگر قحط اور تنگی ہے تو فراخی سے بدلے گی۔ خاص کر اگر یہ خواب عید قربان کے نزدیک ہے تو اس کی تاویل جلدی ظاہر ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قربانی کا گوشت لوگوں کو تقسیم کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہاں مالدار شخص مرے گا اور اس کا مال تقسیم کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ لوگوں نے گوشت چرایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ پر جھوٹ بولے گا اور خواب میں قربانی بشارت ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ (اور ہم نے اس کو اسحاق نبی کی بشارت دی جو صالحین میں سے تھا اور ہم نے اس کو اور اسحاق کو برکت دی) اور اگر عورت خواب دیکھے تو اس کے صالح فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قربانی کی تاویل چار وجہ پر ہے۔ (۱) خوف' (۲) مراد اور حاجات کا حاصل ہونا' (۳) خیر و برکت' (۴) قحط اور تنگی کا زوال۔

قرابہ (شراب رکھنے کا شیشہ' صراحی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قرابہ یعنی شراب رکھنے کا شیشہ یا صراحی کوئی کھوسٹ بوڑھی عورت ہوتی ہے جس کے پاس مال اور حسب دلِ خواہ چیزیں سپرد کریں اور اگر قرابہ میں پانی یا شربت گلاب یا کوئی اور ایسی چیز ہے جس کا کھانا پینا حلال ہو خواب میں دیکھے تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ کھوسٹ بوڑھی حلال خور ہوگی اور اگر دیکھے قرابہ میں کوئی ایسی چیز تھی جو کہ مستی لانے والی تھی تو **دلیل**

یہ ہے کہ وہ کھوسٹ بوڑھی حرام خور ہوگی۔ حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس قرابہ تھا تو **دلیل** یہ ہے کہ اس کی کسی کھوسٹ بوڑھی سے صحبت و ملاقات ہو جائے گی اور اگر دیکھے کہ قرابہ میں سے کچھ پانی یا شربت گلاس اس نے پیا تو **دلیل** یہ ہے کہ اس کو کسی کھوسٹ بوڑھی سے کوئی خیر او رمنفعت پہنچے گیا ور اگر دیکھے کہ اس نے قرابہ میں سے کوئی ترش چیز لی ہے تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ کوئی غم واندوہ کھائے گا اور خالی قرابہ سے کوئی خیر اور شر نہیں پہنچتا اور اگر دیکھے کہ قرابہ ٹوٹ گیا ہے تو **دلیل** یہ ہے کہ اس کھوسٹ بوڑھی سے جدا ہو جائے۔

قرنفل (لونگ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لونگ نیک ثنا ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے لونگ ہیں اور ہر ایک کو بخشتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس **ملک** کے لوگ اس کی تعریف کریں گے اور اس کا نام نیکی سے مشہور ہوگا' اور اگر دیکھے کہ وہ لونگ کھاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو غم واندوہ اور مصیبت پہنچے گی۔

قز (ریشم)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ریشم اور ابریشم سفید دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس جہان کی نعمت پائے گا اور اگر زرد ہے تو بیماری پر **دلیل** ہے' اور پختہ ریشم کا دیکھنا خام سے بہتر ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کا ریشم یا ابریشم جل گیا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ریشم یا ابریشم سفید ہے اور اس کی **ملک** ہے تو خیر و منفعت حاصل کرے گا' اور اگر سبز ہے تو بہتر ہے' اور سرخ ہے تو مردوں کے لئے بہتر نہیں ہے' اور اگر سیاہ یا نیلا ہے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس ہر ایک رنگ کا ریشم ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو ہر ایک طرح کا سامان ملے گا' اور ریشم مردوں کے لئے دین میں مکروہ ہے اور عورتوں کے لئے دین کی بابت اچھا ہے۔

قسط (کُٹ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے نیچے قسط جلاتا ہے اور اس کا دھواں کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی مدح و ثناء کریں گے اور اس کا نام ملک میں نیکی کے ساتھ مشہور ہوگا' اور اگر دھواں گندہ اور ناگوار ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قسط کھایا ہے۔ تو غمگین ہونے پر دلیل ہے۔

قسمت کردن (بانٹنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی جماعت میں کچھ بانٹتا ہے۔ تو دلیل ہے کہ لوگوں میں انصاف کا لحاظ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا مال خیر و صلاح سے تقسیم کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند ہوں گے اور اپنا مال ان پر تقسیم کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اپنا مال شرارت اور فساد سے تقسیم کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال تباہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی کا مال اس کی رضامندی سے تقسیم کیا ہے۔ دلیل ہے کہ

صلاح اور فساد اس کی طرف رجوع کرے گا۔

قصاب (قصائی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر قصاب نامعلوم ہے تو ملک الموت فرشتہ ہے۔

اگر دیکھے کہ قصاب گھر میں یا کوچے میں آیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہاں کوئی مرے گا' اور اگر دیکھے کہ وہ قصاب ہے حالانکہ یہ اس کا پیشہ نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو مارے گا' اور اگر دیکھے کہ قصاب کے ہمراہ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت کسی ظالم شخص سے ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قصابی کرتا ہے۔ حالانکہ وہ قصاب نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ اس سے زائل ہوگا اور اگر قصاب دیکھے تو حق پر خون بہائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نامعلوم قصاب اس کے گھر میں آیا ہے یا کوچے میں آیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ ناگہانی موت ظاہر ہوگی۔

قصہ گفتن (قصہ بیان کرنا)

قصہ گفتن کہانی بیان کرنا۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ نامعلوم قصہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ ظالموں کے خوف اور دہشت سے امن میں ہوگا۔ فرمانِ حق تعالٰی ہے۔ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ قَالَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (جب وہ اسکے پاس آیا اور اس پر اپنا قصہ بیان کیا۔ اس نے کہا نہ ڈر۔ تُو نے ظالم قوم سے نجات پائی ہے۔)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں کو قصہ سناتا ہے۔ اگر نیک قصہ ہے تو خیر وصلاح پر **دلیل** ہے اور اگر برا قصہ ہے تو شر وفساد پر **دلیل** ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قصہ بیان کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا' اور اس کی مراد پوری ہوگی اور خواب میں قصہ بیان کرنے والا نیک محض شخص ہے۔

قضیب (شاخ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ قضیب درخت کی شاخ ہے جو خواب میں دیکھتا ہے_ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے تازہ اور باریک شاخ کسی درخت کی دی ہے اور دینے والا معلوم ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اس سے اسی قدر خیر ومنفعت حاصل ہوگی' اور اگر دیکھے کہ شاخ باریک اور خشک ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو کوئی چیز نہ ملے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ترش میوے والے درخت کی شاخ اس کو کسی نے دی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس شخص سے غم واندوہ پہنچے گا' اور اگر شیریں درخت سے ہے۔ **دلیل** ہے کہ خیر اور منفعت حاصل کرے گا۔

قطائف (حلوا)

قطائف ایک قسم کا حلوا ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے شکر اور بادام والا قطائف دیا ہے اور اس نے اس میں سے کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو مال اور نعمت آسانی سے حاصل ہوگا' اور اگر اس میں مغز اخروٹ اور انگور اور چھوہارے کا رس پڑا ہوا ہے تو تھوڑی منفعت حاصل

کسی پر دعویٰ کرے گا اور نقصان اٹھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنی گدی چیری ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے عیال اس سے خیانت کریں گے' اور اگر دیکھے کہ اپنی گدی پر پچھنے لگائے ہیں۔ دلیل ہے کہ کوئی چیز خرید کر قبالہ لکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ پیچھے کو ہو گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ وہ لوگوں سے نفاق برتے گا۔

قفس (پنجرہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس پنجرہ ہے۔ دلیل ہے کہ کسی جگہ گرفتار ہوگا' اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ وہ اپنے عزیزوں میں سے کسی کے ساتھ قید خانے میں جائے گا' اور اگر دیکھے کہ پنجرہ ٹوٹا ہوا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ قید خانہ کی تنگی سے نجات حاصل کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پنجرے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) قید خانہ' (۲) تنگ جگہ' (۳) بردہ فروشی کی سرائے۔

قفل (تالا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تالا دین اور دُنیا کے کاموں کے راست ہونے کی دلیل ہے اگر دیکھے کہ تالا جلدی کھل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر کام کشادہ ہوں گے اور ممکن ہے کہ حج اسلام کرے گا' اور اگر دیکھے کہ تالا کھول نہ سکا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام دیر سے کشادہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی جگہ

پر مضبوط تالا لگایا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنا مال کسی مصلح آدمی کے سپرد کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا تالا کمزور اور ضعیف ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تالا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) کام کا بنانا' (۲) قوت' (۳) دلیل' (۴) منفعت' (۵) عورت' (۶) مصلح شخص پر بھروسہ کرنا۔

قلعہ

قلعہ شاہی محفوظ مکان فارسی زبان میں اس کو دژ کہتے ہیں۔ اس کا بیان حرفِ دال میں ہو چکا ہے۔

قلم

اہل تعبیر نے قلم کی تاویل میں اختلاف کیا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قلم امر حق ہے اور حق تعالیٰ کو قلم اور لوحِ محفوظ کی محتاج نہیں ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ قلم ایک فرشتہ ہے کہ حق تعالیٰ کے فرمان پر کام کرتا ہے۔ اگر کوئی قلم کو اسی صورت پر دیکھے جو اس کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا بادشاہ عاقل سے کام پڑے گا۔ قلم کے بارے میں فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ ن والقلم وما یسطرون (ن! قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں) اگر دیکھے کہ قلم ہاتھ پر لی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فاضل لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ جو قلم اس کے ہاتھ میں ہے اس سے کچھ لکھا ہے دلیل ہے کہ کچھ سیکھے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ (انسان کو وہ کچھ سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا)

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قلم کا دیکھنا پانچ

وجہ پر ہے (۱) امر حق تعالیٰ (۲) فرشتہ (۳) دولت (۴) کاموں کی حقیقت (قلم کو خامہ کہتے ہیں اس کا بیان حرف خا میں گزرا ہے۔

قلیہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو قلیہ پانی سے پکایا گیا ہے۔ وہ بغیر پانی کے قلیے سے بہتر ہے' اور جس قدر قلیہ مزے دار ہو گا اسی قدر منفعت بہتر ہو گی اور اگر قلیہ موٹی گائے کے گوشت کا ہے اور اس نے کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس سال میں خوف اور دہشت سے امن میں ہو گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے لیلے یا بز غالہ کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے **دلیل** ہے کہ تھوڑا مال پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے رنج اور سختی کے ساتھ مال حاصل کرے گا اور اگر اونٹ کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال حاصل کریگا اور اگر مچھلی کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورتوں کی وجہ سے مکر کیساتھ مال کو حاصل کریگا اور اگر صاحب خواب مفسد ہے تو غم و اندوہ پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ ایسے چوپائے کے گوشت کا قلیہ کھایا ہے جس کا کہ گوشت حرام ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال حرام کھائیگا۔

قمع (گرز سے مارنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھوٹا گرز غلام یا کنیز ہے اور بڑا گرز پر کرنے والا ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے چھوٹا گرز خریدا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب چھوٹا غلام یا کنیز چھوٹی خریدے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گرز ٹوٹ گیا ہے یا ضائع ہو گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی ایسے مرد کی صحبت سے جدائی ہو گی جس سے اس کو سہارا تھا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا گرز چاندی کا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی نیک مرد اور نیک رائے سے صحبت ہو گی' اور اگر دیکھے کہ اس کا گرز لوہے کا ہے۔ **دلیل** ہے کہ قوی رائے اور بہادر مرد سے اس کی صحبت ہو گی اور وہ اس سے خیر و منفعت پائے گا۔

قند (کھانڈ)

قند کھانڈ مصری۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے قند کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ایسا کام جلدی میں کرے گا جس سے پشیمان ہو گا اور اگر دیکھے کہ کسی نے قند کا ٹکڑا اس کے منہ میں سے رکھا ہے **دلیل** ہے کہ اس کو بوسہ دے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے قند کسی بوری میں رکھا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ قند بیچتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا' اور قند کا خریدنا اس کے فروخت کرنے سے بہتر ہے۔

قندیل

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جلنے والی قندیل عبادت کی توفیق ہے۔ خاص کر اگر روشن ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں روشن قندیل لٹک رہی ہے۔ **دلیل** ہے کہ پارسا اور صالحہ عورت سے شادی کرے گا اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اطاعت اور عبادت بہت کرے گی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں روشن قندیل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) شادی کرنا' (۲) توفیق عبادت' (۳) بستہ کاموں کی

کشائش، (۴) اور بے جلی قندیل خواب میں تھوڑی منفعت ہے۔

قنوت (ایک دُعا ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دُعائے قنوت پڑھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ لوگ اس کی مدح وثنا کریں گے اور اس کی مراد پوری ہوگی۔

اور اگر مصلح اور پارسا شخص خواب میں پڑھے **دلیل** ہے کہ اس کی سب مرادیں پوری ہوں گی، اور اگر صاحب خواب مفسد ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بزرگ یا رئیس کے ذریعہ سے اس کے دنیاوی کام برآئیں۔

قنینہ (بوتل)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل خادم ہے کہ جس کے سپرد گھر کی چابی ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس بوتل ہے اور اس میں پانی یا گلاب یا ایسی چیز ہے کہ جس کا کھانا حلال ہے اور اس نے کھائی ہے **دلیل** ہے کہ اس کو خادم سے کوئی چیز حاصل ہوگی، اور اگر دیکھے کہ بوتل ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے_ **دلیل** ہے کہ اس کا خادم بھاگے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوتل خادم ہے کہ جس کے ہاتھ میں گھر کی سب چیزیں ہوتی ہیں۔

قیامت

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ

قیامت ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں حق تعالیٰ کی طرف سے انصاف ہوگا' اور اگر اس ملک کے لوگ ظالم ہیں۔ دلیل ہے کہ آفت اور بلا میں مبتلا ہوں گے' اور اگر اہل ملک مظلوم ہیں۔ تو دلیل ہے کہ حق تعالیٰ ان کی مدد کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس ملک کے لوگ حق تعالیٰ کے آگے کھڑے ہیں تو حق تعالیٰ کے عذاب پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ قیامت قائم ہے۔ اگر مظلوم ہے تو ظالم پر قابو پائے گا اور غم سے نجات ہوگی' اور اگر دیکھے کہ کوئی علامت ظاہر ہوئی ہے جیسے کہ آفتاب مغرب سے نکلا ہے یا دجال یا یاجوج و ماجوج ظاہر ہوئے ہیں۔ چاہئے کہ توبہ کرے اور حق تعالیٰ کی طرف رجوع کرے۔

اور اگر دیکھے کہ قبریں پھٹی ہوئی ہیں اور لوگ نکلے ہیں۔ دلیل ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کو اٹھایا گیا ہے۔ چاہئے کہ گناہ سے توبہ کرے اور حق تعالیٰ کی رضا ڈھونڈے' اور اگر دیکھے کہ شمار گاہ میں ہے تو غفلت پر دلیل ہے فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ (لوگوں کا حساب قریب ہو گیا ہے اور وہ غفلت میں منہ پھیر کر پھرتے ہیں۔)

اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ شمار و حساب ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيْدًا وَّ عَذَّبْنَاهَا عَذَابًا نُّكْرًا (ہم اس کا سخت حساب لیں گے اور اس کو برا عذاب دیں گے۔)

اور اگر دیکھے کہ اعمال تلے ہیں اور اس کی نیکیاں غالب ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا انجام نیک ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (جن کی نیکیاں بھاری ہیں۔ وہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔)

اور اگر دیکھے کہ اس کی بدی نیکی سے زیادہ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا انجام بد ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

کاچی

کاچی ایک قسم کا کھانا ہے۔حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے روغن کنجد اور روغن بادام کے ساتھ کاچی کھائی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر خیر ومنفعت حاصل ہوگی‘ اور اگر دیکھے کہ روغن اور شہد کے ساتھ کھائی ہے۔دلیل ہے کہ اسی قدر راحت پائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ روغن اور دہی کے ساتھ کھائی ہے۔دلیل ہے کہ کسی سے اس کو تھوڑی منفعت حاصل ہوگی‘ اور اگر دیکھے کہ ترش چیز کے ساتھ کھائی ہے تو غم واندوہ اور اندیشے پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے شیریں چیز کے ساتھ کاچی کھائی ہے۔دلیل ہے کہ اس کو آسانی سے مال ملے گا‘ اور اگر دیکھے کہ ترش چیز کے ساتھ کھائی ہے تو ترشی کے مطابق غم واندوہ پر دلیل ہے۔

کارد (چھری)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری فرزند ہے اور چھری کا غلاف عورت ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ چھری اس کے ہاتھ میں ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ چھری کے ساتھ اور ہتھیار بھی ہیں تو بزرگی اور مرتبے پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وہ ہتھیار باندھے ہوئے ہیں اور ہاتھ میں چھری ہے دلیل ہے کہ اسی کو کسی سے پناہ اور قوت ہوگی‘ اور بعض کہتے ہیں کہ غلام چھری بنانا سیکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ چھری میان سے باہر نکالی ہے۔دلیل ہے کہ اسکی عورت کے ہاں لڑکا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ چھری میان میں ٹوٹ گئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا باپ یا اس کے باپ کے خویشوں میں سے کوئی مرے گا اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم کو چھری سے زخمی کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جسم کے زخم کے مطابق اس کو نقصان پہنچے گا۔

اگر دیکھے کہ چھری سے کوئی چیز تراشی ہے۔ **دلیل** ہے کہ خیر و منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ چھری میں رخنہ پڑا ہے یا زنگار لگا ہے یا اور کوئی عیب ظاہر ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھری کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ (۱) **دلیل**' (۲) فرزند' (۳) فتح' (۴) پناہ' (۵) برادر' (۶) توانائی' (۷) ولایت۔

کارزار کردن (لڑائی لڑنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنگ کرنا مرض طاعون ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لڑائی کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مرض طاعون کا خوف ہے' اور اگر لڑائی میں دشمن کو مغلوب کیا تو **دلیل** ہے کہ مرض سے نجات پائے گا' اور اگر لڑائی میں دشمن اس پر غالب آ گیا۔ **دلیل** ہے کہ مرض طاعون میں ہلاک ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ میدان میں کسی کے ساتھ تلوار سے لڑتا ہے اور ایک نے ان میں سے فرصت پائی تو خصومت پر **دلیل** ہے اور جس نے کہ فرصت پائی ہے اس کو دوسرے پر فتح کی **دلیل** ہے' اور اگر وہ نیزے سے لڑتا ہے۔ تو بھی یہی تاویل ہے' اور اگر تیر و کمان کے ساتھ لڑتا ہے۔

دلیل ہے کہ ان میں زبانی گفتگو ہو گی۔

گازری کردن (دھوبی کا کام کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دھوبی کا کام کرتا ہے۔ حالانکہ دھوبی نہیں ہے۔ تو توبہ پر دلیل ہے اور خیرات کی توفیق پائے گا۔ کیونکہ کپڑے کی میل تاویل میں غم واندیشہ ہے اور دھوبی میل کو دُور کرنے والا ہے لہٰذا خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کی دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کپڑا دھوتے وقت پھٹ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ توڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے پھٹا ہوا کپڑا اسیا ہے۔ دلیل ہے کہ پھر توبہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ کپڑا دھونے سے سفید ہو گیا ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کے ذریعے خلاصی اور نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کپڑا دھویا ہے اور سفید نہیں ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ ہمیشہ گناہ میں رہے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دھوبی خواب میں ایسا شخص ہے کہ جس کے ہاتھ سے خیرات اور حسنات دونوں گناہوں کے کفارے کے لئے ہوتی ہیں۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھوبی ایسا شخص ہے کہ جو لوگوں کے دلوں سے اندوہ اور غم کو دُور کرتا ہے۔ اسی وجہ سے اہل تعبیر نے بیان کیا ہے' اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کپڑا دھوتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا اور گناہوں سے توبہ کرے گا۔ خاص کر اگر دیکھے کہ کپڑا سفید ہو گیا ہے اور میل نہیں رہی ہے۔

اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ قافلہ کے ساتھ گھر میں آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس پر کام کشادہ ہوں گے' اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے کام رُک جائیں گے۔

کاریز (کھال یا نالی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں کسی معلوم جگہ پر پانی کی نالی دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اپنوں کے ساتھ مکر اور حیلہ کرے گا' یہ تاویل اس وقت ہے کہ جب کاریز کھودتے وقت پانی نہ نکلے' اور اگر پانی نکل آئے اور جاری ہو جائے تو مقرر کاریز کھودنے کا حکم نگاہ رکھے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کاریز سے پانی لیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکر و حیلہ سے مال جمع کرے گا۔ خاص کر اگر کاریز کھودی ہے تو جس قدر پانی لے گا اسی قدر منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کاریز سے پانی لے کر گھڑے یا مٹکے میں ڈالتا ہے۔ تو ایسے مال پر **دلیل** ہے کہ جس کو خرچ کرے گا اور اگر دیکھے کہ کاریز میں گرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکر و حیلہ میں پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ باغ کو کاریز سے پانی دیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنی عورت سے جماع کرے گا' اور خواب میں کاریز دیکھنا ایسے مرد کو دیکھنا ہے جو دُنیا کے کام مکر اور حیلے کے ساتھ کرتا ہے۔

کاسہ (پیالہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لکڑی کا پیالہ جب اس میں کوئی کھانے کی چیز ہے اور اس نے کھائی ہے۔ اسی قدر سفر سے حلال کی روزی پائے گا' اور ٹھیکری کا پیالہ خواب میں روزی ہے' اور خالی پیالہ عاجزی اور فرو ماندگی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کھانے کا پیالہ برکت اور منفعت والا خادم ہے کہ جس کے ہاتھ پر خیرات ہوتی ہے اور صلاح کے وقت مال کی تقسیم کرتا ہے۔

اور سونے اور چاندی کا پیالہ کہ جس میں کھانے کی چیز ہے حرام کی روزی ہے' اور کاسہ سکہ اور قلعی کا تھوڑی روزی مشتبہ ہے اور بلور کا پیالہ اسی پر **دلیل** ہے اور خالی پیالہ مفلسی پر **دلیل** ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے پیالہ میں خوش ذائقہ اور شیریں چیز رکھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ نعمت اور مال پائے گا' اور اگر ناخوش اور ترش چیز دیکھے تو غم واندیشہ پر **دلیل** ہے۔

کاغذ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاغذ مال اور بزرگی ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید اور پاکیزہ کاغذ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا کاغذ پانی میں گلا ہے یا آگ میں جلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کی بزرگی اور مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاغذ علم اور دانش ہے۔ اگر صاحب خواب پارسا ہے اور دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے کاغذ ہیں۔ دلیل ہے کہ فضل اور علم میں شہرت پائے گا' اور اگر صاحب خواب مفسد اور جاہل ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاغذ کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) بزرگی' (۳) دولت' (۴) مکر اور حیلہ۔

کافور

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کافور نفس پاک اور راستی اور راہِ حق پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ کافور جلاتا ہے اور اس سے بری بُو آتی ہے۔ دلیل ہے کہ نیکی کرے گا اور اس پر احسان دھرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس تھوڑا کافور ہے۔ دلیل ہے کہ خوشی کی بشارت پائے گا' اور اگر اس نے خواب میں بہت سا کافور پایا ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال اور نفع پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کافور کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ (۱) مرد عالم' (۲) عورت' (۳) دوست' (۴) خوبصورت کنیز' (۵) بہت سا مال و دولت' (۶) تعریف اور شاباش اور اچھی باتیں' (۷) نفس کا مطیع اور تابعدار رہنا۔

کافور سپرغم

کافور سپرغم ایک پودا ہے کہ اس کا شگوفہ اور پھول زرد ہوتا ہے اور اس سے کافور کی خوشبو آتی ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کافور سپرغم اس کی زمین میں اگا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مدح وثناء سب لوگوں کی زبان پر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کافور سپرغم اس نے ایک جگہ سے اکھاڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس جگہ سے اس کی تعریف منقطع ہو جائے گی' اور اگر دیکھے کہ اس نے کھائی ہے تو غم و اندوہ پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اپنے وقت پر کافور سپرغم کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔(۱) ثناء اور شاباش'(۲) تھوڑا نفع'(۳) پاکیزہ بات سننا اور بیان کرنا۔

کافر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کافر ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا ملت کفر کی طرف میلان ہے۔

اور اگر دیکھے کہ گبر آگ اور ہوا کو پوجتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ کا گناہگار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ آگ میں نور اور شعاع ہے۔ **دلیل** ہے کہ مالِ حرام تلاش کرے گا اور اپنا دین حرام مال کے عوض فروخت کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کافر دیکھنا تین وجہ پر ہے۔(۱) کفر کی طرف رغبت'(۲) لوگوں سے صحبت رکھنا۔(۳) بداعتقادوں سے بیٹھک رکھنا اس پر حق تعالیٰ سے رسوائی۔

کام (تالو)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا تالو اور اندر سے منہ اس قدر دراز ہے کہ گلا اس کی درازی سے بند ہو گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دُنیا پر حریص ہوگا اور لوگوں کی غیبت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا تالو نیچے

کے لب تک آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے کام رُک جائیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا تالو دراز ہے اور اس کو کاٹ کر گرایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حرص اور لالچ کو ترک کرے گا' اور لوگوں کی غیبت نہ کرے گا۔

کامہ (ترش پانی کانجی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب طرح کے ترش پانی غم ومصیبت پر **دلیل** ہیں' اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کانجی پی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اسی قدر رنج واندوہ پہنچے گا' اور اگر کسی کو کانجی دی ہے اور اس نے پی ہے۔تو **دلیل** ہے کہ وہ شخص اس سے رنجیدہ ہوگا' اور اس کا غم واندوہ کمتر ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کانجی پینا تین وجہ پر ہے۔(۱) غم واندوہ' (۲) نقصان' (۳) جھگڑا اور گفتگو۔

کاہ (بھوسہ گھاس پھوس)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بھوسہ خواب میں بہت سا مال اور نعمت ہے۔خاص کر اگر گیہوں کا بھوسہ ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا گھاس ہے اور گھر میں لئے جاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حلال کا مال اور نعمت بہت حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ جو کی بھوسی ہے تو گذشتہ مفاد کم حاصل ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ گھاس رکھنے کی

جگہ میں گیا اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے دلیل ہے کہ مالدار ہوگا اور دونوں جہان کی مراد پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ آگ گھاس کے ڈھیر میں لگ گئی ہے اور وہ گھاس جل گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر تاوان ڈالے گا اور اس سے مال لے گا' اور اگر دیکھے کہ چوپائے اس کے گھاس کھاتے ہیں۔ دلیل ہے کہ کوشش سے اپنا مال ضائع کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گھاس دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) مالِ حلال' (۲) کسب معیشت' (۳) دل کی مراد اور خوشی۔

کاہو

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ شیریں کاہو اسکے موسم پر کھاتا ہے تو غم و اندیشہ پر دلیل ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کاہو تلخ ہے۔ تو نقصان اور ضرر پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ کاہو تلخ اور عمدہ نہ تھا۔ دلیل ہے کہ کسی سے گفتگو کریگا۔

گاورس (باجرہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ باجرہ کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال اور مراد پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا باجرہ ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال رنج سے حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے باجرہ بیچا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس باجرہ ہے۔ دلیل ہے کہ تھوڑا مال اور تھوڑی خیر و منفعت پائے گا۔

گاؤ(بیل' گائے)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بیل پر بیٹھا ہے اور بیل اس کی ملک ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے کام ملے گا' اور اس سے بہت نفع پائے گا۔ خاص کر اگر بیل سیاہ ہے' اور اگر بیل زرد ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیمار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ بیل اس کے گھر سے نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ خیر اور روزی کا دروازہ کھولے گا' لیکن اس کا اندوہ پیچھا نہ چھوڑے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے بیل ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کے زیر دست بہت سے غلام ہیں اور وہ ان کے کام میں کوشش کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بیل نے اس کے سینگ مارا ہے اور اس کو گھر کے باہر لے گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو غلاموں سے نقصان پہنچے گا اور وہ اپنے آپ کو معزول کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے بیل کے تین سر ہیں اور ہر ایک سر پر ایک سینگ ہے۔ **دلیل** ہے کہ ہر ایک سینگ کے عوض میں اس کا غلام ایک سال کام کرے گا' اور اگر اس کے جسم پر اعضاء میں سے ایک عضو زیادہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام بڑھے گا اور اگر نقصان دیکھے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیل کام ہے اور اس کا چمڑا کام کرنے والے کی میراث ہے' اور بیل کی دُم اور خرید و فروخت بھی حاصل ہے' اور اگر دیکھے کہ بیل کی دُم گھر میں آئی ہے۔ **دلیل** ہے بہت مال پائے گا اور اس کی روزی فراخ ہوگی' اور اگر اپنے کوچے میں بہت سے بیل دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ سردار ہوگا اور اس کے کام میں خیر و برکت ظاہر ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے سینگ مارا ہے اور گرا دیا ہے۔ اگر صاحب خواب عامل ہے تو معزول ہوگا' اور اگر سوداگر ہے تو نقصان پر **دلیل** ہے' اور اگر

خریدا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سال میں مالدار عورت سے شادی کرے گا' اور اگر دیکھے کہ گائے کا دودھ نکالا ہے اور پیا ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سے مال کو جمع کرے گا اور اس میں خود نہ کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گائے اس سے باتیں کرتی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس پر عیش فراخ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ گائے اس کے پاس آئی ہے۔ دلیل ہے کہ سال اس پر مبارک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گائے نے اس سے منہ پھیرا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ سال اس پر برا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ گائے پر سوار تھا اور گر پڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال متغیر ہوگا' اور اگر دیکھے کہ گائے کے ساتھ جنگ کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ ملک میں کسی عورت کے ساتھ جنگ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس زمین میں گائے لوٹ رہی تھی۔ دلیل ہے کہ اس سال میں مال اور نعمت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ گائے نے کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا عیال اس سے خیانت کرے گا اور اگر دیکھے کہ گائے اچانک اس کے گھر میں آئی ہے۔ دلیل ہے کہ اچانک مال پائے گا اور بے غم ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب میں گائے کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) حکومت' (۲) مال' (۳) بزرگی' (۴) ریاست' (۵) نیکی' (۶) نیک سال۔

گاو دشتی (جنگلی بیل)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جنگلی بیل مرد

پر دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا اور بے وقت دیکھنا برا ہے۔ اور اگر پژمردہ دیکھے تو اس کا فرزند بیمار ہوگا اور اگر فرزند نہیں ہے تو وہ خود غمگین ہوگا۔

گاؤزبان (ایک دوائی ہے)

گاؤزبان ایک دوائی ہے اور اس کے پتے کھردرے ہوتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گاؤزبان کا کھانا جنگ اور جھگڑا ہے اور اس کے کھانے اور دیکھنے میں بھلائی نہیں ہے۔

گوشت پختہ (پکا ہوا گوشت)

حضرت ابن ▪ین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہوا گوشت کباب سے بہتر ہے۔ اگر دیکھے کہ ▪ی کے گوشت کے کباب کھائے ہیں۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی جنگلی چوپائے کے گوشت کے ▪ب کھائے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت بزرگوں سے حاصل ہوگی۔

▪ت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گوشت کے کباب اور بھنا ہوا گوشت منفعت پر دلیل ہے۔

کبر (ایک پودا ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کبر جمع کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ غم ناک ہوگا۔ خاص کر اگر وقت پر ہے' اور اگر دیکھے کہ کبر کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ زیادہ سخت ہوگا' اور کبر کے کھانے میں کسی طرح کا

نفع نہیں ہے۔

گبر شدن (آتش پرست ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ آتش پرست ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ آخرت کو چھوڑ کر دُنیا کا طالب ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر دیکھے کہ آتش پرست ہوا ہے اور آتش کدہ میں جگہ لی ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب اہل بدعت اور بد دینوں کی صحبت میں رہے گا اور خواہشات نفسانی اور اہل فساد کے تابع ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ آتش پرستی سے پشیمان ہو کر مسلمان ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا اور حق کی طرف رجوع کرے گا اور کارِ خیر میں مشغول ہوگا۔

کبک (چکور)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چکور خوبصورت عورت یا باجمال کنیز ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے چکور کو پکڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے چکور بخشی ہے **دلیل** ہے کہ اس کو خوبصورت عورت کرائیں گے' اور اگر دیکھے کہ چکور کا شکار کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خوبصورت کنیز حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ چکور کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو نیا لباس حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے چکور کا گلا کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کنیز کا کنوار پن توڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نر چکور فرزند ہے اور مادہ چکور

عورت اور نا موافق کنیز ہے' اور اگر خواب میں دیکھے کہ چکور اس کے ساتھ سے اڑی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی کنیز بھاگے گی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چکور کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) لڑکا' (۲) دوست' (۳) پرستار' (۴) دل کا مطلب اور مراد۔

کبوتر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کبوتر عورت یا کنیز ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کبوتر پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اس کے ہاں لڑکی ہو گی' اور ◉ دیکھے کہ اس نے بہت سے کبوتر پکڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ اسی قدر عورتیں کرے گا یا کنیزیں خریدے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کبوتر کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ عورتوں کے مال سے فائدہ پائیگا' اور اگر دیکھے کہ کبوتر کے بچے پکڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ عورتوں سے نفع پائیگا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کبوتر کا بچہ غم واندوہ ہے جو اسکو عورت کیطرف سے پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سے کبوتر ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے بہت فرزند ہوں گے' اور کہتے ہیں کہ اس کو عورتوں کی طرف سے بہت سا مال حاصل ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کبوتر آزاد عورتیں ہیں' اور اگر دیکھے کہ کسی کا کبوتر حیلہ سے پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال مکر اور حیلے سے حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کبوتر ہوا سے اس کے پاس آیا ہے اور اس کا تابعدار رہا ہے۔ دلیل ہے کہ نا معلوم جگہ سے اس کو نفع ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کبوتر کو دانہ دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی عورت کو بات کی تلقین کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بہت سے کبوتر جمع ہوئے ہیں اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہیں تو سرداری اور ریاست پر **دلیل** ہے' اور خواب میں سفید کبوتر دوسروں کی نسبت بہتر ہیں۔

اور اگر عورت خواب میں سبز کبوتر دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ شوہر کرے گی یا اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی اور خواب میں کبوتر بازی بیہودہ کام ہے اور کہتے ہیں کہ خواب میں کبوتر خانہ عورتوں کی جگہ ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کبوتر کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) کنیز' (۳) مال' (۴) غائب کا خط' (۵) ریاست' اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کبوتروں کا خواب میں دیکھنا ہر ایک کبوتر کے عوض بیداری میں ایک درہم پانا ہے۔

کتاب خواندن (کتاب پڑھنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ تفسیر کی کتاب پڑھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ راہِ دین اور زُہد کی طرف مائل ہوگا اور اس پر بستہ کام کشادہ ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ فقہ کی کتاب پڑھتا ہے **دلیل** ہے کہ ناکردنی کاموں سے رکے گا اور اگر دیکھے کہ تواریخ کی کتاب پڑھتا ہے **دلیل** ہے کہ بادشاہ کے نزدیک صاحب رائے ہوگا اور اگر دیکھے کہ اصول کی کتاب پڑھتا ہے **دلیل** ہے کہ ایسے کام میں مشغول ہوگا کہ نفع رنج سے حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ توحید کی کتاب پڑھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ علمائے دین سے مشغول ہوگا اور وہ ایسا کام فرمائیں گے کہ جس سے دین کا فائدہ ہوگا' اور اگر دیکھے

کہ فضائل اور تسبیح اور تہلیل کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی زبان پر خیرو صلاح کی بات جاری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ قصوں کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اولیائے کرام اور انبیائے کرام کی باتوں پر حریص ہوگا' اور اگر دیکھے کہ نجوم کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو جہان کی صلاح حاصل ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ کتاب نحو اور آداب کی پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دُنیا کے کام میں مشغول ہوگا اور لوگ اس کی صفت وثناء کریں گے' اور اگر دیکھے کہ کتاب رسائل پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ شادی کی صلاح میں مشغول ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کتاب طبائع پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ چیزوں کی طلب اور ان کی شناخت میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ شعر کی کتاب پڑھتا ہے۔ اگر غزل اور مدح ہے۔ دلیل ہے کہ ایسے کام میں مشغول ہوگا کہ لوگ اس کو ملامت کریں گے' اور اگر نعت اور توحید پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ تعبیر کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سردار پر کسی بڑی بات سے احسان کرے گا' اور اس سے کچھ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کتاب ہدایہ پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی عمل میں مشغول ہوگا کہ جس سے اس کو لوگ دانا کہیں گے لیکن دین کا فائدہ نہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کتاب مصاحب اور قضاء پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور اس سے منفعت پائے گا اور اگر دیکھے کہ حساب کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ ہمیشہ غمناک رہے گا' اور اگر دیکھے کہ ہنسی اور فساد کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ سب کاموں سے برا کام کرے گا' اور اگر دیکھے کہ ہجو اور عیب کی کتاب پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کی عیب چینی کرے گا' اور ان میں بدنام ہوگا۔

کتان (السی)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں السی مال حلال ہے اور جس قدر کہ دیکھی جائے۔اس کی منفعت روئی سے کم ہے جیسا کہ ہم نے حرفِ جیم میں بیان کیا ہے' اور خواب میں السی کا کپڑا مبارک ہے' اور اگر دیکھے کہ تخم کتان کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ تمام مال حاصل کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں السی دیکھنا تین وجہ پر ہے۔(۱) مالِ حلال' (۲) منفعت' (۳) شرارت۔

کتف (کندھا)

کتف کندھا۔خواب میں تحمل اور مرد کا جمال ہے۔حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس کا کندھا دُرست ہے تو مال اور جمال کی زیادتی پر دلیل ہے' اور اگر کندھا شکستہ اور کمزور دیکھے تو اس کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر کندھے کو قوی اور دُرست دیکھے تو امانت گزارے گا۔ورنہ اگر اس کے خلاف دیکھے تو بددیانتی کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے کندھے پر بہت سے بال ہیں۔دلیل ہے کہ امانت اور لوگوں کا حق اس کے ذمے ہوگا' اور اگر کندھے کو بالوں سے صاف دیکھے۔دلیل ہے کہ امانت گزارے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کے کندھے پر بال نہیں ہیں تو نامعلوم جگہ سے مال حاصل کرے گا۔

کتیرا (ایک گوند ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ کتیرا اس کے پاس ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مرد بخیل سے مال اس کو بچا کھچا ملے گا' اور اگر خواب میں دیکھے کہ کتیرا کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مال کھائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کتیرا تین وجہ پر ہے۔ (۱) لوگوں کے مال کا بچا کھچا' (۲) تھوڑا نفع' (۳) ایسا کام ہوگا کہ جس سے صاحب خواب کو تھوڑا نفع پہنچے گا۔

گچ (چونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چونا جنگ اور خصومت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے چونا دیا ہے۔ دلیل ہے کہ لڑائی اور جھگڑے میں پڑے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو چونا دیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چونا سختی ہے اور جس بنیاد کو چونے سے درست دیکھے۔ سب بد ہیں۔ کیونکہ چونا آگ سے پکایا جاتا ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے چونا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مرنے کا خوف ہے۔

کحال (سرمہ فروش)

خواب میں سرمہ فروش کو دیکھنا گذشتہ کاموں کی صلاح پر دلیل ہے اور بھولے ہوؤں کے کاموں میں راہنما ہے۔ اگر دیکھے کہ سرمہ بیچتا ہے اور اس کی دوا آنکھوں کے لئے مفید ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو راہِ صلاح کی طرف بلائے گا اور لوگوں کو

اس سے نفع حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کحال کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ متفرق دوستوں کو جمع کرے گا اور لوگوں میں صلاح کی جستجو کرے گا' اور اگر اس کی دواء نافع نہیں ہے تو اس کی تاویل پہلے خواب کے خلاف ہے۔

گدائی کردن (بھیک مانگنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ وہ بھیک مانگتا ہے اور کچھ طلب کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو خیر و منفعت بہت ہوگی' اور ہر ایک کے ساتھ مزے سے زندگی بسر کرے گا' لیکن لوگ اس کو ملامت کریں گے اور اگر دیکھے کہ لوگوں کے دروازوں سے بھیک مانگتا ہے اور اس کو کوئی کچھ نہیں دیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام رُک جائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھیک مانگنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) خیرات' (۲) منفعت' (۳) معیشت' (۴) عزت اور مرتبہ۔

کدو

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کدو کے موسم پر اس کے گھر میں کدو کا درخت ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا' اور اگر بیمار ہے تو شفا پائے گا اور اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا' اور اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا' اور اگر مسلمان دیکھے تو سلامتی کے ساتھ اپنے وطن کو پہنچے گا اور اگر فاسق دیکھے تو توبہ کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کدو ہے۔ **دلیل** ہے کہ پارسا عورت سے منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے

کدو کی بیل جڑ سے اکھاڑی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سردار عورت سے منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے پکایا ہوا کدو کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی اور وہ عبادت کی توفیق پائے گا۔

گر (گرمی دانے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرمی دانے مال اور آرزو ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم پر گرمی دانے ظاہر ہوئے ہیں اور تھوڑی خارش کی ہے اور ان میں پیپ ہے۔ دلیل ہے کہ مال کو رنج اور سختی سے حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گرمی دانے اسکے جسم پر تھے اور سب گر کر نا معلوم ہو گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اسکا جمع کیا ہوا مال ضائع ہوگا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر اسکا جسم نیلا اور سیاہ ہے تو مالِ حرام کے جمع کرنے پر دلیل ہے۔

کرباسو (نیولا)

نیولا خواب میں دیکھنا ایسا مرد ہے جو لوگوں میں فساد اور شور وشر ڈالتا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے نیولا پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی سردار اس کو اپنے نزدیک کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس سے نیولا بھاگ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ مفسد اس کے پاس سے بھاگے گا' اور اگر دیکھے کہ نیولے کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ اس مفسد کا حال تباہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ نیولے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مفسد آدمی سے مالِ حرام کھائے گا۔

گربہ (بلی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلی فسادی چور ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ معلوم بلی اس کے گھر میں آئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ معروف چور اس کے گھر میں آئے گا' اور اگر نامعلوم بلی دیکھے تو نامعلوم چور ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ گھر سے کوئی چیز کھا گئی ہے یا لے گئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ چور اس کے گھر سے کوئی چیز لے جائے گا' اور اگر دیکھے کہ بلی کو مارا ہے۔ **دلیل** ہے کہ چور کو مارے گا اور مغلوب کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے بلی کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اسی قدر چور کا مال حاصل ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ بلی کے ساتھ جنگ کرتا ہے اور بلی نے اس کو خراش لگائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیمار ہوگا' اور اگر بلی کو مغلوب کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیماری سے شفاء پائے گا' اور اگر بلے نے اس کو کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی بیماری دراز ہوگی' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ بلی تاویل میں خادم ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص بلی کو خواب میں صبح سے پہلے دیکھے گا۔ وہ چھ روز تک بیمار رہے گا' اور اگر غلام خواب میں دیکھے کہ اس نے بلی کا دودھ دوھ کر پیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ آزاد ہوگا' اور جس گھر سے وہ آزادی پائے گا کسی عورت سے شادی کرے گا' اور اگر آزاد دیکھے کہ اس نے بلی کا دودھ پیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی کسی سے لڑائی ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بلی سات وجہ پر ہے۔ (۱) چور' (۲) چغل خور' (۳) نوکر' (۴) بیماری' (۵) مہربان عورت' (۶) حاسد' (۷) لڑائی اور جھگڑا۔

کرتہ (چھوٹا کپڑا جس کو قرطق کہتے ہیں)

کرتہ چھوٹا کپڑا کو جس کو عربی میں قرطق کہتے ہیں اور خواب میں اس کا پہننا سفر کی قوت ہے۔ اگر اس کا کرتہ سبز ہے تو کسی مرد سے پناہ اور قوت پائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے سفید کرتہ پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے زرد کرتہ پہنا ہے تو بیماری پر دلیل ہے‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے نیلا کرتہ پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر مصیبت آئے گی۔

اور اگر سرخ ہے تو دُنیا کی عیش وعشرت پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ریشم کا کرتہ پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے شرف اور بزرگی پائے گا‘ لیکن دین میں ضعیف ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ کرتہ جلا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی پناہ اور قوت میں نقصان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرتہ دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) قوت‘ (۲) پناہ‘ (۳) سفر‘ (۴) کاموں کا بندوبست۔

گرد (غبار)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ملک کی چیز پر گرد جمی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال حاصل ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ زمین و آسمان کے درمیان گرد جمع ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ میں کوئی پوشیدہ کام ہوگا کہ اس سے کس طرح باہر آئے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ گرد

آلود ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو رنج اور دُکھ پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ گرد اور خاک اس کی ملکیت کی زمین پر جمی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرد تین وجہ پر ہے۔(۱) مال‘ (۲) بلا اور فتنہ‘ (۳) حق تعالیٰ کا عذاب۔

گردن

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردن کا دیکھنا امانت اور دین کی جگہ ہے‘ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن موٹی ہوئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو امانت ادا کرنے میں قوت اور دین کی حفاظت میں دیانت ہوگی‘ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن کوتاہ تکلوار اور ضعیف ہے۔ **دلیل** ہے کہ امانت گزارنے میں عاجز ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کی گردن میں حلقہ مارا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال کی زکوٰۃ نہیں دیتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ سَیُطَوَّقُوْنَ مَابَخِلُوْا بِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (بخل کے باعث ان کی گردنوں میں قیامت کے دن طوق ڈالا جائے گا۔)

اور اگر اپنی گردن پر گرانی دیکھے۔ حالانکہ اس کی گردن پر کوئی چیز نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیمار ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن پر بوجھ ہے اور اس کو گرانی معلوم نہیں ہوتی ہے۔ تو دُرستی دین اور درازی عمر پر **دلیل** ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن قوی اور موٹی ہوگئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ امانت اچھی طرح گزارے گا اور اس کا کام قوی ہوگا‘ اور اگر اپنی گردن دراز دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ذمے امانت دیر تک رہے گی اور اپنی گواہی دینے سے رُکے گا۔

اور اگر اپنی گردن کوتاہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اپنے ذمے سے امانتیں جلدی دُور کرے گا‘ اور اگر اپنی گردن سیاہ دیکھے تو امانت میں خیانت کرے گا‘ اور اگر اپنی

گردن ٹوٹی ہوئی دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اپنی مراد سے رُکے گا اور اس کے دین میں خلل پڑے گا کیونکہ کوئی امانت دین سے بڑی نہیں ہے' اور اگر اپنی گردن کوتاہ دیکھے **دلیل** ہے کہ امانت میں خیانت کرے گا' اور اگر اپنی گردن پر بال دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ امانت ادا کرنے کے باعث قرض دار ہوگا' اور اگر اپنی گردن سے بالوں کو مونڈے۔ **دلیل** ہے کہ قرض اترے گا' اور اگر گردن سے گوشت کو کٹا ہوا دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کا مال اس کے پاس ہوگا' اور وہ ضائع ہوگا' اور اگر گردن کو کوتاہ دیکھے تو **دلیل** ہے کہ امانت میں خیانت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنی گردن کا گوشت کھاتا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ کسی کی گردن پر بیٹھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردن کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) امانت' (۲) توانائی' (۳) خیانت' (۴) قرض' (۵) بیماری۔

گردن بند (گلوبند)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید مروارید کا گلوبند ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ اس کو اپنا علم کلام عطا فرمائے گا اور جس قدر کہ گلوبند کے موتی روشن تر ہوں گے۔ علم و دانش زیادہ ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کا گلوبند سونے یا چاندی کا ہے اور بیش قیمت موتیوں سے جڑاؤ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر شرف اور بزرگی پائے گا' اور ممکن ہے کہ اس کے ذمہ امانت ہو۔

اور اگر اس کا گلوبند دراز ہوگیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ امانت ادا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا گلوبند کوتاہ ہوگیا ہے **دلیل** ہے کہ امانت میں خیانت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنا گلوبند موتیوں سے جڑاؤ کیا ہے یا جڑاؤ گلوبند اس کی گردن میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ مرتبہ اور ولایت پائے گا' اور اگر اس کا گلوبند دراز ہے۔ **دلیل** ہے کہ مرتبہ پائے گا اور اگر کوتاہ ہو گیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے گلوبند ہیں۔ **دلیل** ہے کہ علم میں بہت کامل ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سنہری گلوبند کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) حج' (۲) ولایت' (۳) لڑائی اور جھگڑا' (۴) امانت' (۵) معالجہ' (۶) کنیز' اور سنہری حج ہے اور چاندی کا گردن بند کنیز ہے۔

گردن زدن (گردن کاٹنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی گردن کاٹی ہے اور اس کا سر جسم سے جدا ہوا ہے۔ اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا۔ بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ اگر قرض دار ہے تو قرض اترے گا' دہشت میں ہے تو امن میں ہوگا' اور اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا' اور اگر گردن کٹتے وقت اس کا سر جسم سے جدا نہیں ہوا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر گردن کاٹنے والا معلوم شخص ہے تو جو چیزیں اوپر بیان ہوئی ہیں۔ گردن کاٹنے والے سے اس کو پہنچیں گی' اور اگر گردن کاٹنے والا بچہ اور نابالغ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اگر بیمار ہے تو مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر گردن کاٹنے والا شخص تندرست اور آزاد اور مالدار ہے۔ **دلیل** ہے کہ نیک بختی سے بدحالی میں پڑے گا اور اس کا مال اور نعمت دُور ہوگی' اور اگر درویش ہے تو اس کے کاموں کا انجام ہلاکت

ہے۔حاصل یہ ہے کہ درویشوں اور محنت کشوں کی خواب میں گردن کٹنی نیک ہے اور مالداروں اور صاحب نعمت کے لئے بد ہے۔

گردہ

گردہ خواب میں پوشیدہ مال ہے جو ملے گا اور اس کو خرچ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس پکے ہوئے اور بھنے ہوئے بہت سے گردے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر چھپایا ہوا مال پائے گا' اور اگر اس کے پاس حلال گوشت والے جانور کا گردہ ہے تو مالِ حلال پانے پر **دلیل** ہے ہے اور اگر حرام گوشت والے جانور کا گردہ ہے تو مالِ حرام پر **دلیل** ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گردہ پانا چھپا ہوا مال ہے اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں گردہ فرزند ہے۔ کیونکہ فرزند کا سرمایہ منی ہے جو وہاں سے نکلتی ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کا گردہ پکا کر کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بیل کا گردہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس میں مال اور نعمت حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بکری کا گردہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس سال میں دشمن سے مال اور نعمت حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کچے گردے کھائے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ مالِ حرام پائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس گردے ہیں اور اس نے نہیں کھائے ہیں۔ تو پہلے کی نسبت کم مفاد ہے۔

گردوں (گاڑی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گاڑی پر بیٹھا ہے اور گاڑی خوب چلتی ہے۔ **دلیل** ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گاڑی بغیر بیلوں کے کھڑی ہے اور وہ گاڑی میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ رنج اور سختی اور بیماری میں پڑے گا' اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو اپنی گاڑیوں میں سے ایک گاڑی دی ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب بادشاہ سے مرتبہ اور بزرگی پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گاڑی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) ولایت' (۲) عزت اور مرتبہ' (۳) بلندی' (۴) بزرگی' (۵) ہیبت' (۵) خوشی' (۷) رفعت' (۸) کاموں میں آسانی۔

گرسنگی (بھوک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھوک پیٹ بھرنے سے بہتر ہے اور پانی کی سیری پیاس سے بہتر ہے اور اگر دیکھے کہ بھوکا ہے اور کوئی چیز کھانے کے لئے اس کے پاس نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو حرص اور لالچ دُنیا کے مال میں کم ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ بھوکا تھا اور کچھ کھا کر پیٹ بھرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا۔

اور اگر جو کچھ کھایا ہے جو شیریں اور مزے دار تھا۔ **دلیل** ہے کہ توبہ پر ثابت قدم ہوگا' اور اگر ترش اور ناخوش کھانا تھا تو توبہ توڑنے اور گناہ پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھوک چار وجہ پر ہے۔ (۱) نقصان' (۲) حرص' (۳) جرم اور گناہ' (۴) لوگوں سے طمع رکھنا۔

کرسی

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرسی کا دیکھنا علم ہے' اور عقل کی رو سے اس طرح ضرور ہے کہ حق تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس طرح فرمایا ہے۔ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (اس کی کرسی آسمانوں اور زمینوں سے وسیع ہے)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ہے۔ کہ کرسی سے مراد علم ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کرسی حق تعالیٰ کی قدرت اور احاطہ ہے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ کرسی کی تاویل یہ ہے کہ کامل اور عاقل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کرسی کی تاویل امام مطیع ہے یا زاہد پرہیز گار باکمال ہے یا بادشاہ عادل پورا دانا ہے۔ جیسا کہ احادیث میں مذکور ہے۔ دلیل ہے کہ اہل دین اور عالموں کے لئے نیک ہے' اور صاحب خواب عادل سلطان سے خیر اور نیکی دیکھے گا اور اس کا مال زیادہ ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کرسی کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) عدل' (۲) انصاف' (۳) عزت و شرف' (۴) مرتبہ' (۵) ولایت' (۶) قدر اور جاہ و مرتبہ۔

اگر کوئی دیکھے کہ آسمان پر کرسی پر بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام بالا ہوگا اور قدر اور مرتبہ اور عزت پائے گا اور سب مرادوں کو پہنچے گا اور لوگوں میں بزرگ اور عزیز اور مکرم ہوگا اور خلقت میں عدل اور انصاف ظاہر کرے گا' اور اگر وہ کرسی کہ جس کو بڑھئی بناتا ہے خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب عورت کرے

کو مارا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر عورت سے میراث پائے گا۔

کرگس (گدھ)

کرگس، گدھ۔ مردار خور جانور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گدھ پرندوں کا سردار ہے اور قوی اور تیز ہے اور پرندوں میں سے دراز عمر ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس گدھ ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بزرگ آدمی سے منفعت اور بزرگی پائے گا اور بادشاہ سے مال اور درخواست حاصل کرے گا، اور اگر اس کے پاس ہڈی یا گدھ کا بھنا ہوا گوشت ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو گدھ نے پکڑا ہے اور ہوا میں آسمان کے نزدیک لے گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دُور کا سفر کرے گا اور بہت سا مال اور نعمت حاصل کرے گا، لیکن اس کے دین میں فساد ہو گا، کیونکہ گدھ کے ساتھ آسمان پر جا کر مرا نہیں ہے۔

اور اگر دیکھے کہ گدھ نے اس کو ہوا سے گرایا ہے یا اس کے نیچے سے خود گرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ شرف اور بزرگی سے گرے گا اور اس کا کام خراب ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھ اس کو آسمان پر لے گیا ہے اور وہ اس جگہ مقیم ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ سفر کو جائے گا، اور وہیں مرے گا، اور اگر پھر واپس زمین پر آیا ہے تو بادشاہ سے بزرگی پائے گا یا بادشاہ کے اہل سے یا اپنے خویشوں سے بزرگی پائے گا۔

اور بغیر پنجے کے گدھ خواب میں فرشتے کا دیکھنا ہے۔ کیونکہ فرشتے حاملین عرش گدھ کی صورت پر ہیں، اور اگر دیکھے کہ گدھ اس کے سر کے اوپر سے شکار کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب سوداگری کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ وہ گدھ کے ساتھ جنگ کرتا ہے اور اس پر غالب آیا ہے۔

اور بعض اہل تعبیر نے فرمایا ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بھیڑیئے کا سر پایا ہے۔ یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر شرف اور بزرگی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ بھیڑیئے نے اس کے گھر میں آ کر نقصان کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے نقصان پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ نقصان نہیں ہوا ہے۔ تو دلیل ہے کہ مہربان بادشاہ سے نفع پائے گا اور بادشاہ اس کا مہمان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بھیڑیا اس کے بستر میں چھپا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ اس کے عیال کے ساتھ فساد کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھیڑیئے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) ظالم بادشاہ' (۲) جھوٹ بولنے والی عورت' (۳) اگر مادہ گرگ ہے تو کمزور دشمن ہے۔

گرمابہ (حمام)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گرمابہ خواب میں غم واندوہ ہے اور اپنے آپ کو دھونا شادی اور خوشی ہے اور نیم گرم پانی نیک ہے اور سخت گرم پانی بد ہے' اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا اور غسل کیا اور اپنے آپ کو خوب دھویا۔ دلیل ہے کہ رنج وفکر سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور غسل نہیں کیا ہے۔ تو عورتوں کی طرف سے اس کے دل کو غم واندوہ لاحق ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حمام میں گیا اور اپنے آپ کو چونا مل کر خوب صاف کیا ہے۔ دلیل ہے کہ خوف سے امن میں ہوگا اور غم سے شاد ہوگا اور بیماری سے شفا پائے گا اور قرض سے سرخرو ہوگا' اور اگر مالدار ہے تو ان فوائد سے محروم رہے گا اور مال میں بھی نقصان ہوگا' اور اگر دیکھے کہ چونا ملا

ہے اور غسل نہیں کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام پورا نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور اپنا ہاتھ منہ اور جسم دھویا ہے اور باہر نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم سے نکلے گا' اور اگر دیکھے کہ کوچہ یا گھر میں حمام ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس مقام میں بے حیا عورت ظاہر ہوگی' اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا ہے اور غسل کا محتاج نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ غمگین اور قرض دار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ حمام میں گیا اور چور اس کا کپڑا لے گیا اور وہ برہنہ رہ گیا۔ **دلیل** ہے کہ کسی کام کے باعث صاحب خواب غمگین اور رُسوا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں حمام کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) غم و اندوہ' (۳) دین' (۴) نابکاری' (۵) دوست' (۶) قرض' اور حمام والا تاویل میں عورت ہے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مکان کا مالک ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ حمام والوں کا کام کرتا ہے۔ اگر مرد ہے تو دولت مند عورت کرے گا اور عورت کے کاموں میں مشغول ہوگا اور اگر عورت ہے تو اسی صفت کا شوہر کرے گا۔

کرمان (کیڑے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پیٹ میں بہت سے کیڑے ہیں اور اس کے پیٹ میں سے کھانا کھاتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ دُوسرے کے عیال کسی دوسرے کے مال سے لانا چاہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لمبے کیڑے اس کے جسم پر پڑے ہیں اور اس کے جسم اور کپڑوں پر بھی بہت سے کیڑے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ مال اور عیال اور دولت بہت سی اس کو حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم سے کیڑوں کو زمین پر گرایا ہے۔ **دلیل**

ہے کہ اپنے عیال کو اپنے سے دُور کرے گا اور ان کی خبر گیری نہ کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم کا بہت سا حصہ کیڑوں نے کھایا ہے_ **دلیل** ہے کہ اس کے عیال اس کا مال کھائیں گے۔

اور اگر دیکھے کہ کیڑوں نے اس کے جسم کو کچھ نقصان پہنچایا ہے۔**دلیل** ہے کہ اس کو کنبے سے نقصان اور ضرر پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے ناک یا کان یا منہ یا پاخانے کے سوراخ سے کیڑے نکلے ہیں۔**دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کا مال یا عیال زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کیڑے اس کے جسم سے نکل کر مر رہے ہیں **دلیل** ہے کہ اس کے عیال ہلاک ہوں گے یا اس سے جدا ہونگے اور اگر دیکھے کہ بہت سے کیڑے اس کے گھر وغیرہ کی چھت سے گرتے ہیں۔**دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کو مال اور نوکر چاکر حاصل ہونگے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کیڑوں کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔(۱) عیال' (۲) نوکر چاکر' (۳) چاہا ہوا مال۔

گرہ افگندن (گرہ ڈالنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ دھاگے پر گرہ ڈالی ہے۔**دلیل** ہے کہ جس کام پر بھروسہ کرتا ہے اس سے دُور ہوگا' اور اگر دیکھے کہ دھاگے کی گرہ پھر کھولی ہے۔**دلیل** ہے کہ اس کام پر وہ بھروسہ نہ کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ خواب میں کوئی چیز مضبوط باندھی ہے اور گرہ لگائی ہے۔**دلیل** ہے کہ ایک مدت تک اس چیز میں رُکا رہے گا' اور اس طرح کہ جلدی سے نہ کھول سکے گا۔خواہ وہ چیز دنیا کے متعلق ہو یا دین کے ساتھ تعلق رکھتی ہو۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرہ کا باندھنا کاموں کی بستگی زیادہ پر دلیل ہے اور جس قدر گرہ زیادہ سخت ہوگی۔ اسی قدر کام کی بستگی زیادہ سخت ہوگی' اور اگر خواب میں یہ دیکھے کہ گرہ کو کھول نہیں سکا ہے دلیل ہے کہ اس کا کام بستہ رہے گا۔

گرو کردن (رہن کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی جگہ رہن ہے یا اپنے جسم کو کسی چیز میں رہن رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے کیئے ہوئے گناہوں سے ڈرتا ہے' اور اگر دیکھے کہ اپنے فرزند اور عیال کسی کے پاس رہن کئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس پر ظلم اور بے انصافی ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو کسی کے پاس رہن رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ مظلوم ہوگا اور ممکن ہے کہ کوئی اس پر ظلم کرے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو رہن رکھا ہے تو فسادِ دین پر دلیل ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ کل نفس بما کسبت رھینہت (ہر ایک جان اپنے کسب میں رہن ہے۔) اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز دنیا کے سامان میں سے کسی کے پاس رہن رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے ساتھ سامان کے بارے میں گفتگو کرے گا اور نقصان پائے گا۔

کروبہ (ایک قسم کا بیج ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کروبہ ہے۔ دلیل ہے کہ غمگین اور فکرمند ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کروبہ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سے جنگ اور جھگڑا کرے گا اور اس کو اندوہ پہنچے گا۔ کیونکہ اس کا مزہ تلخ اور ناخوش ہے۔ تاویل میں غم واندوہ ہے۔

گریختن (بھاگنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھاگنا رہائی ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دشمن سے یا کسی کاٹنے والے جانور سے بھاگا ہے۔ **دلیل** ہے کہ شر اور خوف سے امن میں ہوگا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خواب میں دیکھا تھا کہ آپ فرعون ملعون سے بھاگے ہیں۔ پھر آپ نے فرعون کی شرارت سے نجات پائی اور آخر کار اس پر فتح ہوئی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دُشمن سے چھپ کر بھاگا ہے اور دُشمن نے اس کو دیکھ لیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ فکر مند ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگ بھاگ رہے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی سے تہمت لگے گی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ یَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ (جس دن تو اس کو دیکھے گا تو ہر ایک دودھ پلانے والی اپنے بچوں کو بھول جائے گی۔)

اور اگر دیکھے کہ مرد عورتوں سے بھاگتے ہیں۔ اگر عورتیں مصلح اور پارسا ہیں تو بدی پر **دلیل** ہے اور اگر مفسد ہیں تو نیکی پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بھاگنا شادی ہے۔ بشرطیکہ اس جگہ اگر اندوہ اور مصیبت کی آواز ہو۔

گریستن (رونا)

اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے چہرے پر رونے سے نشان پڑ گئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کو نیک کام کے باعث لوگ طعنے ماریں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں رونا صاحب

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بہرہ پن چار وجہ پر ہے۔ (۱) درویشی' (۲) دین کی تباہی' (۳) غم واندوہ' (۴) کاموں کی بستگی اور نامرادی۔

گرث (شہد کا چھتہ)

گو شہد کا چھتہ۔ خواب میں مرد منافق اور بے خبر ہے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں شہد کا چھتہ روزی حلال ہے۔ جو خلقت کو بغیر احسان کے حاصل ہوتی ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَاَنْزَلْنَا عَلَیْکُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی (اور ہم نے تم پر من اور سلویٰ اتارا ہے۔)

اگر دیکھے کہ چھتے میں بہت سا شہد ہے اور کھایا ہے اور کسی کو نہیں دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو مالِ حلال پہنچے گا اور اس سے خیر دیکھے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس مال سے اس کو خیر اور راحت نہ پہنچے گی۔

کزاکند (ریشمی کپڑا)

کزاکند' کچا ریشم۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ریشم پہنا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور دشمنوں پر غالب آئے گا' اور اگر یہ خواب عورت دیکھے۔ دلیل ہے کہ شوہر کرے گی اور اس سے خیر و منفعت حاصل کرے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ریشم کا نیا کپڑا پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ مالدار اور پارسا عورت کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ سبز پہنا ہے۔ دلیل ہے کہ مصلح اور پارسا عورت کرے گا' اور اگر سرخ پہنا ہے۔ تو عیش پرست عورت سے شادی کرے گا' اور اگر

سیاہ ہے اور صاحب خواب قاضی یا خطیب ہے تو نیکی پر دلیل ہے اور اگر نیا ہے تو وہ عورت گناہگار ہوگی اور اگر پرانا ہے تو وہ عورت پلید اور نابکار ہوگی۔

کژدم (بچھو)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچھو ضعیف دشمن ہے کہ لوگوں کو ستاتا ہے اور اس کے نزدیک دوست اور دشمن برابر ہے۔

اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بچھو نے اس کو کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن اس کو برا کہے گا اور وہ اس سے رنجیدہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے بچھو کو مارا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بچھو کو مارنے کے بعد پھر بچھو زندہ ہو گیا ہے اور اس کو تکلیف دینا چاہتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا' اور پھر دشمن اس کا مقابلہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بچھو ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ مردم آزار ہوگا اور لوگوں کو پیچھے سے برا کہے گا اور لوگوں کو ایک دوسرے سے پھنسا کر فتنہ ڈالے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بچھو کو پکا کر یا بھون کر کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ بچھو کو منہ میں رکھ لیا اور کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن اس کے گھر میں ہے اور اس کے ساتھ نشست و برخاست رکھتا ہے' اور اگر دیکھے کہ بچھو اس کے کپڑے میں ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بچھو سے ڈرا ہے اور اس کو بچھو نے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن سے دکھ پائے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ عورت سے جماع نہ کر سکے گا' اور اگر دیکھے کہ بچھو اس کے پیراہن میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن سے اس کو نقصان پہنچے گا۔

اور اگر خواب دیکھے کہ بچھو اس کی شلوار میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن اس کے

عیال یا اس کی کنیز سے فساد کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچھو کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔(۱) دشمن' (۲) حاسد' (۳) عیب چینی کرنے والا۔

کژدم خوارہ (ایک جانور ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کژدم خوارہ ایک جانور ہے کہ خوزستان میں پانی کے اندر رہتا ہے اور زمین پر دُم گھسیٹتا ہے اور اس کا زخمی فوراً ہلاک ہوتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کژدم خوارہ عقلمند اور بردبار اور عاجز اور بیآرام اور شیریں سخن دُشمن ہے اور وہ دشمنی میں سخت ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کو کژدم خوارہ نے کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس قسم کے دشمن سے جس کا اوپر ذکر ہوا ہے اس کو بلا اور رنج پہنچے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو کژدم خوارہ نے کاٹا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ دُشمن سے امن میں رہے گا' اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز کژدم خوارہ جیسی تھی اور اس سے ڈرا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو دشمن سمجھ کر اندیشہ کرے گا۔ حالانکہ وہ اس کا دُشمن نہ ہوگا۔

گزر (گاجر)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گاجر غم و اندیشہ ہے' اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے گاجر لی ہے اور کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بہت رنج پہنچے گا اور غم کھائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گاجر شیریں ہے تو

تھوڑے غم پر دلیل ہے' اور اگر گاجر گوشت میں پکی ہوئی کھائے۔ تو منفعت پر دلیل ہے جو رنج اور سختی سے حاصل ہوگی۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں گاجر کھانا بیماری ہے اور بھنی ہوئی گاجر کا دیکھنا بھی اچھا نہیں ہے' اور بہتر وہ ہے جو خواب میں گاجر گوشت میں پکی ہوئی ہو۔

گزیدن (کاٹنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی مہر اور محبت اس کے دل میں زیادہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو غصے اور دشمنی سے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اس سے اسی قدر نقصان پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کو گدھے نے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس وہ پہلے کی نسبت خطرے میں ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کو اونٹ نے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو سفر سے نقصان ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اس سال میں نقصان پہنچے گا' اور خواب میں تمام درندوں کا کاٹنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) نقصان' (۲) دشمن' (۳) جھگڑا' (۴) مال اور مرتبہ۔

کشتی گرفتن (کشتی کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کسی سے کشتی کی ہے اور اس کو گرایا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا اور اس پر غالب آئے گا' اور اگر دیکھے کہ خود گرا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر کشتی

میں دونوں قائم رہے ہوں تو دونوں کا حال خیر اور شر میں مساوی ہے' لیکن بظاہر ایک دوسرے سے محبت کریں گے۔

کاسنی (ایک دوائی کا نام ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاسنی کا کھانا غم و اندوہ ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے کاسنی دی ہے اور اس نے کھائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ غمناک ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاسنی کا کھانا غم و اندوہ ہے اور ضرر اور نقصان کا باعث ہے۔

کشت ورز (کسان)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کسانی کا کام خواب میں خدائے تعالیٰ پر توکل اور حلال کی روزی ہے۔ نیکی اور مرد فاضل نیک صورت ہے۔

اور اگر دیکھے کہ تخم بونے کے لئے زمین جوتی ہے۔ **دلیل** ہے کہ خیرات اور صدقات دے گا اور اس فن کے استادان رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کسان کا کام کرتا ہے تو بیماری پر **دلیل** ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ زمین جوتی ہے اور تخم ڈالا ہے اور اس کو پھر جمع کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بزرگی اور مرتبہ اور نعمت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ تخم بویا ہے اور بارش پڑی ہے۔ جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے بہتر اور زیادہ عمدہ ہو گا' اور اگر دیکھے کہ بوئے ہوئے سے کچھ حاصل نہیں ہوا ہے اور یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ بارش کیسی ہے تو غم و اندوہ پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے باجرہ بویا ہے تو **دلیل** ہے کہ تھوڑا مال پائے گا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنی زمین میں تخم بویا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اس کا کام درست ہوگا' اور اگر سوداگر اپنی زمین ناکشتہ دیکھے۔ تو دلیل ہے کہ نقصان دیکھے گا یا کسی سے جھگڑا کرے گا اور اگر دیکھے کہ نامعلوم زمین جوتی ہے اور بیج بویا ہے۔ دلیل ہے کہ جہاد کرنے اور خیرات و صدقات دینے پر راغب ہوگا' اور اگر اپنی ملک زمین کو بوئی ہوئی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس پر نعمت فراخ ہوگی' اور اگر گیہوں یا جو یا درخت اپنی زمین میں بویا ہے تو اسی قدر عزت اور مرتبہ پر دلیل ہے جس قدر کہ اس نے بویا ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کاشت کاری پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) حلال کی روزی طلب کرنا' (۲) خیر و منفعت حاصل کرنا' (۳) بیماری' (۴) عزت اور مرتبہ' (۵) معیشت۔

کشت زار (کھیت)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوئی ہوئی کھیتی کا اگنا جبکہ معلوم ہو اور کسی معلوم جگہ میں اپنے موسم پر دیکھے تو لوگوں کے فرزندوں پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ کھیت کو کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ لڑائی میں مارے جائیں گے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معلوم کھیت میں ہے۔ دلیل ہے کہ دین و دنیا کی بہتری کا عمل کرے گا اور اگر دیکھے کہ کھیت بویا اور کاٹا اور غلہ کو نکالا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی امید پوری ہوگی' اور اگر دیکھے کہ کھیت میں جارہا ہے۔ دلیل ہے کہ غازیوں کے ساتھ جہاد کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھیت کا کاٹنا لڑائی اور جھگڑے پر دلیل ہے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے_ اگر دیکھے کہ کھیت میں

کرو۔)

اگر یہ چیز جو دیکھی ہے اور کاٹی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عاقبت محمود ہوگی۔

کشتن (مارنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کو مارا ہے اور اس کا سر کاٹا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ تو انگر آدمی سے اس کو خیر اور نیکی پہنچے گی' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مارنے والا مرے ہوئے پر ظلم کا اندیشہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مارا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مارا ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ ایک جماعت کے لوگوں نے ظلم سے مارا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور بادشاہ سے خیر و منفعت پہنچے گی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ (اور جو مار ڈالا گیا ظلم سے تو ہم نے اس کے ولی کو غلبہ دیا ہے وہ قتل میں زیادتی نہ کرے۔)

اور اگر دیکھے کہ کسی کو ظلم سے مارا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہگار اور ظالم ہوگا' اور حق تعالیٰ اس پر کسی کو مقرر کرے گا تا کہ اس کو ستائے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ الایہ (اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔ آخر آیت تک)۔

اور بعض کہتے ہیں کہ فرزند پر ظلم کرنا ہر طرح سے دُنیا کی عزت ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو مارا اور اس کے جسم سے خون جاری ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال پائے گا۔

اور اگر اس کے جسم کو خون آلودہ دیکھے۔ دلیل ہے کہ اپنے مال سے اس کو کچھ دے گا' اور اگر دیکھے کہ خون جاری ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ مارنے والے کا دین برباد

ہو گا۔

ضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی چوپائے کو یا زمین کے کیڑے مکوڑے کو مارا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور جو شخص اس حیوان کی طرف منسوب ہے اس کو مغلوب کرے گا' اور قاتل کو خون آلود دیکھنا بے وفا اور ظالم شخص کو دیکھنا ہے۔

کشتی (ناؤ)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کشتی کو خواب میں دیکھنا غم واندوہ یا قید خانہ ہے۔ یا ایسا کام ہے کہ اس کے کرنے سے اس کو رنج اور تکلیف پہنچے گی۔ خاص کر اگر دریا سے کشتی باہر نہ نکلی ہو یا کشتی دریا میں ہی رہ گئی ہو۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کشتی میں ہے اور وہاں سے سلامتی کے ساتھ باہر نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ رنج سے نجات پائے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَاَنْجَیْنَاہُ وَمَنْ مَّعَہٗ فِی الْفُلْکِ الْمَشْحُوْنِ (ہم نے اس کو اور اس کے ساتھ والوں کو بھرے بیڑے سے نجات عنایت کی۔)

اور اگر دیکھے کہ دریا میں کشتی تباہ ہوئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی قوم کے ہاتھ سے ہلاک ہو گا' اور اگر دیکھے کہ اس کی کشتی زمین پر رہی ہے۔ **دلیل** ہے کہ رنج اور بلا میں گرفتار ہو گا اور دیر سے نجات پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی غرق ہوئی اور وہ سلامت رہا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا مال ضائع ہو گا اور خود بچے گا' اور اگر دیکھے کہ کشتی ٹوٹی اور سب کچھ غرق ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس پر بڑی مصیبت آئے گی۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی میں اونچی جگہ پر بیٹھا ہے اور کشتی پانی میں چل رہی ہے۔

دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَلَهُ الْجَوَارُ الْمُنْشَاٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ (اور اسی کے لئے دریا میں بھری کشتیاں جھنڈوں کی طرح قائم ہیں۔)

اور اگر دیکھے کہ کشتیاں کھڑی ہیں۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور دیر تک رہے گا۔ بلکہ اس سفر میں مقیم ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کشتی میں بیٹھا ہے اور عمدہ ہوا آئی ہے اور کشتی کو اچھی طرح چلا رہی ہے۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کشتی کھڑی ہے اور ہر طرف سے موج آ رہی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو سختی پیش آئے گی اور ہلاکت کا خوف ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ (اور ان پر ہر جگہ سے موج آئی۔)

اور اگر دیکھے کہ کشتی اس کے آگے جا رہی ہے اور وہ اس تک پہنچ نہیں سکا ہے۔ دلیل ہے کہ مشکل کام میں پڑے گا اور آخر کار خلاصی پائے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ (ہم نے اس کو اور کشتی والوں کو نجات دی۔)

اور اگر دیکھے کہ کشتی کے پہلو میں دریا کے اندر گیا۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور بہت سے فائدے حاصل کرے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ (تمہارے لئے کشتی کو دریا میں چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل حاصل کرو۔)

اور اگر دیکھے کہ کشتیوں میں کوئی چیز نہ تھی اور خالی جا رہی ہیں۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سفیروں کو کہیں بھیجے گا اور اگر دیکھے کہ کشتیاں غرق ہوگئی ہیں۔ دلیل ہے کہ ان سفیروں کو لوگ روک لیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کشتی دریا میں غرق ہوئی ہے اور جانتا ہے کہ وہ کشتی اس کی ملک نہ تھی۔ دلیل ہے کہ اس کو ہلاکت کا اندیشہ نہیں ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کشتی میں بیٹھا ہے اور بادشاہ سے ڈرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا اور کشتی کی بڑائی کے مطابق اس کو منفعت حاصل ہوگی' اور اگر کشتی میں امن سے بیٹھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو بادشاہ سے خوف ہوگا' اور اگر دیکھے کہ دریا میں کشتیاں رنگ برنگ کے کپڑوں سے آراستہ ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کشتی دریا کی تہہ میں گئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو بادشاہ سے بڑی قوت ہوگی' اور اگر دیکھے کہ کشتی چلتی نہیں ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چھوٹی کشتی میں بیٹھا ہے اور وہ دریا میں چلتی نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو غم واندوہ زیادہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کشتی پانی میں رواں ہے۔ **دلیل** ہے کہ سفر کو جائے گا اور جلدی واپس آئے گا' اور اگر اپنی کشتی کو خشکی میں کھڑی دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کام میں عاجز ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کشتی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) فرزند' (۲) باپ' (۳) عورت' (۴) سواری' (۵) خوشی' (۶) امن' (۷) عیش' (۸) تونگری اور دولت مندی۔

کشف (کچھوا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کشف کچھوے کو کہتے ہیں اور خواب میں کچھوا دیکھنا مرد زاہد عالم ہے جس کی صحبت سے منفعت ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کچھوا ہے یا اس کے گھر میں آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب کی زاہد مرد کے ساتھ صحبت ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے کچھوے کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر علم حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کچھوا

سرگین داں میں پایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی عالم کی صحبت میں حاضر ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کچھوا مسجد میں یا کسی عزت کی جگہ میں پایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ زاہد ہوگا اور اس کی عالموں اور زاہدوں اور بزرگوں کے نزدیک حرمت ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کچھوے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) زاہد' (۲) عالم مرد' (۳) وہ مرد جو کاموں میں کاریگری کرتا ہے۔

کشکاب (خیساندہ)

کشکاب چیزوں کا خیساندہ۔ حضرت حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ عناب اور بنفشہ کا کشکاب شکر کے ساتھ پیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو تھوڑا مالِ حلال حاصل ہوگا' اور اس کے دل سے رنج اور غم دُور ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کشکاب پی نہیں سکا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

کشمش

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کشمش مال اور نعمت پر **دلیل** ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کشمش ہے یا کسی نے اس کو دی ہے اور اس نے کھائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر خیر و منفعت اس شخص کو پہنچائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کشمش سے پانی جدا کیا ہے اور پیا ہے۔ اگر عالم ہے تو علم اور زیادہ ہوگا اور اگر سوداگر ہے تو مال زیادہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس کشمش کا ڈھیر ہے۔ اگر عالم ہے تو اس کے مال زیادہ ہونے پر **دلیل** ہے' اور اگر اہل حرفہ ہے تو اس کو پورا مال کسب سے حاصل ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کشمش تین وجہ پر ہے۔(۱)منفعت'(۲) مالِ حلال'(۳) کسب۔

کشنیز (دھنیا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دھنیا غم واندوہ پر دلیل ہے۔اگر دیکھے کہ اس کے پاس دھنیا ہے اوراس نے کھایا ہے۔دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر غم واندوہ ہوگا۔

کعب (ٹخنہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹخنے کو دیکھنا مقام پر تاویل ہے۔اگر دیکھے کہ ٹخنہ سے کھیلتا ہے تو جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے بہت سے ٹخنے ہیں تو دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ اٹھائے گا'اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں کا ٹخنہ ٹوٹا ہے۔دلیل ہے کہ اس کا فرزند مرے گا یا اس کو غم پہنچے گا'اور ٹخنوں کی تاویل لڑائی جھگڑا' مکر اور حیلہ ہے۔
حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ٹخنوں کے ساتھ کھیلنا حقیر اور ذلیل دشمن اور جھگڑے پر دلیل ہے۔
حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے ہے کہ خواب میں ٹخنہ پانچ وجہ پر ہے۔(۱)مقام'(۲)عورت'(۳)فرزند'(۴)مال'(۵) گفتگو۔فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔وکواعب اترابا وکاسا دھاقا (اور نوجوان عورتیں سب ایک عمر کی اور چھلکتے ہوئے پیالے۔)

اور اگر حلال گوشت والے جانور کا اپنے پاس ٹخنہ دیکھے تو مالِ حلال پر دلیل ہے'اور اگر برعکس دیکھے تو مالِ حرام پر دلیل ہے۔

کعبہ شریف

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کعبہ شریف کا دیکھنا خلیفہ اسلام کو دیکھنا ہے اور ہر ایک شخص کا کعبہ ہے جو زیادتی اور نقصان کہ کعبہ میں دیکھے گا خلیفہ اسلام میں ہوگی۔ اگر دیکھے کہ اس نے کعبے کا طواف کیا ہے تو اس کے دین کی صلاح پر دلیل ہے اور خلیفہ اسلام راحت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے احرام باندھا ہوا ہے اور رُخ کعبے کی طرف ہے۔ تو اس کی صلاحیت کی زیادتی ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کا مکان کعبہ ہوگیا ہے اور لوگ زیارت کو آتے ہیں۔ دلیل ہے کہ امانت کی حفاظت کرے گا' اور عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ دیکھے کہ کعبہ میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ خلیفہ سے بزرگی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کعبہ گرا ہے یا جلا ہے۔ دلیل ہے کہ خلیفہ کا حال برا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کعبے میں سے کوئی چیز لی ہے_ دلیل ہے کہ اس کو خلیفہ سے فائدہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کعبہ میں نماز پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ خلفاء سے اس کا کام عمدہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کعبے کا اصل ایمان اور مسلمانی ہے' اور اگر اپنے آپ کو کعبے میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ دُشمن کی طرف سے شرارت سے امن میں رہے گا' اور اس کی دُعا قبول ہوگی' فرمانِ حق تعالٰی ہے کہو من دخلہ کان امنا (اور جو شخص اس میں داخل ہوگا امن میں ہوگا۔)

اور اگر دیکھے کہ حجر اسود کی طرف رُخ کرکے بوسہ دیتا ہے۔ دلیل ہے کہ حج کرے گا' اور اگر دیکھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کر رہا ہے یا مقامِ ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا ہے۔ دلیل ہے کہ حج کو جائے گا اور سلامتی

سے واپس آئے گا‘ اور اگر اپنے آپ کو کعبہ کی چھت پر دیکھے تو بدمذہب ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کعبہ چار وجہ پر ہے۔ (۱) خلیفہ‘ (۲) امام‘ (۳) ایمان اور مسلمانی‘ (۴) خوف سے سب طرح کا امن۔

کفتار (بجو)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کفتار بری اور پلید اور بدکردار عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بجو باندھا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بدعورت کرے گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے بجو کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس پر جادو کریں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بجو کا دودھ پیا ہے یا اس کے پاس اس کی ہڈی یا چمڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس عورت سے فائدہ حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کفتار اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت اس سے بدزبانی کرے گی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کفتار کو دیکھنا برا ہے۔

کفچہ (چمچہ یا ڈوئی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ڈوئی گھر کی حکومت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نئی اور پاکیزہ ڈوئی ہے_ **دلیل** ہے کہ اس کا

خادم پارسا ہوگا' اور اگر ڈوئی پرانی اور ٹوٹی ہوئی دیکھے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ڈوئی ٹوٹی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا خادم مرے گا یا بیمار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ ضائع ہوئی ہے یا جلی ہے تو بھی خادم مرے گا۔

کفچہ آتش (آگ کا چمچہ)

کفچہ آتش انتظام یعنی آراستہ و مرتب شدہ کی نسبت کہتے ہیں۔ اگر اس کو سلاطین اور بادشاہ دیکھیں تو نائب پر دلیل ہے' اور اگر اور کوئی دیکھے تو اس کے اہل اور گھر کے خدمت گار پر دلیل ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس آگ کا چمچہ ہے دلیل ہے کہ اس کو خدمت گار حاصل ہوگا' اور اگر آراستگی وغیرہ اس کی بجھ گئی یا ضائع ہوگئی ہو دلیل ہے کہ خدمت گار مرے گا یا جائے گا۔

کفش (جوتا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوتا عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے نیا جوتا پاؤں میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا یا کنیز خریدے گا' اور اگر دیکھے کہ دوسرے کا جوتا پاؤں میں ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ بیوہ عورت کرے گا' اور اگر سیاہ جوتا ہے۔ دلیل ہے کہ عورت لڑاکی ہوگی' اور اگر سرخ ہے تو عورت خوش باش اور عیش پسند ہوگی' اور اگر زرد ہے تو عورت بیمار ہوگی اور اگر سفید ہے تو عورت خوبصورت نکاح میں لائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر گائے کے چمڑے کی

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سمندر جھاگ بادشاہ سے یا کسی بڑے آدمی سے منفعت کا حاصل کرنا ہے۔

کفن

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی زندے یا مردے کے لئے کفن بنایا ہے۔ اگر وہ معلوم شخص ہے تو اس سے رنج پہنچنے پر **دلیل** ہے' اور اگر کسی معلوم مردے کا کفن اس نے اتارا۔ **دلیل** ہے کہ دنیا میں اس مردے کے طریقے کی تلاش کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردے کا کفن پھاڑا ہے۔ اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اگر صاحب خواب صالح اور پارسا اور طالبعلم ہے اور باریک باتیں کہتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیا اس کا رُخ کرے گی' اور مالِ حرام جمع کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردوں کے کفن اتارتا ہے اور جگہ بہ جگہ لئے پھرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مالِ حرام اس کے ہاتھ پر روانہ ہوگا' اور اگر صاحب خوابِ مفسد ہے۔ **دلیل** ہے کہ منافق اور چغل خور ہوگا' اور لوگوں پر فساد اور جھوٹ کی گواہی دے گا۔

گلاب

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلاب تندرستی ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے گلاب منہ پر گرایا ہے **دلیل** ہے کہ تندرست ہوگا اور لوگ اس کی صفت وثنا کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ وہ گلاب ہر کسی کو دے رہا تھا۔ **دلیل** ہے کہ اس کا نام ملک میں مشہور ہوگا' اور اگر عالم ہے تو لوگ اس کے علم سے نفع اٹھائیں گے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے سر پر ترکوں کی ٹوپی ہے دلیل ہے کہ سختی سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر آتش پرستوں کی ٹوپی ہے۔ دلیل ہے کہ دُنیا کی عزت پائے گا' لیکن دین میں ضعیف ہوگا' اور اگر اپنے سر پر بادشاہ کا تاج دیکھے۔ دلیل ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر عنابی ٹوپی ہے تو خوش رہے گا اور منفعت پائے گا' اور اگر اس کے سر پر رُومی ٹوپی ہے دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی خیر حاصل کرے گا' اور اگر ٹوپی پر پگڑی رکھی ہوئی دیکھے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس کو لوگوں سے چھپانا چاہئے' اور اگر ریشم کی ٹوپی رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ منفعت پائے گا اور اگر اس کے سر پر زریں ٹوپی ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں سے نفع پائے گا' اور اگر مروارید کی دیکھے۔ دلیل ہے کہ لوگوں میں عزیز ہوگا اور مرد دیندار اور غازی سے صحبت رکھے گا' اور اگر ٹوپی لوہے کی ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے عزت اور مرتبہ اور قوت پائے گا' اور اگر ٹوپی لکڑی کی ہے دلیل ہے کہ اپنے آپ کو لوگوں میں خوار معلوم کرے گا' اور جھوٹ اور بیہودہ بکے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ گرمی کی ٹوپی جاڑے میں سر پر رکھی ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور منفعت پائے گا' اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ دلیل ہے کہ مراد سے رُکے گا اور اگر سر پر سیاہ ٹوپی دیکھے اور بیداری میں بھی وہی پہنے۔ دلیل ہے کہ خیر اور منفعت پائے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ ٹوپی اس کے سر سے گری ہے۔ دلیل ہے کہ عمل سے معزول ہوگا یا اس کو سخت غم پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مذکورہ ٹوپیوں میں سے لوگوں نے کوئی ٹوپی اس کے سر پر رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ٹوپی کی قدر اور قیمت کے مطابق کسی سردار سے عزت اور

مرتبہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے سر سے ٹوپی اتاری گئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ عزت اور مرتبے سے گرے گا۔

اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے سر پر دو گوشہ ٹوپی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس عورت کے ہاں لڑکا پیدا ہو گا جو بادشاہ بنے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر لوگوں نے وزیر کی ٹوپی رکھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ شخص بددین ہو گا' لیکن بادشاہوں کے لئے نیک ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کلاہ پہنی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا شرف اور مرتبہ زیادہ ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ ٹوپی پھٹی ہوئی اور پرانی ہے۔ **دلیل** ہے کہ غمگین ہو گا اور اگر دیکھے کہ کوئی اوپرا شخص اس کے سر سے ٹوپی لے گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بزرگ آدمی سے دُور ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے سر پر سمور کے پوست کی یا لومڑی وغیرہ کے پوست کی ٹوپی ہے۔ **دلیل** ہے کہ ایسے شخص سے کہ جو دین میں کامل نہیں ہے شرف اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے ایسی ٹوپی پہنی ہے کہ اس نے بیداری میں کبھی ایسی نہیں پہنی تھی۔ اگر سفید ہے تو نیکی پر **دلیل** ہے اور اگر سبز ہے تو بدی پر **دلیل** ہے' اور اگر بیداری میں اس قسم کی رکھتا ہے تو بد نہیں اور سرخ ٹوپی کا خواب میں دیکھنا بیماری پر **دلیل** ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے جڑاؤ ٹوپی پہنی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی قدر اور قیمت کے مطابق شرف اور بزرگی پائے گا' لیکن اس کے دین میں نقصان ہو گا' اور اگر دیکھے کہ اس کی ٹوپی آگ میں گری ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ اس پر تاوان یعنی جرمانہ ڈالے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ٹوپی شرف اور بزرگی پر دلیل ہے اور اس کا خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) ولایت' (۲) ریاست' (۳) بزرگی' (۴) عزت اور مرتبہ' (۵) مقدار' (۶) کلاہ دوز کا مرتبہ خواب میں بزرگوں کی خدمت کرنے والا ہے۔

کل شدن (گنجا ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا سر گنجا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مراد اور مال بہت پائے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کا غم واندوہ زائل ہوگا' اور اگر قرض دار ہے تو قرض اترے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کی گنجے آدمی سے صحبت ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال دار آدمی کا دوست اور آشنا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کا سر گنجا تھا اور پھر بال آئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کا مال تلف ہوگا اور خود قرض دار ہوگا۔

گل (پھول)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھول کا حکم دو قسم پر ہے۔ ایک درخت پر پھول کا ہونا اور دوسرے بے درخت کے ہونا' اور جس پھول کے لئے پتا نہیں ہے۔ اس کا دیکھنا صاحب خواب کے غم واندوہ پر **دلیل** ہے' اور اگر سرخ پھول کوئی اس کے موسم میں درخت پر دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے فرزند ہوگا' اور اگر بے وقت دیکھے تو فرزند کی وجہ سے مصیبت میں گرفتار ہوگا۔

اور خواب میں پھول کا درخت سردار اور بات کرنے والا شخص ہے اور زرد پھول کا درخت' سوداگر عورت حاجت پوری کرنے والی ہے اور سفید پھول کا درخت عزت اور مرتبہ اور دولت پر **دلیل** ہے اور اگر اپنے گھر میں پھول کا درخت دیکھے۔

دلیل ہے کہ کسی دختر کو نکاح میں لائے گا' اور اگر اپنے گھر میں گل صد برگ کو دیکھے۔ دلیل ہے کہ فرزند کے سبب سے خوش ہوگا' اور اگر کئی طرح کے پھول کھلے ہوئے دیکھے۔ دلیل ہے کہ اپنے خویشوں اور اہل بیت سے خوش ہوگا' اور اگر درخت گل کی جڑ زمین سے اگی ہوئی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کے گھر کے لوگ کامل ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھول کم ہمت اور بدعہد شخص ہے جو کسی سے وفا نہیں کرتا ہے' اور اگر دیکھے کہ کسی کو پھول دیا ہے یا ہاتھ سے گرایا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسے بے وفا شخص کی صحبت سے دُور ہوگا۔

حضرت اسماعیل رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پھول خط ہے جو غائب سے اس کو ملے گا اور یا غائب شخص آئے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پھول کا خواب میں دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) فرزند' (۲) دوست' (۳) کم ہمت' (۴) کنیز' (۵) غلام' (۶) غائب کا خط۔

گل شکر (گلقند)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گل شکر گل انگبین کھائے گئے کی قدر کے مطابق غنیمت اور مالِ حلال ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس گل شکر اور گل انگبین کے ساتھ ہے اور اس کو کھایا ہے۔ اگر تو انگر ہے تو مال اور زیادہ ہوگا' اور اگر بیمار ہے تو شفا پائے گا اور اگر غمگین ہے تو خوش ہوگا' اور اگر قرض دار ہے تو قرض سے فارغ ہوگا۔

گل خوردن (کیچڑ کھانا)

گل خوردن کیچڑ کھانا' مٹی کھانا۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا

ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ مٹی کھائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ مردوں کو برا کہتا ہے۔ اگر دیکھے کہ کیچڑ کو مٹی کے ساتھ کھاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنا مال عیال پر خرچ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک پر سے خاک کھاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حج کرے گا' اور اگر دیکھے کہ گھر کی لپائی مٹی سے کی ہے **دلیل** ہے کہ غمگین ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید اور سبز مٹی کا دیکھنا مالِ حلال ہے اور زرد مٹی کا دیکھنا بیماری ہے' اور سُرخ مٹی کا دیکھنا کھیل اور تماشہ ہے اور سیاہ مٹی کا دیکھنا غم واندوہ اور اندیشہ ہے اور کسی میلے اور گدلے پانی کا گارا بنائی ہوئی مٹی غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ کیچڑ میں غرق ہوگیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بڑی محنت میں پڑے گا اور خلاصی نہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کیچڑ سے باہر نکلا ہے اور اپنا جسم اور کپڑے خوب صاف کئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب غم واندوہ سے رہائی پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گرم علاقے میں کیچڑ کا دیکھنا سرد کی نسبت زیادہ سخت ہے۔

کلبتین (زنبور)

کلبتین' لوہے پکڑنے کا اوزار یعنی زنبور۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زنبور خادم ہے کہ خوبی کے ساتھ بادشاہ کے ہاتھ سے مال نکالتا ہے اور لوگوں پر خرچ کرتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں زنبور ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو مال اور نعمت کا حصول ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کا زنبور ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ضرر اور نقصان اس کو پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے اس نے زنبور کے ساتھ کوئی چیز آگ میں سے نکالی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے راحت پائے گا۔

کلم (ایک سبزی ہے)

کلم ایک سبزی ہے گوبھی جیسی۔حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس **کلم** ہے اور کھائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت سے منفعت پائے گا' اور اگر بغیر گوشت کے کھائے تو **دلیل** ہے کہ تھوڑا نفع ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں گوشت اور کلم کو اکٹھا پکا کر کھائے۔ **دلیل** ہے کہ بہت سے منفعت پائے گا' اور اگر خام ہے تو کم فائدہ ہے' اور اگر بے وقت کھائی ہے تو غم و اندیشہ پر **دلیل** ہے' اور اگر شیریں ہے تو منفعت بہت زیادہ ہے۔

گلنار (انار کا پھول)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلنار کا دیکھنا پاکیزہ اور عمدہ دُلہن ہے۔خاص کر اگر گلنار کو درخت پر دیکھے اور موسم بھی ہو' اور اگر دیکھے کہ انار پھول درخت پر سے گرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ پاکیزہ اور عمدہ دُلہن یا کنیز کے دیدار سے جدا ہوگا۔

کلنگ (کونج)

کلنگ کونج خواب میں مسافر مرد ہے۔حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے

فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کونج پکڑی ہے۔ یا اس کو کسی نے دی ہے۔ دلیل ہے کہ مسافر آدمی سے ملے گا اور اس سے نیکی کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کونج کا پر یا اس کا گوشت ہے۔ دلیل ہے کہ مسافر شخص سے راحت پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کونجوں کو دانے چگاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مسافروں اور درویشوں کی جماعت پر سردار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کونج کی خاصیت رکھتا ہے تو درویش ہونے پر دلیل ہے۔

گلو (گلا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا گلا سلامت ہے اور کچھ دُکھ اس کو نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ امانت اور قرض ادا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ رنج اور آفت اس کے گلے میں ظاہر ہوئی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر اپنے گلے کو فراخ دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی' اور گلا تنگ دیکھنا اس کے خلاف ہے' اور اگر اپنا گلا درُست اور قوی دیکھے۔ دلیل ہے کہ امانتوں کو اچھی طرح نگاہ میں رکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کا گلا کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ کاٹنے والا اس پر ظلم کرے گا۔ یا اس کے دین میں طعنہ کرے گا' اور جس جانور کا ذبح کرنا روا نہیں ہے_ اگر دیکھے کہ لوگوں نے اس کا گلا کاٹا ہے۔ اس مرد پر دلیل ہے جو اس جانور سے نسبت رکھتا ہے کہ لوگ اس پر ظلم کریں گے' اور اگر دیکھے کہ اس کا گلا کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر کام مشکل ہوگا' اور اگر دیکھے کہ جانور کا گلا ضرورت کے لئے کاٹا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے۔ اگر اس کا گوشت حلال ہے تو مالِ حلال پر دلیل ہے اور اگر حرام ہے تو مالِ حرام پر دلیل ہے کہ

وہ حاصل کرے گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی آدمی کا گلا کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس پر ظلم کرے گا یا اس کے دین میں طعنہ لگائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ کسی کا گلا دبایا ہے اور گھونٹ دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب شرف اور بزرگی سے معزول ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلا آدمی کی آمدنی اور خرچ پر **دلیل** ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلا گھونٹنا مغلوب شخص کی تنگ عیش پر **دلیل** ہے۔

کلیجہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کلیجہ عیش خوش اور نعمت و مال پر **دلیل** ہے جو اس کو حاصل ہوگا اور آسانی سے ملے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کلیجے کا ڈھیر ہے۔ **دلیل** ہے کہ بہت سا مال اور نعمت حاصل کرے گا‘ اور اگر دیکھے کہ کلیجہ منہ میں رکھا ہے اور نگل نہیں سکا ہے **دلیل** ہے کہ اس کی نعمت اور مال دوسروں کی قسمت میں آئے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کلیجہ کا کھانا چار وجہ پر ہے۔ (۱) مالِ حلال جو آسانی سے ملے گا‘ (۲) فراخ روزی‘ (۳) نعمت‘ (۴) خوش عیشی۔

کلید (چابی‘ کنجی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چابی کارکشائندہ مرد ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چابی گھما کر تالا کھولا ہے اور دروازہ کھل گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے بستہ کام کشادہ ہوں گے اور دشمن پر فتح پائے گا‘ اور اگر

صاحب خواب نماز میں کاہل اور سست ہو گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چابی آٹھ وجہ پر ہے۔(۱) کاموں کی کشادگی‘(۲) غم سے فراغت‘(۳) بیماری سے شفاء‘(۴) مراد کا پانا‘(۵) دین کی قوت‘(۶) حج گزارنا‘(۷) دُعا کی قبولیت‘(۸) علم کا جاننا۔

کلیدان (چابی کی جگہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کلیدان بغیر زحمت کے جلدی کھلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے دین اور دنیا کے کام کشادہ ہوں گے‘ اور اگر دیکھے کہ مشکل سے کھولا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے‘ اور اگر کوئی دیکھے کہ کلیدان کو کھول نہیں سکا ہے اور دروازہ بند رہا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے کام رُک جائیں گے اور اس کا نیک حال سے بدحال ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کلیدان جلدی کھولا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم سے نجات پائے گا اور اگر بیمار ہے تو جلدی شفاء پائے گا اور اگر غلام ہے تو آزاد ہو گا‘ اور اگر کوئی ضرورت ہے تو پوری ہو گی اور دُعا قبول ہو گی اور اس کے کام کے انتظام سے ہوں گے۔

کلیسا (گرجا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کلیسا میں گیا ہے اور اس میں قبلے کی طرف نماز پڑھی ہے **دلیل** ہے کہ وہ گناہ سے توبہ کرے گا اور دین میں قوی ہو گا۔ کیونکہ کلیسا عبادت کی جگہ ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کلیسا میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی رغبت بت پرستوں کی طرف ہو گی۔ خاص کر اگر ان کے

قبلے کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مندر میں گیا ہے۔ اگر صاحب خواب پارسا ہے تو **دلیل** ہے کہ برا ہو جائے گا۔ خاص کر اگر دیکھے کہ اس میں رہائش اختیار کر لی ہے۔

گلیم (گودڑی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گلیم خواب میں رئیس اور سردار ہے۔ اگر صاحب خواب بڑا آدمی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی بزرگی اور مرتبہ بھی زیادہ ہوگا' اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ مرد صالح اور پسندیدہ ہوگا اور درویشوں سے دیندار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ گودڑی پائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ مالدار عورت سے شادی کرے گا' اور اگر یہ خواب عورت دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ شوہر کرے گی' اور اس سے خیر و منفعت دیکھے گی۔

اور اگر دیکھے کہ چھوٹی گودڑی پر بیٹھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خوبصورت اور پارسا اور موافقت والی عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ سبز گلیم ہے۔ **دلیل** ہے کہ پارسا اور لڑاکی عورت سے شادی کرے گا' اور اگر سرُخ گلیم ہے تو معاشرا اور عیش پسند عورت سے شادی کرے گا' اور اگر گلیم زرد ہے تو بیماری عورت کرے گا' اور اگر سیاہ گلیم ہے تو زاہد اور عابد عورت سے شادی کرے گا' اور اگر کئی رنگ کی گلیم ہے تو اس عورت میں مذکورہ بالا سب صفات ہوں گی' اور اگر دیکھے کہ اس نے گودڑی پہنی ہوئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ پارسا سردار کی پناہ میں ہوگا اور اس سے منفعت پائے گا' اور اگر گلیم اپنے سے دُور ڈالی ہے اور ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلیم کا دیکھنا پانچ

وجہ پر ہے۔ (۱) مرد رئیس' (۲) مہتر اور پارسا' (۳) مالدار عورت' (۴) کنیز' (۵) خیر و منفعت۔

کمان

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کمان کو بغیر تیر کے کھینچتا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور فائدے کے ساتھ واپس آئے گا' اور اگر کمان کھینچتے وقت چلہ ٹوٹ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا سفر تمام نہ ہوگا اور ممکن ہے کہ اس کو راہ میں ضرر و نقصان پہنچے۔

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو کسی نے کمان دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند یا بھائی ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کی کمان ٹوٹی ہے۔ دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی سے گرے گا یا اسکے مال سے کچھ ضائع ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کمان سے تیر ڈالتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی کا خط ملے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کمان سے تیر ڈالتا ہے۔ دلیل ہے کہ حق اور باطل بات کہے گا' تیر کی راستی اور کجروی کے مطابق' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے لئے کمان بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو عجم کے بادشاہ سے شرف اور بزرگی حاصل ہوگی یا عجمی عورت سے شادی کرے گا اور اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کمان سے تیر اندازی نہیں کر سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے یا اس عورت سے فائدہ نہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کمان فروخت کی ہے یا کسی کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے شرف اور بزرگی کا نقصان ہوگا' اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ کمان کی تاویل درازی عمر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نئی اور پاکیزہ کمان ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ کمان تانی ہے۔

دلیل ہے کہ پائیدار عورت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کمان ضائع ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت سے جدا ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کی کمان سخت تھی اور کھینچنے کے وقت نرم ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت سے نکاح کرے گا اور اس کا کام آسانی سے ہوگا' اور اگر سفر کرے گا تو مبارک ہوگا اور مراد کو پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ کمان نرم تھی اور کھینچتے وقت سخت ہوگئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے' اور اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ سے اپنے لئے کمان بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ کامیاب ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کمان بیچی ہے اور اس کی قیمت کے درہم اور دینار بنا لئے ہیں۔ دلیل ہے کہ دنیا کو دین پر پسند کرے گا اور اگر کمان کی قیمت کے روپے کے سوا کچھ اور لیا ہے دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کمان بخشش میں ملی ہے_ دلیل ہے کہ جلدی عورت کرے گا اور دُشمن پر فتح پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کمان خمیدہ کھچی ہوئی اس کو کسی نے دی ہے اور اس نے نہیں کھینچی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے کماندان میں کمان کو رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ دُنیا سے رحلت کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس پاکیزہ اور عمدہ کمان ہے۔ دلیل ہے کہ نیک کام اور خیرات اور حسنات کرے گا' اور حج ادا کرے گا اور حق تعالیٰ کے نزدیک ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى (پس دو کمانوں کی مشت بلکہ اس سے بھی قریب ہوا۔)

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی کمانیں ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے بہت سے دوست ہوں گے جو مصیبت کے وقت اس کی مدد کریں گے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کمان کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) سفر' (۲) فرزند یا بھائی' (۳) عورت' (۴) قوت' (۵) نیک کام' (۶) کاموں میں دُرست آدمی۔

کمان حلاجی (دُھنیئے کی کمان)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں دُھنیئے کی کمان طعنہ مارنے والا شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں دُھنیئے کی کمان ہے۔ دلیل ہے کہ نفاق کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس دُھنیئے کی کمان ہے اور علم نہیں ہے کہ اس کی ملک ہے۔ دلیل ہے کہ بدی کرے گا۔

کمانہ آسمان (قوس قزح)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں آسمان پر زرد کمان دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے لوگ بیماری میں مبتلا ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس میں سبزی سُرخی سے زیادہ ہے_ دلیل ہے کہ اس ملک میں نعمت فراخ ہوگی اور اگر دیکھے کہ سُرخی سبزی سے زیادہ ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ آسمان پر سُرخی ستون کی طرح ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو قوت اور کامیابی ہوگی' اور اگر سیاہ ستون دیکھے تو اس کی تاویل خوابِ اول کے خلاف ہے۔

کمان کروہہ

کمان کروہہ ایک قسم کی کمان ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کمان کروہہ کا دیکھنا بادشاہ کا کام غم واندوہ کے ساتھ ہے' اور اگر کمان اس کے ہاتھ میں ہے اور اس سے ٹوپی گرائی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو بری بات کہے گا اور گالی دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کمان سے لوگوں کی ٹوپیاں اتارتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو ستانے کے باعث غمناک ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ اس کی کمان کروہ ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو دُکھ نہ دے گا۔

کمر بند

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کمر بند باندھا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی مرد اس کی پشت و پناہ ہوگا‘ اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی پشت و پناہ فرزند یا خویش ہیں‘ اور اگر دیکھے کہ کمر بند موتی اور جواہرات سے جڑاؤ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی قیمت کے مطابق مال حاصل کرے گا اور اس سے پشت و پناہ قوی ہوگی‘ اور ممکن ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہو جو تمام قبیلوں میں با اقبال اور دولت مند ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی کمر پر تین چار کمر بند بندھے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا مال اور نوکر چاکر بہت ہوں گے اور کہتے ہیں کہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے کمر بند دیا ہے اور اس نے کمر پر باندھا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ کمر بند ٹوٹا ہے اور گرا ہے اور ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مال اور بزرگی کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا کمر بند جواہرات سے جڑاؤ ہے۔ دلیل ہے کہ قوم کا سردار ہوگا اور اس کے اہل بیت اس کے باعث دولت مند ہوں گے۔

اور اگر دیکھے کہ کمر بند لوہے یا تانبے کی تلوار سے آراستہ ہے۔ تھوڑے چاہے

ہوئے پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو کمر بند بمع تلوار بخشا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کے لئے سفر کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کمر بند کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔(۱) باپ یا بھائی خویشوں کی طرف سے منفعت' (۲) فرزند' (۳) بزرگی اور پناہ' (۴) عمر دراز' (۵) انصاف اور مراد کا پانا' (۶) دین کی پاکیزگی۔

اور اگر کمر پر کمر بند بندھا ہوا دیکھے۔ دلیل ہے کہ دشمنوں سے انصاف حاصل کرے گا' لیکن اس کی نصف عمر گزری ہوئی ہوگی۔

گم شدن (گم ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ گم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ جس جگہ وہ ہے ضائع ہوگی۔ کیونکہ اس کو نہ پہچانیں گے اور اس کا قرب نہ جانیں گے' اور اگر دیکھے کہ اس کا عیال یا فرزند گم ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے باعث اندوہگیں ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی چیز اس کی گم ہوئی ہے۔ اگر وہ چیز تاویل میں نیک ہے دلیل ہے کہ اس کا ضرر زائل ہوگا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا' اور اگر وہ چیز تاویل میں بد ہے تو غم اور ضرر اس سے زائل نہ ہوگا' اور اس کا کام انتظام سے نہ ہوگا۔

کمند

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کمند ڈالا ہے اور کسی مرد کو پکڑا ہے دلیل ہے کہ کمند کے اندازے پر کسی بزرگ سے مدد چاہئے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کا کمند رسی کا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی ایمان دار شخص سے مدد چاہے گا' اور اگر دیکھے کہ کمند خنزیر کے بالوں کا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کافر شخص سے مدد مانگے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کمند ڈالا ہے اور کسی مرد کی گردن میں پڑا ہے دلیل ہے کہ کسی کمزور شخص سے مدد چاہے گا۔

کنار (بیر)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیر ستھرا مال ہے اور میوؤں میں سے کسی میں اس کی خاصیت نہیں ہے' اور کہتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا میوہ بہشت میں بیر تھا۔ اگر دیکھے کہ اس نے بیر کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔ خاص کر اگر بیر کا کھانا اس کے موسم میں ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بیر حلال مال ہے اور فراخ روزی ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بیروں کا ڈھیر لگا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال پائے گا۔

گناہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے گناہ کیا ہے اور معلوم نہیں کہ کس قسم کا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ اور فتنے میں پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گناہ کرنا جرم اور گناہ ہے اس کو توبہ کرنی چاہئے تاکہ حق تعالیٰ کے عذاب سے امن میں رہے اور اس کا کام درست ہو جائے۔

گنبد

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گنبد عورت ہے' اور اگر خواب میں پاکیزہ گنبد دیکھے اور جانے کہ اس کی **ملک** ہے۔ **دلیل** ہے کہ خوب صُورت عورت سے شادی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گنبد شرف اور بزرگی ہے' اور اگر دیکھے کہ وہ بڑے گنبد میں ہے **دلیل** ہے کہ اس کو خیر اور منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گنبد کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) لونڈی' (۳) منفعت' (۴) عزت اور مرتبہ۔

گنج (خزانہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے خزانہ پایا ہے **دلیل** ہے کہ بیمار ہوگا یا اس کے دل کو رنج پہنچے گا اور اگر اس کا خزانہ ضائع ہے تو اس کا تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خزانہ پانے والا کسی خراب جگہ میں بیمار یا ہلاک ہوگا اور اگر آباد جگہ سے خزانہ پائے گا۔ **دلیل** ہے کہ بیماری سے شفاء پائے گا۔

کنجد (تل)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تلوں کا پانا مال ہے۔ جو ہر روز زیادہ ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس تل ہیں اور ان کو کھاتا

ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر اپنے مال سے منفعت پہنچائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے بے مزہ تل کھائے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مالِ حرام پائے گا' اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اس کو غم و اندوہ پہنچے گا۔

گندہ پیر (بوڑھا یا بڑھیا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بڑھیا عورت دُنیا ہے اور موٹا بوڑھا مسلمان ہے جو کپڑوں سے آراستہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ مالِ حلال پائے گا' اور اگر خواب میں دیکھے کہ موٹا بوڑھا میلے کپڑوں میں ہے اور کافر ہے۔ اس کی تاویل مالِ حرام ہے' اور بوڑھی خوب صُورت اور اچھے کپڑوں والی عورت تاویل میں یہ جہان اور وہ جہان ہے۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ بوڑھی عورت اور مسلمان سے شادی کی ہے اور جانتا ہے کہ اس کی ملک ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ بڑھیا عورت ہے اس کو گھر سے نکالا ہے یا طلاق دی ہے۔ **دلیل** ہے کہ ترکِ دنیا کی کوشش کرے گا' اور راہِ آخرت تلاش کرے گا' اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے موٹی بڑھیا عورت سے جماع کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیا کی مراد پائے گا۔

کندر (ایک دوا ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کندر کھایا ہے یا چبایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ چبانے کے اندازے پر کسی سے جھگڑا کرے گا یا اس کی شکایت کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس

کندر ہے۔ دلیل ہے کہ غمگین ہوگا۔ کیونکہ تلخ ہے اور تاویل میں اندوہ ہے۔

کندش (نک چھکنی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی نک چھکنی ہے۔ دلیل ہے کہ بیماری دراز ہوگی اور آخر کار شفا پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کندش کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ رنج اور بلا میں گرفتار ہوگا۔ اگر دیکھے کہ کندش ناک میں ڈالی ہے اور چھینک لی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی مراد مشکل سے پوری ہوگی۔

گندم (گیہوں)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گیہوں مالِ حلال ہے جو لوگوں کو تکلیف سے ملتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گیہوں کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ صالح اور دیندار ہوگا' اور اگر پکا کر کھائی ہے تو غمگین ہوگا' اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کا منہ پیٹ تک خشک گیہوں سے پر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر ختم ہوگئی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گیہوں کے خوشے کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں قحط اور تنگی ظاہر ہوگی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ سَبْعَ سُنْبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ (سات بالیں سبز اور دوسری خشک) اور اگر دیکھے کہ گیہوں کو بوتا ہے۔ دلیل ہے کہ حق تعالیٰ اس ملک میں غلہ کا نرخ ارزاں کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گیہوں تین وجہ پر ہے۔ (۱) ولایت سے معزول ہونا' (۲) نفرت' (۳) مسافری۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ بھنے ہوئے گیہوں کھاتا ہے دلیل ہے کہ کچھ نفع پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گیہوں اپنے وقت پر کاٹے ہیں۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال رنج سے حاصل کرے گا' اور خواب میں گندم فروش ایسا شخص ہے کہ دین کے عوض دنیا کو اختیار کرتا ہے۔

گندنا

گندنا ایک قسم کی ترکاری ہے۔ حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں گندنا ایسا مرد ہے کہ لوگ اس کو دوستی سے یاد کرتے ہیں۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گندنا مالِ حرام اور بری بات ہے' اور اگر خواب دیکھنے والا مصلح اور پارسا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حرام حاصل کرے گا اور ہمیشہ بری باتیں کرے گا' اور گندنا کے کھانے میں کسی طرح کی بھی منفعت نہیں ہے۔

کندوا (شہد کی مکھی)

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے شہد کی مکھی پکڑی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ قاصد اس کے پاس آئے گا اور اس کو خوش کرے گا اور عزت پائے گا' اور چار دِن کے بعد عورتوں کی طرف سے مقصود اور مراد پائے گا خاص کر اگر یہ خواب دن کو دیکھے۔

کنشت (یہودیوں کا عبادت خانہ)

ہے۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (وہ بہرے' گونگے اندھے ہیں اور وہ رجوع نہیں کرتے ہیں۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گونگا ہونا سات وجہ پر ہے۔ (۱) درویشی' (۲) بدحالی' (۳) غم و اندوہ' (۴) نقصان عیش' (۵) مصیبت' (۶) نقصانِ مال' (۷) دین کا نقصان۔

اور اگر گونگا خواب میں دیکھے اس کی زبان کشادہ ہوگئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا رُکا ہوا کام کشادہ ہو جائے گا۔

کنہ (ایک جانور ہے)

کنہ چچڑی جیسا ایک جانور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنہ لوگوں کا عیال ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ کنہ اس کے جسم کو کھاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال اس کا عیال کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ چوپائے پر بہت سی کنہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ لوگ اس کے چوپایوں سے فائدہ دیکھیں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کنہ کا وجود اپنے سے دُور ڈالا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عیال کو اپنے سے دُور کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اپنے چوپائے سے کنہ کو پکڑ کر ڈال رہا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کو فائدہ نہ پہنچائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنہ کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) عیال' (۲) نوکر چاکر' (۳) مال اور بہت سے مطالب۔

اور اگر دیکھے کہ کنہ کو مارا ہے۔ **دلیل** ہے کہ گذشتہ بیان کردہ چیزوں میں نقصان اٹھائے گا۔

کنیزک (لونڈی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنیز خیر اور نیکی ہے جس قدر کہ اس کا جمال ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس خوبصورت فربہ کنیز ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب کو پوشیدہ طور پر کوئی چیز پہنچے گی اور اس سے متفکر ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کنیز مال ہے' اگر دیکھے کہ کنیز اس نے خریدی ہے تو خیر و نیکی پر **دلیل** ہے اور اگر فروخت کی ہے اور اس کے دام لئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ غمگین ہو گا' اور اگر دیکھے کہ خریدی ہے تو شاد و خرم ہو گا' اور مال پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کنیز برہنہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ نقصان پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ خوب صورت کنیز منہ باندھی ہوئی ہے اور اپنے گھر میں لایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی شادی اور منفعت حاصل ہو گی۔

کہربا (زرد رنگ کا مہرہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کہربا بیماری ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کہربا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیمار ہو گا اور جلدی شفا پائے گا' اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اس کی بیماری طول کھینچے گی۔

گوارش (جوارش)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں جوارش منفعت اور خیر اور شادی پر دلیل ہے اور اگر تلخ اور بے مزہ ہے تو غم و اندوہ اور رنج و فساد پر دلیل ہے اور خوشبودار جوارش مدح و ثناء پر دلیل ہے اور بدبودار کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شیریں جوارش کا کھانا غم و اندوہ ہے اور خوشبودار جوارش کا کھانا مدح و ثناء پر دلیل ہے۔

گول (بوری)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بوری مردِ عالم پر دلیل ہے اور جو چیزیں اس میں اچھی اور بری ہیں۔ اس قول پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دلیل لائے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہے۔ ان القلوب واعیہت (کہ دل محافظ ہیں۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بوری نئی اور پاکیزہ اور فراخ ہے تو بہت سی منفعت پر دلیل ہے ورنہ تھوڑی منفعت حاصل ہوگی۔

گودایہا (شیرے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سب رسوں سے زیادہ بہتر کھجور کا رس ہے۔ اس کے بعد بادام کا اور پھر روٹی کا ہے اور اس کے بعد سب سے کم فائدہ خشخاش کا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کھجور کا گودا کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بخیل سے مال حاصل کرے گا اور اگر شیرہ خشخاش کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا‘ لیکن اس کا فائدہ کم تر ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ روٹی کا شیرہ پیا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر

مال پارسا شخص سے حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مذکورہ شیرے سب موجود ہیں اور ان میں سے کچھ کھایا ہے' تو گذشتہ بیان کردہ چیزیں اس کو حاصل ہوں گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں اور خوش ذائقہ شیرے نیکی پر دلیل ہیں اور جو تلخ اور بے مزہ ہیں بدی پر دلیل ہیں۔

گور (قبر)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ قبر کی تاویل قید خانہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنے لئے قبر کھودی ہے۔ دلیل ہے کہ اسکے احوال تنگ ہوں گے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ قبر کی جگہ پر اپنے لئے مکان بنائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کو لوگوں نے قبر میں رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے احوال میں مشکلات پیش آئیں گی۔ فرمانِ حق تعالٰی ہے۔ ثم اماتہ فاقبرہ ثم اذا شاء انشرہ (پھر اس کو مارا اور اسے قبر میں رکھا۔ پھر جب چاہے گا تو اس کو زندہ کھڑا کرے گا۔)

اور اگر دیکھے کو قبر میں رکھا ہے اور مٹی اس کے سر پر ڈالی ہے۔ دلیل ہے کہ اسکے دین کا نقصان ہوگا اور دنیا سے بغیر توبہ کے جائے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو قبر میں رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ قید خانہ میں جائے گا' اور اگر دیکھے کہ قبر میں مرا ہے دلیل ہے کہ قید خانہ میں مرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کی چوبارے پر قبر کھودی ہے_ دلیل ہے کہ اس کی زندگی دراز ہوگی' اور اگر دیکھے کہ قبر پر کھڑا ہے۔ دلیل ہے کہ گناہ پر قائم رہے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو قبر میں مردہ دیکھے اور اس سے منکر و نکیر نے سوال کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ

اس سے مطالبہ کرے گا' اور اگر منکر نکیر کو غلط جواب دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کے عذاب میں عاجز ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کو قبر سے نکال کر پھانسی دیا ہے اور پھر قبر میں رکھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ اس پر مہربانی کرے گا اور خلعت پہنائے گا اور پھر قید خانے میں ڈالے گا' اور اگر یہ خواب سوداگر نے دیکھا ہے تو اس کا شمار سوداگروں میں ہوگا' اور ہر ایک کا شمار اپنی جنس کے ساتھ ہے' اور اہل تعبیر کو چاہئے کہ چیزوں کا قیاس اچھی طرح کریں تا کہ مغالطے میں نہ پڑیں۔

گورستان (قبرستان)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گورستان کا دیکھنا جاہلوں کی صحبت ہے کہ ان کا دین اور دنیا خراب ہے اور غم و پشیمانی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اہل قبور کی زیارت کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ قیدیوں سے ملے گا اور اگر دیکھے کہ قبرستان پر بارش برسی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اہل قبور پر رحمت حق ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مالدار دیکھے کہ قبروں میں گیا ہے اور ان کو سلام کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ درویش ہوگا اور لوگوں سے بھیک مانگے گا۔ کیونکہ گورستان ناداروں کی جگہ ہے' اور اگر دیکھے کہ معلوم گورستان میں ہے اور مردے قبروں سے اٹھے ہوئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس جگہ کے لوگ بلا اور محنت میں گرفتار ہوں گے اور اگر دیکھے کہ قبریں کھلی ہیں بعض مردے ہیں اور بعض زندے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس ملک میں محنت اور تنگی ظاہر ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں قبرستان تین وجہ پر ہے۔ (۱) قید خانہ' (۲) غم' (۳) محنت اور بلا۔

گوز (اخروٹ)

گوز خواب میں مال ہے جو بلا اور محنت اور رنج اور سختی سے حاصل ہوگا۔ اگر دیکھے کہ گوز سے کھیلتا ہے یا اس کے ہاتھ میں ہے تو جنگ اور جھگڑے پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس گوز کا مغز تباہ ہو گیا ہے۔ کمی اور بیشی کے مطابق اس کو مالِ حرام ملے گا' اور اگر مغز گوز کھانے میں مزے دار ہے تو مالِ حلال پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ گوز کو توڑتا ہے۔ دلیل ہے کہ عجمی مرد سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس گوز ہے۔ دلیل ہے کہ جنگ اور جھگڑے میں پڑے گا اور اگر دیکھے کہ گوز بے مزہ اور تلخ ہے۔ دلیل ہے کہ بخیل آدمی سے بری بات سنے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مغز گوز سے روغن نکالا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بخیل مرد سے فائدہ پہنچے گا۔

گوز ہندی (ناریل)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے گوز ہندی دیا ہے کہ منجم اور رمال ہوگا' اور اگر دیکھے کہ گوز ہندی کو کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ ان کی بات کو سچ جانے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ گوز ہندی خواب میں کمینہ مرد یا ہندی کنیز ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے گوز ہندی کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اہل نجوم کی باتوں کو سچ جانے گا اور ان پر اعتقاد رکھے گا۔

گوزبویا (جوزبوا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گوزبویا دین کی صلاح اور علم شرع کا جاننا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گوزبویا کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب مصلحت دین کی راہ اختیار کرے گا اور شریعت سیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے اس کے پاس گوزبویا بہت ہے۔ کھاتا ہے اور لوگوں کو دیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ علم اور حکمت میں یگانہ ہوگا اور اس سے دوسروں کو فائدہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس گوزبویا ہے اور اس میں سے کسی کو نہیں دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے علم سے نہ اس کو اور نہ دوسروں کو نفع پہنچے گا' اور بعض کہتے ہیں کہ گوزبویا کا کھانا علم نجوم پر **دلیل** ہے۔

گوئے زمین (گڑھا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زمین کا گڑھا مال ہے جس کو مکر اور حیلے سے حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ گڑھے میں چھپا ہے اور اس میں نکل نہیں سکتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکر اور حیلے سے کسی کام میں پڑے گا' اور اس سے مشکل کے ساتھ نکلے گا اور جس قدر گڑھا گہرا ہوگا کام زیادہ سخت ہوگا' اور اگر دیکھے کہ وہ گڑھا سرداب جیسا ہے **دلیل** ہے کہ چور اس سے کچھ لے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گڑھا یا کنواں کھودا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کے لئے مکر اور حیلہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس سے پانی نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکر اور حیلہ سے کچھ حاصل کرے گا اور زندگی بسر کرے گا' اور اگر دیکھے کہ گڑھا کسی دوسرے کے واسطے تھا تو **دلیل** ہے کہ جو کچھ ہم

نے بیان کیا ہے وہ اس شخص کو پیش آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گڑھے میں گرا ہے اور اس سے باہر نہیں نکل سکتا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی پوشیدہ کام میں رہے گا اور اس سے خلاصی نہ پائے گا' اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو رہائی پانے پر دلیل ہے۔

کوزہ (لوٹا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں تانبے یا بھرت کا لوٹا خادم ہے' اور اگر مٹی کا بنا ہے دلیل ہے کہ اس کو لوٹے کی خوبی کے مطابق کنیز حاصل ہوگی' اور اگر دیکھے کہ لوٹے سے پانی پیا ہے۔ دلیل ہے کہ باندی سے جماع کرے گا اور اگر دیکھے کہ لوٹا ٹوٹا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی لونڈی مرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوٹا مال اور نعمت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سونے یا چاندی کا لوٹا ہے تو حسب منشا اس کو مال ملے گا' لیکن اس میں تہمت ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کی پاس سیسے یا قلعی کا لوٹا ہے تو مال اور نعمت پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوٹا نو وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) خادم' (۳) کنیز' (۴) دین کا قیام' (۵) جسم کی درستی' (۶) عمر دراز' (۷) مال' (۸) خیر و برکت' (۹) عورتوں کی میراث۔

اور کوزہ لٹکانے والے کو برادہ کہتے ہیں اور اس کی تاویل سردار اور امیر زادی ہے۔

گوسالہ (بچھڑا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس

نے بچھڑا لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہو گا' اور اگر بچھڑی ہے تو لڑکی ہو گی' اور اگر دیکھے کہ بچھڑے کو گھر میں لے گیا ہے اور اس پر ہاتھ پھیرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غمناک ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بچھڑا اس کے گھر میں آمد روفت کرتا ہے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے کہ اور اگر دیکھے کہ اس نے جنگلی بچھڑا پکڑا ہے تو فرزند پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ بچھڑے کی پشت پر سوار ہے۔ **دلیل** ہے کہ عجمی بادشاہ کو ملے گا اور اس سے مرتبہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا بچھڑا مر گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند مرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا بچھڑا ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے فرزند اس سے جدائی تلاش کریں گے۔ اگر دیکھیں کہ اس کے پاس بچھڑا ہے اور اس نے اس کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنے فرزند کی میراث کھائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بچھڑا سفید ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند پارسا اور مبارک اور تونگر ہو گا' اور اگر ابلق دیکھے تو درمیانے درجے پر **دلیل** ہے' اور اگر بچھڑا قوی اور فربہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند تندرست اور نیک احوال ہو گا' اور اگر ضعیف اور دُبلا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

گوسفند (بکرا' بکری)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گوسفند غنیمت ہے۔ اگر دیکھے کہ بکریاں چراتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی جماعت پر بزرگی اور سرداری پائے گا' اور اگر دیکھے کہ بعض بکریاں سیاہ ہیں اور بعض سفید ہیں۔ **دلیل** ہے کہ وہ

جماعت عرب اور عجم سے مخلوط ہوگی' اور اگر دیکھے کہ بہت سی بکریاں جمع ہوئی ہیں اور جانتا ہے کہ سب اس کی ملک ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کو بہت سا مال حاصل ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے بکری گردن پر اٹھائی ہوئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کی محنت اپنے ذمہ لے گا' اور اگر دیکھے کہ بکری کا پکایا ہوا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اسی قدر مال غنیمت حاصل ہوگا' اور اگر دیکھے کہ بھون کر گوشت کھایا ہے تو غم و اندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ کھانے کے لئے بکری ذبح کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور اس کا مال کھائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بکرا پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی صحبت کسی بڑے آدمی سے ہوگی اور اس سے بزرگی اور مال پائے گا' اور اگر دیکھے کہ بکرے کا گلا کاٹ کر اس کو چھوڑ دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی پر فتح پائے گا اور اس کا مال لے گا اور خرچ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بکرے پر بیٹھا ہے اور وہ اس کا فرماں بردار ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی پر غالب آئے گا' اور اگر دیکھے کہ بکرا اس پر غالب ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے بکرے کا سر اور پاؤں توڑے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ جس شخص کی اوپر صفت بیان ہوئی ہے اس پر غالب آئے گا' اور اگر دیکھے کہ بکرے کا سر اور پاؤں قوی اور دراز ہیں۔ **دلیل** ہے کہ وہ شخص قوی اور توانا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ پشم اس نر بھیڑ کے جسم پر لمبی لمبی تھی **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت زیادہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے بھیڑ کی بہت سی پشم اتاری ہے اور جانتا ہے کہ اس کی **ملک** ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر لوگوں پر حکومت کرے گا اور ان کو ماتحت بنائے گا' اور ان سے مال و نعمت پائے گا' اور بعض اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اس ہر ایک بھیڑ کے عوض میں ایک ایک سال بزرگی اور شرف کا حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مادہ بھیڑ خواب میں بڑی اور سخی عورت ہے۔قصہ داؤد علیہ السلام میں فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ان ھذا اخی لہ تسع وتسعون نعجۃ ولی نعجۃ واحدۃ (اس میرے بھائی کی ننانویں دُنبیاں ہیں اور میری صرف ایک دُنبی ہیں۔)

اور اگر دیکھے کہ اس نے مادہ بھیڑ پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے دلیل ہے کہ گذشتہ صفت کی عورت اس کی محبّ اور خواست خوار ہوگی اور اس سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بھیڑ ضائع ہوئی ہے۔دلیل ہے کہ وہ عورت اس سے جدا ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ اس نے بکری کا گلا کاٹا ہے۔دلیل ہے کہ پارسا عورت پر بہتان لگائے گا' اور اگر بکری سیاہ ہے۔دلیل ہے کہ وہ عورت عرب سے ہوگی' اور اگر سفید ہے تو وہ عورت عجم سے ہوگی اور بکری کا چمڑا غنیمت اور مالِ حلال ہے اور خواب میں گوسفند کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔(۱)سردار'(۲)سرداری'(۳)مال'(۴)فرمان'(۵)مرتبہ اور منفعت۔

گوشت ہا(کئی طرح کے گوشت)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں جس قدر کہ پختہ گوشت کھائے جائیں مال اور منفعت پر دلیل ہے۔جس کو آسانی سے حاصل کرے گا اور خام گوشت کو کھانا دلیل ہے کہ مال کو رنج اور سختی سے حاصل کرے گا اور گوشت کی خرید وفروخت غم واندوہ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ پختہ گوشت کا کھانا بھنے ہوئے سے بہتر ہے اور بھنے ہوئے کا کھانا خام سے بہتر ہے اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم کا گوشت کھایا ہے۔دلیل ہے کہ اپنے اہل خانہ کی غیبت کرے گا' اور بعض اہل

تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جس سے پشیمان ہوگا' اور اگر دیکھے کہ لوگوں کا گوشت کھاتا ہے۔ تو دلیل یہ ہے کہ ناحق لوگوں کی غیبت کرے۔ بقولہ تعالیٰ۔ ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرھتموہ (پ ۲۶ ع ۱۴) (ترجمہ) بھلا یہ خوش لگتا اور پسند آتا ہے تم میں سے کسی کو یہی کہ وہ کھائے گوشت اپنے بھائی کا جو وہ مر گیا ہو سو گھن آئے تم کو اس سے۔

اگر دیکھے کہ کسی شخص کو پھانسی پر لٹکایا ہے اور وہ اس کا گوشت کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حرام کھائے گا اور اگر دیکھے کہ فربہ بکری کا گوشت پکایا ہوا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مال اور نعمت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ ذبح کی ہوئی بکری اپنے گھر میں لایا ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی سردار وہاں مرے گا' اور اگر دیکھے کہ بکری کا تھوڑا جسم اپنے گھر میں لایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس گھر میں کوئی ہلاک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ فربہ گوشت کا خواب میں دیکھنا لاغر سے بہتر ہے' اور اگر دیکھے کہ تازہ گوشت سے کسی کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو زبان سے رنجیدہ کرے گا اور اس کی غیبت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بھنا ہوا گوشت کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر غم واندوہ سے روزی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ قصاب سے گوشت لیا ہے اور اس کی قیمت دی ہے اور اپنے گھر کو لے گیا ہے دلیل ہے کہ ہلاک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے اژدہا کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال لے گا اور خرچ کرے گا اور دشمن کو مغلوب کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے گھوڑے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ خلقت میں نیک نام ہوگا اور اس کو بادشاہ سے کچھ ملے گا' اور اگر دیکھے کہ اونٹ کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن سے مال لے گا اور کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے اونٹ کے بچہ کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس قدر یتیم کا مال کھائے گا اور بیمار ہوگا اور پھر شفا پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے عقاب کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو ظالم بادشاہ سے روپیہ پیسہ ملے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے ہرن کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر خوب صُورت عورت سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بکری کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو دشمن سے مال مفت حاصل ہوگا اور خرچ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے ابابیل کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مصیبت میں گرفتار ہوگا یا بیمار ہوگا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ابابیل کا گوشت خواب میں کھانا دشمن کا مال کھانا ہے اور اگر دیکھے کہ بطخ کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے چیتے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ لڑائی میں نام پائے گا اور بزرگی حاصل کرے گا' اور اگر چڑیا کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کسی دولت مند شخص کا یا اپنے فرزند کا اسی قدر مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بندر کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ ہاتھی کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ چرخ کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ ظالم بادشاہ سے نفع پائے گا' اور اگر دیکھے کہ چکور کا گوشت کھایا ہے تو غدار شخص کا مال کھائے گا' اور اگر الو کا گوشت کھائے تو چوری کا مال کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ چکاوک کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ غلام کا مال کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ گدھے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حرام کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ خرگوش کا گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ عورت کا مال کھائے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ وراثت کا مال پائے گا' اور اگر دیکھے کہ مرغے کا گوشت کھایا ہے۔ تو عجمی مرد کا مال کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ کیکڑے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مالِ حرام کھائے گا' اور اطاعت حق میں سستی کرے گا' اور اگر

دیکھے کہ تیتر کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کا مال لے گا اور خرچ کرے گا‘ اور اگر دیکھے کہ نیولے کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیمار ہو گیا ترس اور خوف کھائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ سنگ خوارہ کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب بے وقوف شخص کے مال سے فائدہ اور منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے گوہ کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مسافر شخص سے خیر و منفعت پائے گا‘ اور بعض کہتے ہیں کہ دنیا کی زینت اور اس کے کمال پر **دلیل** ہے‘ اور اگر دیکھے کہ کتے کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا‘ اور سنجاب کا گوشت کھانا مسافر شخص کا گوشت کھانا ہے‘ اور سیمرغ کا گوشت کھانا **دلیل** ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی کا مال حاصل ہو گا‘ اور شاہین کا گوشت کھانا **دلیل** ہے کہ ظالم شخص کے مال سے نفع پائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ بکری کے بچہ کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی گم کردہ راہ کا راہ سے ملے گا‘ اور اگر شیر کا گوشت کھائے **دلیل** ہے کہ تجارت میں اپنوں کے ساتھ جھگڑا کرے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے مور کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال اور نعمت پائے گا‘ اور اگر طوطے کا گوشت کھائے تو بے فائدہ علم سیکھے گا‘ اور اگر فنک کا گوشت کھائے تو عورت کا مال لے گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے قمری کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خوب صورت عورت سے منفعت پائے گا‘ اور اگر گائے مادہ کا گوشت کھائے۔ **دلیل** ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا اور اس کا کام انتظام سے ہو گا۔

اور اگر دیکھے کہ جنگلی گائے کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کو عورت یا کنیز کے مال سے نفع ہو گا‘ اور اگر کبوتر کا گوشت کھائے تو عورت کے مال سے فائدہ ہو گا‘ اور اگر بلی کا گوشت کھائے **دلیل** ہے کہ نفع پائے گا‘ اور اگر بھیڑیئے کا گوشت کھائے۔ **دلیل** ہے کہ ظالم بادشاہ سے مال حرام پائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ

کچھوے کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی عالم سے علم حاصل کرے گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے بجو کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بڑھیا عورت اس پر جادو کرے گی‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے عقعق کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جنگلی آدمی کا مال کھائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے گورخر کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال اور منفعت پائے گا‘ اور مرغی کا گوشت کھانا **دلیل** ہے کہ اس کو کنیز یا خادم کی طرف سے مال ملے گا‘ اور مچھلی کا گوشت کھانا **دلیل** ہے کہ عورت کے مال سے کچھ کھائے گا اور مرغابی کا گوشت کھانا بزرگی اور ولایت پر **دلیل** ہے۔

اور اگر دیکھے کہ مردہ شخص کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی بدی کرے گا‘ اور اگر دیکھے کہ مگرمچھ کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو رنج اور بلا پہنچے گی‘ اور ہدہد کا گوشت کھانا **دلیل** ہے کہ دانا اور بزرگ شخص سے منفعت پائے گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے ہما کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو بادشاہ سے راحت حاصل ہو گی‘ اور اس کا مرتبہ بلند ہو گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے بلبل کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو عورت یا فرزند یا غلام سے نفع ہو گا‘ اور اگر دیکھے کہ اس نے باشہ کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن کا مال کھائے گا اور چیتے کا گوشت کھانا بھی دشمن کے مال کھانے پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے ہے کہ خواب میں جانوروں کا گوشت دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) مال‘ (۲) میراث‘ (۳) تونگری‘ (۴) مصیبت اور اندوہ۔

گوش (کان)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا کان گر پڑا ہے یا کٹ گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی

لڑکی مرے گی یا آپس سے جدا ہوں گے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے' اور اگر خواب میں دیکھے کہ بہرہ ہوا ہے' اور کچھ بھی سن نہیں سکتا ہے۔ تو یہ اس کے فسادِ دین اور فسادِ دیانت پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کان کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) خیر اور منفعت' (۳) دوست' (۴) کہیں جانا' (۵) فرزند' (۶) غلام' (۷) مال اور مراد' (۸) خوف اور وحشت۔

گوشوارہ (جھمکے)

گوشوارہ جھمکا۔ کان کا زیور ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے دونوں کانوں میں گوشوارے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کی آرائش و زیبائش پہلے سے زیادہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں کانوں میں بیش قیمت مروارید لٹکے ہوئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ علم اور قرآن مجید سیکھے گا اور دانا اور عالم ہوگا' اور اگر ایک کان میں مروارید دیکھے اور دوسرے میں نہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب علم اور قرآن مجید سیکھے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس دو گوشوارے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا' اور اگر مرد دیکھے کہ اس کی عورت کانوں میں دو بالیاں رکھتی ہے۔ ایک سونے کی ہے اور ایک چاندی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کو طلاق دے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گوشوارہ دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) فرزند خوبصورت اور آرائش' (۲) علم اور قرآن مجید سیکھنا' (۳) بزرگی' (۴) عورت کو طلاق دے کر غم واندوہ پانا۔

کوشک (محل)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ محل میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا چاہا ہوا مال حاصل ہو گا۔ خاص کر اگر محل خشت خام یا مٹی کا ہے' اور اگر پختہ اینٹ یا مٹی کا ہے تو مال پر دلیل ہے لیکن اس کے دین میں نقصان ہو گا' اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو محل دیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ بادشاہ سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا محل خراب ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال تلف ہو گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے محل میں آگ لگی ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ صاحب خواب سے تاوان لے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں محل کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) نعمت' (۲) ولایت' (۳) مرتبہ' (۴) ریاست' (۵) بزرگواری' (۶) بادشاہی' (۷) راحت' (۸) محل کی بلندی اور خوبی کے مطابق خوشی اور شادی اور مرتبہ حاصل کرے گا۔

گوگرد (گندھک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گندھک غم و اندوہ ہے اور گندھک کے دیکھنے میں خیر و منفعت نہیں ہے۔

کودک (بچہ)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں بچپن غم واندوہ ہے اور اگر دیکھے کہ بچہ بن گیا ہے اور معلم کے آگے کتاب پڑھ رہا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم و اندوہ میں گرفتار ہوگا۔ کیونکہ بچہ فساد سے صلاح کو چاہتا ہے اور اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر اپنے آپ کو بچہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام ضعیف ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے آگے بھنا ہوا بچہ رکھا ہے اور اس نے کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ بہت خیر پائے گا اور وہ بچہ بڑے مرتبہ کو پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خوب صورت لڑکا تاویل میں فرشتہ ہے اور بدصورت لڑکا منفعت ہے' اور اگر مرد دیکھے کہ وہ شیر خوار ہو گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مقصود سے رُکے گا' اور اگر مرد دیکھے کہ کسی بچہ کو دودھ دیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جننے کے وقت سلامت رہے گا۔

کوہ (پہاڑ)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر اپنے آپ کو بلند پہاڑ پر دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو بزرگ آدمی اپنی پناہ میں لے گا' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کو اس کی جگہ سے کھینچا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی سے عزت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر چڑھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عزت اور مرتبہ پائے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اگر مشکل سے پہاڑ پر چڑھا ہے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ پہاڑ سے نیچے اترا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی بزرگی اور مرتبے کو نقصان پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر مقام بنایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ بادشاہ سے عزت پائے گا اور اس کا مقرب ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پہاڑ پر اذان

دی ہے اور نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام خیر وخوبی سے ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہاڑ اور محل کے اوپر جانا مراد کے پورے ہونے پر **دلیل** ہے اور اگر اپنے آپ کو نیچے اترتا ہوا دیکھے تو اول کے خلاف تاویل ہے اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کے دامن پر گرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غمناک ہوگا' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کے دامن پر نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ دین کے موافق کام کرے گا' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر اس کی ہمراہی میں بادشاہی لوگ ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے عزت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ نے اپنی جگہ سے حرکت کی ہے اور پھر قرار پایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہاں کوئی بڑا آدمی بیمار ہوگا اور پھر شفاء پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے آسانی کے ساتھ پہاڑ کھودا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جلدی عطاء پائے گا اور اگر دیکھے کہ مٹی کا پہاڑ ہے **دلیل** ہے کہ اس کو کنجوس سردار سے طمع ہوگی' اور اگر دیکھے کہ وہ کوہ قاف پر بیٹھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی موت قریب ہوئی ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوہ طور پر ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کو اس پر بھروسہ ہوگا اور اس کی مراد پوری ہوگی' اور اگر اپنے آپ کو کوہ عرفات پر دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ توبہ کرے گا اور گناہ سے پشیمان ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کوہ لبنان پر **دلیل** ہے کہ وہ علماء اور صلحاء سے صحبت رکھے گا' اور اگر دیکھے کہ تاریک پہاڑ پر ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو ہلاکت کا خوف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ وہ کسی پہاڑ میں بدراہ ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی موت قریب ہے یا قید خانے میں جائے گا اور اگر اپنے آپ کو روشن پہاڑ پر دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ مال حاصل کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ ویران پہاڑ

پر ہے اور پتھر بکھرے ہوئے ہیں اور وہ مشکل سے چلتا ہے اور تیر ڈالتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو ظالم بادشاہ سے خوف ہوگا' اور اگر دیکھے کہ دو پہاڑوں میں چلتا ہے اور پیر ڈالتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دو بڑے آدمیوں میں وسیلہ بنے گا اور اگر دیکھے کہ پہاڑ میں سوراخ ہے اور وہ اس سوراخ کے اندر گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کے راز سے آگاہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس سوراخ سے کوئی چیز نکالی ہے_ **دلیل** ہے بادشاہ سے عطاء پائے گا۔

حضرت حافظ معبر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پہاڑ کے اوپر چڑھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بزرگ آدمی کی خدمت میں مشغول ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ کئی پہاڑوں سے پتھر لئے ہیں اور ہر ایک پتھر اپنی جگہ پر پھینکتا تھا اور اس کو وہاں سے لیتا تھا اور پہاڑ کے اوپر رکھ دیتا تھا **دلیل** ہے کہ مال کو قہر سے جمع کرے گا۔

اگر وہ دیکھے کہ پہاڑوں میں ایک کنارے میں جگہ لئے ہوئے تھا **دلیل** ہے کہ صاحب خواب کسی بڑے آدمی کی خدمت کرے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ پہاڑ سے نیچے گرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ پر پختہ اینٹوں اور چونے کی سیڑھی بنی ہوئی ہے اور وہ اس پر سے پہاڑ کی چوٹی پر گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی مراد جلد حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کچی اینٹ اور گارے کی ہے تو اس کی عمدہ تاویل ہے' اور اگر سیڑھی تانبے کی ہے تو بد ہے' اور اگر بھرت کی سیڑھی ہے تو اس کی مراد پوری نہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا مقرب خاص ہوگا' اور بہت سا مال پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پہاڑ کا دیکھنا پانچ

وجہ پر ہے۔ (۱) بادشاہ' (۲) منشی کا کام' (۳) فتح پانا' (۴) بلندی حاصل کرنا'
(۵) سرداری پانا۔

گوہر (موتی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موتی کا دیکھنا خوبصورت' دولت مند عورت کا دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس موتی ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے موتی ہیں۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ موتی بیچتا ہے۔ دلیل ہے کہ عورتوں کے شغل میں مشغول ہوگا اور دلالی کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بعض موتیوں میں سوراخ ہیں اور بعض کی بابت علم نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ کنواری اور بیوہ عورتوں کی دلالی کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید موتی فرزند ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس سفید موتی ہے دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موتی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے (۱) مال (۲) علم (۳) مشہور فرزند (۴) بیش قیمت چیز (۵) خوبصورت عورتیں (۶) فائدہ مندبات (۷) خیر و برکت (۸) نیک کام کرنا۔

اور اگر صاحب خواب پارسا نہیں ہے تو اس کے لئے پشیمانی پر دلیل ہے اور خواب میں گوہر فروش صاحب علم و حکمت ہے۔

کوچہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ آباد کوچے میں ہے دلیل ہے کہ اس کو خیر و منفعت پہنچے گی خاص کر اگر اس میں مصلح لوگ ہیں اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کو بدی اور نقصان اور ضرر پہنچے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ فراخ کوچہ میں مقیم ہے تو اس کے لئے غم و اندوہ پر دلیل ہے۔

کاکیرہ بوٹی (کیکر)

اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس کیکر ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے دلیل ہے کہ غم ناک ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے کیکر کھایا ہے تو سخت تر غم و اندوہ پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو کیکر دیا ہے دلیل ہے کہ اس کو غم و اندوہ پہنچائے گا اور کیکر کے دیکھنے میں کسی طرح بھی خیر و نفعت نہیں ہے اور اللہ تعالی ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف لام

لباچہ (لبادہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لبادہ دیکھنا نیکی اور دین کی پائیداری ہے خاص کر اگر سبز ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس سمور یا سنجاب

کا لبادہ ہے **دلیل** ہے کہ دیانت دار مرد کی پناہ میں آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس سبز لبادہ ہے **دلیل** ہے کہ اس کو با امانت شخص سے نفع پہنچے گا اور اگر سرخ پہنا ہوا ہے **دلیل** ہے کہ وہ کوئی اندوہ اور مصیبت پائے گا۔

اور اگر سفید ہے تو مصلح اور تونگر شخص سے نفع پائے گا اور اگر زرد ہے تو بیماری پر **دلیل** ہے اور اگر نیلے رنگ کا پہنا ہوا ہے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے کہ اگر سیاہ پہنا ہوا ہے اور صاحب خواب قاضی یا خطیب ہے **دلیل** ہے کہ خیر و نیکی پائے گا اور اگر قاضی اور خطیب نہیں ہے تو نقصان اور بے حرمتی پر **دلیل** ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کہ ریشم کا لبادہ مردوں کے لئے نقصان کی **دلیل** ہے اور عورتوں کے لئے خوشی ہے اور عنابی رنگ کا لبادہ مردوں اور عورتوں کے لئے نیک ہے اور سفید فراخ خیر اور نیکی پر **دلیل** ہے اور خواب میں تنگ لبادہ نقصان مال پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سوتی لبادہ مردوں اور عورتوں کے لئے نیک ہے اور خواب میں لبادہ چار وجہ پر ہے (۱) عورتیں (۲) امانت داری (۳) کاموں کی درستی (۴) خیر و منفعت۔

لباس (پوشاک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ گرمی کا لباس جاڑے میں پہنا ہے **دلیل** ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا لیکن اس کو بڑا خوف اور ڈر پہنچے گا لیکن اس کا انجام نیک ہوگا اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے مردوں کا لباس پہنا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے شوہر کو کچھ ملے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی بیداری کی نسبت

خواب میں برا لباس دیکھے دلیل ہے کہ اس کا کام بد ہوگا اور اگر عمدہ دیکھے تو اس کا کام بہتر ہوگا اور اگر اپنا لباس سرداروں جیسا دیکھے دلیل ہے کہ سردار ہوگا اور اگر اپنے اوپر بدکاروں کا لباس دیکھے دلیل ہے کہ بہت گناہ کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا لباس بادشاہوں کا ہے دلیل ہے کہ بادشاہ سے خیر اور منفعت پائے گا اور اگر عالموں کا لباس پہنا دیکھے دلیل ہے کہ علم سے حصہ پائے گا اور اگر صوفیوں کا لباس رکھتا ہے دلیل ہے کہ دنیا سے دست بردار ہوگا اور اگر دولت مندوں کا لباس رکھتا ہے دلیل ہے کہ مال جمع کرنے پر حریض ہوگا اور اگر دیکھے کہ یہودیوں اور عیسائیوں کا لباس رکھتا ہے دلیل ہے کہ اس کا دل ان کی طرف مائل ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لباس کا دیکھنا سات وجہ پر ہے (۱) دین پاک (۲) توانگری (۳) عزت اور مرتبہ (۴) منفعت (۵) خوش عیش (۶) عمل نیک (۷) عدل چاہے گا۔

لب ہا (لب)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لبوں کا دیکھنا مراد کے پورے ہونے پر دلیل ہے اور نیچے کا لب اوپر کے لب سے بہتر ہے اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ لب خواب میں خویش اور قریبی ہیں اگر دیکھے کہ اوپر کا لب اپنی جگہ سے زائل ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کا مال زوال میں ہوگا اور نیچے کے لب کی بھی یہی تاویل ہے اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کا نیچے کا لب کاٹا ہے دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا عورت اس کو ہلاک کرے گی اور اگر دونوں لب گرے ہوئے دیکھے دلیل ہے کہ اس کے ماں باپ کی طرف سے مصیبت پہنچے گی اور یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ چغل خور ہوگا اور اگر اپنے لبوں کو دردمند دیکھے دلیل ہے کہ غمگین ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے لب آپس میں چسپیدہ ہیں اس طرح کہ کھل نہیں سکتے ہیں

دلیل ہے کہ اس کا کام رکے گا اور اگر عورت اپنے لب پر سیاہ کال یعنی تل دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عزت زیادہ ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اپنا لب دانتوں میں پکڑ کر زخمی کیا ہے دلیل ہے کہ اس کا جھگڑا ہوگا جس سے ہلاکت کا خوف ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے لب سوجے ہوئے ہیں دلیل ہے کہ اس کا مال زیادہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے لب سرخ ہوگئے ہیں دلیل ہے کہ حاکم بنے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے لب سبز یا سفید ہیں دلیل ہے کہ دوستوں کی وجہ سے غم کھائے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے لب کمزور اور ضعیف ہیں دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوپر کا لب لڑکوں اور نیچے کا لب لڑکیوں پر دلیل ہے۔

لحاف

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لحاف عورت ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیا اور پاکیزہ لحاف ہے دلیل ہے کہ عورت کرے گا اور اگر دیکھے کہ نیا لحاف خریدا ہے تو دلیل ہے کہ کنواری باندی خریدے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا لحاف ضائع ہوا ہے دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا اور اگر لحاف پھٹا ہوا اور میلا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا عیال ناموافق اور لڑاکا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس لحاف ہے دلیل ہے کہ دیندار اور تو انگر عورت کرے گا اور اگر سفید لحاظ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت تونگر اور پارسا ہوگی اور اگر سرخ لحاف دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عورت عیاش ہوگی اور زرد لحاف دیکھے تو بیمار جیسی عورت پر دلیل ہے اور رنگدار لحاف مکار اور فریبی عورت پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیا لحاف دیکھنا تین وجہ پر ہے (۱) علم والی عورت' (۲) کنواری لڑکی (۳) کنواری باندی۔

لرزیدن (کانپنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ اس کی گردن کانپتی ہے **دلیل** ہے کہ امانت داری میں ضعیف ہوگا اگر دیکھے کہ اس کا سر کانپ گیا ہے **دلیل** ہے کہ اس کو حاکم سے نقصان پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ اس کی گردن کانپتی ہے **دلیل** ہے کہ زینت اور آراستی نہ رکھے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ کانپتے ہیں **دلیل** ہے کہ وہ نیک معیشت والا ہوگا اور اگر دیکھے کہ سینہ اس کا کانپ رہا تھا تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ کوئی ایسی بات سنے گا کہ جس سے اندوہگیں و غمناک ہو اور اگر دیکھے کہ اس کا پیٹ کانپ رہا ہے تو **دلیل** یہ ہے کہ جس شخص کی طرف سے اس کو قوت حاصل ہے اور اس کی پناہ اس کی طرف سے کوئی رنج و تکلیف اس کو نہ پہنچے اور اگر دیکھے کہ پاؤں اس کا کانپ رہا تھا تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ بسبب اپنی کسی مراد کے کہ جس کے وہ درپے ہو کوئی رنج و سختی دیکھے حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ کانپنا جسم کے اعضاء کا خواب میں کوئی خوف و ہراس ہوتا ہے۔

لرزیدن چیزہا (چیزوں کا کانپنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ آسمان کانپتا ہے **دلیل** ہے کہ اس **ملک** میں فتنہ اور فساد اور ظلم بہت ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ آفتاب اور چاند کانپتے ہیں **دلیل** ہے کہ اس **ملک** کے بادشاہ کو رنج اور ضرر پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ ستارے کانپتے ہیں **دلیل** ہے کہ بادشاہ کے مقربوں میں پریشانی ظاہر ہوگی۔

لعل ایک قیمتی پتھر ہے حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لعل خواب میں خوب صورت اور مالدار عورت ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس لعل آتشیں ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے یا اس نے خریدا ہے **دلیل** ہے کہ اس قسم کی عورت کرے گا یا پاکیزہ عقل مند کنیز خریدے گا اور اگر اس کی عورت موجود ہے تو پاکیزہ لطیف صورت لڑکی جنے گی اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے لعل ہیں **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا لیکن دین سے وہ گمراہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کسی دوست نے اس کو لعل کا ٹکڑا دیا ہے **دلیل** ہے کہ اسی قدر اور قیمت کی مالدار عورت اپنے خویشوں میں سے کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی بیگانے نے لعل کا ٹکڑا دیا ہے **دلیل** ہے کہ نامعلوم عورت اس صفت کی کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی جوان نے لعل کا ٹکڑا دیا ہے **دلیل** ہے کہ مال حاصل کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لعل کا دیکھنا چار وجہ پر ہے (۱) عورت (۲) کنیز (۳) منفعت (۴) دنیا کا مال اور لڑکیاں۔

لعوق (چٹنی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ چٹنی کا مزہ شیریں اور خوشبودار ہے تو خیر و منفعت پر **دلیل** ہے اور اگر انار اور چلغوزہ اور خشخاش وغیرہ کی چٹنی دیکھے اگر تلخ اور ترش اور بدبودار ہے تو بدی اور نقصان پر **دلیل** ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں چٹنی خیر و منفعت پر **دلیل** ہے اور ترش کی تاویل اس کے خلاف ہے۔

لفاح الشمامہ (دستنبویہ)

لقمہ (نوالہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کسی نے شیریں نوالہ اس کے منہ میں رکھا ہے دلیل ہے کہ وہ شخص اس کو عمدہ بات کہے گا اور اگر وہ لقمہ غلیظ اور ترش ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے منہ میں لذیذ اور شیریں لقمہ کسی نے رکھا ہے اگر مصلح ہے تو مال حلال پر دلیل ہے کہ اور اگر لقمہ شیریں گرم ہے دلیل ہے کہ کسی بات سے بلا میں پڑے گا اور اگر لقمہ اس کے حلق سے آسانی سے گیا ہے تو اس کی تاویل اوّل کے خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ منہ میں نوالہ رکھنا تین وجہ پر ہے (۱) بوسہ دینا (۲) پاکیزہ بات کہنا (۳) لقمہ کے اندازے کے مطابق منفعت۔

لقوہ (بیماری ہے)

لقوہ ایک بیماری ہے جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لقوہ کی بیماری سے اس کا چہرہ ٹیڑھا ہو گیا ہے دلیل ہے کہ لوگوں کو نزدیک ذلیل وخوار ہو گا اور اگر دیکھے کہ اس کا چہرہ خوبصورت اور عمدہ ہے دلیل ہے کہ لوگوں میں معزز اور مقبول ہو گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لقوہ نفاق پر دلیل ہے کہ لوگوں میں نفاق کی باتیں کرے گا اور اگر دیکھے اس کو لقوہ ہو گیا ہے بیماری کے ظاہر ہونے اور نقصان دین پر دلیل ہے۔

لگام

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ لگام ٹوٹی یا ضائع ہوئی ہے دلیل ہے کہ اس کے مرتبہ اور بزرگی میں نقصان ہوگا اور اگر دیکھے کہ گھوڑوں کی طرح اس کے سر پر لگام ہے دلیل ہے کہ روزہ رکھے گا اور گناہوں سے توبہ کرے گا۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص نابکارہ اور بدخصال ہے اس کے منہ میں لگام ڈالی جاتی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لگام نیک آدمی کے سر پر ہوتی ہے کہ ہمیشہ مالک کے حکم میں ہوتا ہے اور آزاد سر اچھا نہیں ہے اور بیان کرتے ہیں کہ خواب والا باادب اور دانائی والا شخص ہوتا ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لگام تین وجہ پر ہے (۱) شرف اور بزرگی (۲) روزہ رکھنا (۳) ادب اور دانائی اور خواب میں لگام فروش ولایت کے کاموں کی تدبیر کرنے والا ہے۔

لکد زدن (لات مارنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی کو لات ماری ہے دلیل ہے کہ اس سے یا اس کے خویشوں سے اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور اگر دیکھے کہ اس کو گھوڑے نے لات ماری ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مرتبے اور بزرگی میں نقصان ظاہر ہوگا اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ صاحب خواب فساد میں مشغول ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کو عورت نے لات ماری ہے دلیل ہے کہ عورت کی وجہ سے اندوہگین ہوگا اور اگر دیکھے کہ موٹی بڑھیا نے لات ماری ہے دلیل ہے کہ اس کا مال تلف ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کو

اونٹ نے لات ماری ہے دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے اس کو نقصان پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ اس کو بیل نے لات ماری ہے دلیل ہے کہ اس کو اس سال میں نقصان پہنچے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لات مارنا چار وجہ پر ہے (۱) نقصان (۲) مضرت (۳) غم واندوہ (۴) عیال کا فساد۔

لک

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس لک ہے دلیل ہے کہ کسی کمینہ سے اس کو نفع حاصل ہوگا اور دیکھے کہ لک کو آگ پر رکھا ہے اور دھواں نکلتا ہے دلیل ہے کہ اس کام ونام نیکی کے ساتھ ملک میں مشہور رہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ لک کھایا ہے تو غم ناک ہونے پر دلیل ہے کہ اور اگر دیکھے کہ چھری اس کے ہاتھ میں ہے اور اس کو لک کے ساتھ جوڑ کر مضبوط کرتا ہے دلیل ہے کہ دو دانا اور پارسا شخصوں میں صلح کرائے گا۔

لوبیا (ایک سبزی ہے)

لوبیا ایک قسم کی سبزی ہوتی ہے حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوبیا اگر اپنے موسم پر دیکھے تو اچھا ہے اور اگر بے موسم پختہ یا خام دیکھے تو غم واندوہ پر دلیل ہے۔

لوح محفوظ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوح محفوظ عام تاویل میں بادیانت شخص ہے جو اپنے مال کو راہِ خدا میں خرچ کرتا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لوح محفوظ کی تاویل علم اور حکمت اور قرآن مجید ہے اگر دیکھے کہ لوح محفوظ چھوٹی اور حقیر ہے دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا اگر دیکھے کہ لوح محفوظ پر کچھ لکھتا ہے دلیل ہے کہ اس کا کام نیک ہوگا اور اگر دیکھے کہ لوح پر چلتا ہے دلیل ہے کہ اس کا کسی بڑے بادشاہ سے کام پڑے گا اور وہ اس میں حاکم ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کا نام لوح محفوظ پر لکھا ہوا ہے دلیل ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوح محفوظ کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے (۱) زیارت (۲) فرزند (۳) علم (۴) ہدایت (۵) حکومت (۶) حکمت۔

لوزنیہ (بادام والی چیز)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ لوزینہ شکر کے ساتھ منہ میں رکھی ہے دلیل ہے کہ کسی سے لطیف بات سنے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے بہت سا لوزینہ کھایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا اور اگر اس نے کسی کو لوزینہ دیا ہے دلیل ہے کہ اچھی بات کہے گا یا اس کے لئے نیک کام کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوزینہ کھانا مال اور نعمت پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے لوزینہ کھایا ہے یا خریدا ہے یا کسی نے اس کو دیا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حلال پائے گا اور خرچ کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو لوزینہ دیا ہے دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت دے گا اور اگر دیکھے کہ لوزینہ اس سے ضائع ہوا ہے یا چوری ہوا ہے دلیل ہے کہ صاحب خواب

کے مال کا نقصان ہوگا۔

لنگ شدن (لنگڑا ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لنگڑا ہونا دلیل ہے کہ ایسے کام کرے گا کہ جن میں خیر اور شر اور سستی اور ضعیفی اور ناتوانی ہوگی اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے اگر کوئی اپنے آپ کو لنگڑا اور کمزور دیکھے دلیل ہے کہ لوگوں کی نگاہ میں ذلیل وخوار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی اپنے آپ کو لنگڑا دیکھے دلیل ہے کہ دین اور دنیا میں شکستہ ہوگا اور اس کی مراد پوری نہ ہوگی اور اگر دیکھے کہ اپنے آپ کو جان بوجھ کر لنگڑا بنایا ہے دلیل ہے کہ اپنی معیشت کے کام میں کسی سے مدد مانگے گا اور اگر دیکھے کہ لنگڑا ہوا ہے اور لاٹھی کے سہارے چلتا ہے دلیل ہے کہ کسی معتبر آدمی سے مدد چاہے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی اور اگر دیکھے کہ قصداً اپنے آپ کو لنگڑا بنایا ہے دلیل ہے کہ ظاہری طور سے کسی پر بھروسہ کرے گا اور اصل میں اس پر اعتماد نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اپنے آپ کو دیکھے کہ دونوں پاؤں سے لنگڑاتا ہے اور دونوں ہاتھوں میں لکڑی پکڑ کر چلتا ہے دلیل ہے کہ شادی خانہ داری کے شغل میں عاجز اور درماندہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ کانٹے کی وجہ سے جو اس کے پاؤں میں لگا ہے چل نہیں سکتا ہے دلیل ہے کہ اس آدمی کے شر سے امن میں ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس کے دونوں پاؤں میں کانٹا لگا ہے اور سوجے ہوئے ہیں اور لنگڑاتا نہیں ہے دلیل ہے کہ دشمن اس پر حسد کرے گا اور اس کا مال اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر لنگڑا خواب میں

دیکھے کہ اس کا پاؤں درست ہو گیا ہے اور لنگڑا تا نہیں ہے **دلیل** ہے کہ اس کے بستہ کام کشادہ ہوں گے اور جس مراد سے نا امید ہے وہ پوری ہو گی اور اس کا کام انتظام سے ہو گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لنگڑا پن پانچ وجہ پر ہے (۱) کاموں میں سستی (۲) نامرادی (۳) درویشی (۴) غم واندوہ (۵) عیش وعشرت کا نقصان۔

لوید (بڑا دیگچہ)

لوید تانبے کا بڑا دیگچہ خواب میں گھر کا خدمت گار ہے جس کی اصل عیسائی ہے اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں نیا اور بڑا دیگچہ ہے **دلیل** ہے کہ اس کا خادم با امانت ہوگا اور اگر پرانا اور میلا اور چھوٹا ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ بڑا دیگچہ گر کر ٹوٹا ہے **دلیل** ہے کہ خادم مرے گا۔
حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے بڑے دیگچہ میں سوراخ ہے **دلیل** ہے کہ اس کا خادم بیمار ہوگا اور اگر صاف پانی سے پر دیکھے تو **دلیل** ہے کہ خدمت گار سے اس کو فائدہ ہوگا اور اگر بڑا دیگچہ کھانے کی چیزون سے پر دیکھے **دلیل** ہے کہ اسی قدر خیر ومنفعت پائے گا اور اگر دیکھے دیگچہ میں سے اس نے ان چیزوں کو کھایا ہے **دلیل** ہے کہ اس کو خدمت گار سے خیر اور منفعت حاصل ہو گی۔

لیموں

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لیموں کا موسم اور بے موسم میں دیکھنا بیماری اور درد اور رنج پر **دلیل** ہے کہ اگر سبز ہے تو غم واندوہ کم تر ہوگا اور لیموں کے دیکھنے اور کھانے میں منفعت وخیر نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر کو

خوب جانتا ہے۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف المیم

مار (سانپ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سانپ بدخواہ اور پوشیدہ دشمن ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں سانپ ہے تو گھریلو دشمن پر **دلیل** ہے' اور اگر جنگل میں دیکھے تو بیگانہ دشمن پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ سے لڑائی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن سے جھگڑا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ سانپ اس پر غالب آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح نہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کو کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن سے نقصان پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کو مارا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن کو مغلوب کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال کھائے گا اور خیر اور خوشی دیکھے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کے دو ٹکڑے کئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ دشمن سے انصاف حاصل کرے گا اور اگر دونوں ٹکڑے اٹھا لئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ دشمن کا مال کھائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کے ساتھ مہربانی سے بات کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو درپیش عجیب کام ہوگا کہ اس سے شادی اور خوشی دیکھے گا' اور اگر دیکھے کہ سانپ نے اس کے ساتھ تندی اور تیزی سے بات کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن اس پر

کا مطیع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خزانہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کی آستین سے سانپ نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند اس کا دشمن ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے سانپ کو مارا ہے اور اس کا خون اپنے جسم پر ملا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن کا مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بستر پر سانپ مارا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی عورت مرے گی' اور اگر دیکھے کہ سانپ اس کے گریبان یا اس کے منہ سے نکل کر زمین میں گھسا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ہلاک ہوگا' اور خار مار خواب میں ضعیف اور کمزور دشمن ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سانپ کا دیکھنا دس وجہ پر ہے۔ (۱) طاقت' (۲) زندگانی' (۳) سلامتی' (۴) بادشاہی' (۵) سپہ سالاری' (۶) عورت' (۷) دولت' (۸) موت' (۹) لڑکا' (۱۰) سیلاب۔

مارچوبہ (سانپ بوٹی)

مارچوبہ' ایک قسم کی جڑ ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ زمین سے مارچوبہ جمع کرتا ہے اور اس کا موسم بھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال اور منفعت پائے گا۔
اور اگر دیکھے کہ مارچوبہ خام کھاتا ہے تو رنج اور اس کے نقصان پر **دلیل** ہے۔

مارقشیثا (آنکھ کی دواء کا نام ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مارقشیثا رنج و تکلیف اور بیماری پر **دلیل** ہے اور خواب میں اس کا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

مازو (مشہور دواء ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ درخت سے مازو جمع کئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ رنج اور سختی سے مال جمع کرے گا اور اگر بیمار دیکھے کہ اس کے پاس مازو کا ڈھیر لگا ہوا ہے۔ تو مالِ مکروہ پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ مازو کھاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مالِ حرام کھائے گا' اور اگر مازو زرد ہے تو بیماری پر **دلیل** ہے' اور سبز اور سیاہ مازو غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مازو چار وجہ پر ہے۔ (۱) مال مکروہ' (۲) غم واندوہ' (۳) بیماری' (۴) رنج اور سختی۔

مازریون

مازریون ایک زہریلی چیز ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مازریون موسم اور بے موسم میں غم واندوہ پر **دلیل** ہے اور اس کے کھانے میں نقصانِ مال اور ہلاکت جسم پر **دلیل** ہے اور اس کے دیکھنے میں بہتری نہیں ہے۔

ماست (دہی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میٹھا دہی خیر اور منفعت پر **دلیل** ہے اور ترش غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دہی ایسا مال ہے جو سفر میں حاصل ہوتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے دہی کھایا ہے۔ خاص کر اگر شیریں ہے تو سفر سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ دہی سے مکھن نکالا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب

کو اسی قدر مال حاصل ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے میٹھا دہی کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حلال حاصل کرے گا' اور ترش دہی غم واندوہ ہے۔

ماش (ایک غلہ ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر پختہ ماش خواب میں دیکھے تو تھوڑی خیر پر دلیل ہے اور خام کا کھانا اندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں ماش ہیں اور لوگوں میں تقسیم کر رہا ہے۔ دلیل ہے کہ بے غم ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ماش خشک و تریا خام اور پختہ دیکھنا غم واندوہ پر دلیل ہے۔

ماکیاں (مرغی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرغی خادم یا کنیز پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مرغی خریدی ہے یا کسی نے اس کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز خریدے گا یا خادم مزدوری پر لے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی اور بے اندازہ مرغیاں ہیں۔ دلیل ہے کہ اس قدر خادموں سے مال اور نعمت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغی ذبح کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا اس کے غلام کا فرزند یا اس کی کنیز کسی بلا میں گرفتار ہو گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مرغی کا انڈہ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہو گی یا خادموں سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس

مرغی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی یا خادموں سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرغی باجمال عورت ہے' اور سیاہ مرغی کو دیکھنا چتلی مرغی سے بہتر ہے' اور اگر دیکھے کہ مرغی نے اس کے گھر میں مرغے کی طرح آواز دی ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب ناخوش بات سنے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرغی کا بچہ تین وجہ پر ہے۔ (۱) خوبصورت عورت' (۲) کنیز' (۳) خادم۔

مامیرا (آنکھ کی دواء ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مامیرا ایسی بیماری پر دلیل ہے کہ جس سے صاحب خواب کو خیر اور ثواب حاصل ہوگا۔

مامیثا (ایک بوٹی کا نام ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مامیثا وقت پر یا بے وقت غم واندوہ پر دلیل ہے' اور خواب میں مامیثا کا دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

ماہ (چاند)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں چاند بادشاہ کا وزیر ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے چاند پکڑا ہے یا اس کو اپنی ملک میں دیکھا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا یا وزیر بنے گا۔

اور اگر دیکھے کہ چاند کے ساتھ لڑائی اور جھگڑا کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وزیر سے جھگڑے گا' اور اگر دیکھے کہ چاند کی جگہ پر مقیم ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا وزیر ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے چاند کا نُور لیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وزارت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے آسمان کا چاند پکڑا ہے اور نور و شعاع نہیں رکھتا ہے اور تاریک و تیرہ بھی نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ غموں سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ چاند تیرہ و تاریک ہے اور اپنی جگہ پر نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا وزیر کسی کام کے باعث اس کا محتاج ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چاند خواب میں خاص کر اگر چودھویں کا ہے بادشاہ کو دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ یا وزیر ہلاک ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ چاند اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ لوگ اس پر فریاد کریں گے اور اپنا انصاف چاہیں گے اور وہ شخص ولایت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ دو چاند آپس میں لڑتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ دو بادشاہ آپس میں جنگ کریں گے' اور اگر دیکھے کہ ان میں سے ایک گر کر پارہ پارہ ہو گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ان دو بادشاہوں میں سے ایک گرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چاند اس کے ہاتھ یا گود میں پکڑا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کرے گا' اور اگر پہلی تاریخ کا چاند دیکھے تو **دلیل** ہے کہ وہ عورت اس سے اصل اور نسب میں کم درجہ کی ہوگی' اور اگر چاند آدھا ہے تو **دلیل** ہے کہ عورت کا اصل مولا زادوں کا ہوگا' اور اگر چودھویں کا چاند ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ عورت اصل اور نسب میں اس سے بہتر ہوگی' اور اگر یہ خواب عورت دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس صفت کا شوہر کرے گی' اور اگر دیکھے کہ چاند پاکیزہ اور روشن ہے اور اس کے گھر میں آ کر اترا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس گھر میں عورت

کرے گا اور اس سے منفعت پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی چیز نے چاند کو ڈھانپا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا وزیر متغیر ہوگا' اور اگر دیکھے کہ چاند کو گرہن لگا ہے **دلیل** ہے کہ وزیر کا حال بد ہوگا اور وہ معزول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر اپنی جگہ پر چودھویں کا چاند روشن دیکھے اور اس کا نور اس کے گھر کے مقابلہ میں چمکتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس گھر والے بادشاہ یا وزیر سے خیر و منفعت دیکھیں گے' اور اگر چودھویں کے چاند کو تاریک دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو رنج اور نفرت حاصل ہوگی' اور اگر دیکھے کہ پہلی کا چاند اپنے مطلع سے نکلا ہے' لیکن شروع ماہ میں اس کا نور زیادہ ہوا ہے یا بدر ہوگیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا جو بادشاہ یا وزیر ہوگا' اور اگر دیکھے کہ پہلی کا چاند اپنی جگہ سے نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں فرزند آئے گا۔ یا اس کو کوئی مشکل کام پڑے گا کہ لوگوں کو اس سے غم واندوہ ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر کوئی خواب میں چاند کو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس **ملک** کے بادشاہ کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا' اور اگر چاند کا نور زیادہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے لڑکے کی زندگی دراز ہوگی' اور اگر چاند کو چودھویں کا دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی عمر درمیانے درجے کی ہوگی' اور اگر چاند نقصان میں دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ یا وزیر کی خدمت میں مشغول ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ چاند کو ہاتھ میں پکڑا ہے یا چاند اس کی گود میں آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں عالم اور دانا فرزند پیدا ہوگا' اور اگر یہی خواب کوئی بادشاہ کا مقرب دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ وہ بادشاہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے چاند اور سورج اور تمام ستاروں کو پکڑا ہے اور سب ہی تیرہ و سیاہ ہیں۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب ہلاک ہوگا' اور اگر پارسا ہے تو غم واندوہ

میں پڑے گا یا بیمار ہوگا اور آخر کار وہ شفاء پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چاند کو خواب میں دیکھنا سترہ وجہ پر ہے۔(۱) بادشاہ' (۲) وزیر' (۳) مصاحب' (۴) رئیس' (۵) شرف اور مرتبہ' (۶) دوست' (۷) کنیز' (۸) غلام' خادم' (۹) بیہودہ کام' (۱۰) والی' (۱۱) عالم مفسد' (۱۲) بزرگ سردار' (۱۳) باپ' (۱۴) ماں' (۱۵) عورت' (۱۶) فرزند' (۱۷) بزرگواری۔

ماہی (مچھلی)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مچھلی گرم دریا میں دیکھنا بلا اور سختی ہے اور سرد دریا میں دیکھنا فرحت اور خوشی ہے' اور اگر بہت سی تازہ اور بڑی مچھلیاں دیکھے تو مالِ غنیمت پر دلیل ہے' اور اگر چھوٹی دیکھے تو غم واندوہ پائے گا' اور اگر مچھلی کے پیٹ کے درمیان سے مروارید پائے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے خشک یا شور مچھلی دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو کسی رئیس یا بادشاہ سے نقصان پہنچے گا' اور اگر شور مچھلی کھائے۔ دلیل ہے کہ غلام اس کو نقصان پہنچائے گا' اور بعض نے بیان کیا ہے کہ شور مچھلی بھنی ہوئی تاویل میں سفر ہے جو طلب علم یا کسی مرد کی صحبت کے لئے ہوگا' اور چھوٹی مچھلی کا کھانا جھگڑا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز مچھلی کے جسم سے جیسے خون اور ہڈی یا اور کچھ جو مچھلی کے پیٹ میں ہوتا ہے پایا ہے دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور خیر و برکت ہوگی یا غلام خریدے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے دریا میں سے بڑی مچھلی کو پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کے اہل سے عورت نہایت مالدار کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مچھلی تازہ اور بھنی

ہوئی مال اور نعمت ہے۔ کیونکہ تازہ مچھلی بہشت کے کھانوں میں سے ہے اور حضرت عیسٰی علیہ السلام کے دستر خوان پر تھی جو ان کے لئے آسمان سے اترا تھا۔ فرمانِ حق تعالٰی ہے۔ ربنا انزل علینا مائدھت من السماء (اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما۔)

اگر دیکھے کہ مچھلی کے منہ سے نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کام میں جھوٹی بات کہے گا' اور اگر خواب میں مچھلی اس کے عضو تناسل سے نکلے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی' اور اگر عورت دیکھے کہ اس کے منہ سے مچھلی نکلی ہے **دلیل** ہے کہ اندوہگین ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے دریا سے مچھلی پکڑی ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی بڑے آدمی سے مال اور نعمت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے تازہ مچھلی کھائی ہے_ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مچھلیاں بیچتا ہے **دلیل** ہے کہ اس کو اور اس کے لوگوں کو خیر و منفعت پہنچے گی' اور اگر دیکھے کہ حوض یا نہر میں سے مچھلی پکڑتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عام لوگوں سے مکر اور حیلے کے ساتھ کوئی چیز لے گا' اور اگر دیکھے کہ دریا کی مچھلیاں اس کے ساتھ باتیں کرتی ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا راز ظاہر کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مچھلی کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) وزیر' (۲) لشکر' (۳) کنواری لڑکی' (۴) غنیمت' (۵) غم و اندوہ' (۶) ہندو کنیز۔

ماہی خوارہ (بگلا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بگلا عورت ہے۔

اگر دیکھے کہ اس نے بگلے کو پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بگلا اس کے ہاتھ سے اڑا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کو طلاق دے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے بگلے کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر وہ مال خرچ کرے گا۔

حضرت مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بگلہ کی تاویل غم و اندوہ ہے۔

مبرد (سوہان' ریتی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سوہان ہے اور اس سے زنگار اتار رہا ہے **دلیل** ہے کہ مشکل کام اس پر کشادہ ہوگا۔ خاص کر اگر لوہا اس کی **ملک** ہے' اور اگر دیکھے کہ پاکیزہ اور روشن لوہے کو کسی چیز سے رگڑتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ایسا کام کرے گا جس سے ذلت اور نقصان دیکھے گا' اور بعض نے بیان کیا ہے کہ سوہان نرم بات ہے اور اگر دیکھے کہ اس کا سوہان ٹوٹا ہے یا ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کوئی کام کرے گا اور درست نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ گھر کے تانبے کے برتن سوہان سے اجلے کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس سے کوئی چیز گھر کے خادم کو ملے گی۔ یا اس کی وجہ سے خادم کام سے خلاصی پائے گا۔

مطہرہ (لوٹا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیا لوٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ سفر سے خیر و منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لوٹا پرانا اور شکستہ ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لوٹا تین وجہ پر ہے۔(۱) سفر' (۲) مال' (۳) زندگانی۔

مثقبہ (سنبہ' برما)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ برمے سے کسی لکڑی یا درخت میں سوراخ کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکر اور حیلہ سے کوئی چیز لے گا اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا مقصود حاصل ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ برمے سے کسی کے جسم میں سوراخ کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکر اور حیلہ سے کسی شخص کو بلا میں گرفتار کرے گا۔

مجلس علم

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مجلس علم میں بیٹھا ہے اور عالم کسی پر قرآن مجید پڑھتا ہے اور تفسیر قرآن مجید اور حدیث شریف اور توحید بیان کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس جگہ مضبوط عمارت بنائے گا جو شریعت کے خلاف ہو گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ علم کی مجلس میں روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیا کے کام میں مشغول ہو گا اور اس سے خوش ہو گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو غمگین ہونے پر **دلیل** ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس پر مجلس علم میں حال آیا ہے اور بیہوش ہو گیا ہے کہ عقل جاتی رہی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو کوئی کام درپیش ہو گا جس میں سرگشتہ اور حیران ہو گا' لیکن نتیجہ بہتر ہو گا۔

مجلس شراب

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شراب کی محفل میں ہے اور شراب نہیں پی ہے۔ **دلیل** ہے کہ فساد اور حرام میں مشغول نہ ہوگا لیکن اس سے خوش ہوگا' اور اگر دیکھے کہ مجلس شراب میں گویا اور چنگ و چغانہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو غم واندوہ اور جھگڑا ہوگا۔

مجمرہ (انگیٹھی)

مجمرہ انگیٹھی جس میں عود جلاتے ہیں۔ اس کی شرح حرفِ عین میں بیان ہو چکی ہے۔

مجرہ (داوؤں کا برتن)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں مجرہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ پاک دین اور علم والی عورت کرے گا۔ اگر دیکھے اس کے پاس مجرہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ علم والی عورت کرے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔ اگر دیکھے کہ مجرہ پھٹی ہے یا ضائع ہوتی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی عورت مرے گی۔ عورت نہیں ہے تو اس کا کوئی خویش مرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس پر کوئی چیز لکھی ہوئی ہے۔ اگر قرآن مجید یا اسمائے الٰہی لکھے ہیں تو صلاح اور منفعت پر **دلیل** ہے۔ اگر خلاف ہے تو شر و فساد پر **دلیل** ہے۔

محراب

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ محراب میں نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو صالح فرزند کی بشارت ہوگی۔ چنانچہ حضرت زکریا علیہ السلام کی بابت فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ **وھو قائم یصلی فی المحراب** (وہ کھڑا محراب میں نماز پڑھ رہا تھا۔)

اگر دیکھے کہ نماز وقت پر پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند صالح ہوگا' اور اگر دیکھے کہ محراب میں بیٹھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ نماز میں سستی کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے محراب کی عمارت بنائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند عالم اور دانا ہوگا' اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اپنا مال خرچ کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں محراب کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) امام' (۲) بادشاہ' (۳) قاضی' (۴) کوتوال' (۵) لوگوں کا ایلچی ہے۔

مخنث (ہیجڑا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ ہیجڑا ہوا ہے اور عورتوں کی زینت سے اپنے آپ کو آراستہ کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اسی قدر خوف اور دہشت ہوگی اور بلا میں پڑے گا' اور اگر دیکھے اس نے عورتوں کا کپڑا اپنے جسم سے اتارا ہے اور مردوں کا لباس پہنا ہے اور مردوں کے حال پر واپس آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خوف اور بے چارگی اور بلا اس سے دُور ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی بیٹھک ہیجڑوں میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ مفسدوں سے میل جول رکھے گا اور اگر دیکھے کہ ان میں مقیم ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اہل فساد کی صحت سے جدا ہوگا۔

علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مذی کا پانی نکلتے ہوئے دیکھنا اسی قدر کے مطابق شادی اور خوشی ہے۔

مرجان (مونگا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مونگا فرزند ہے۔ اگر سرخ ہے تو فرزند خوبصورت ہوگا اور اگر مرجان کو بہت سے جواہرات کے ساتھ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال ونعمت حاصل کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مرجان کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) عورت یا فرزند' (۲) زینت' (۳) جمال' (۴) خادم کی طرف سے مال۔

مرد معروف (معلوم شخص)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں معلوم شخص کو بیداری کی طرح دیکھے تو اس کے ہم نام یا اس جیسے کو دیکھے گا' اور اگر نا معلوم جوان شخص کو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا دشمن ہوگا' اور اگر نا معلوم بوڑھے کو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا نصیب ہوگا اور خیر اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر جوان دیکھے کہ اس کے بال سیاہ سے سفید ہو گئے ہیں۔ دیانت اور اس کے دین کی آراستگی پر **دلیل** ہے' اور اگر معلوم بوڑھے کو دیکھے کہ اس کے بال سیاہ ہو گئے ہیں اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں کسی بوڑھے کو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی دیانت اور دین کی آراستگی پر اور نیکی حاصل کرے گا' اور اگر جوان مرد کو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو کسی بڑے آدمی سے زحمت اور نفرت

تو فسادِ دین پر دلیل ہے اور جس قدر جان کنی سخت دیکھے گا عذاب اور مصیبت پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ وہ مرا ہے اور اس کو کسی نے غسل دیا ہے۔ دلیل ہے کہ توبہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے جنازے کے پیچھے ایک گروہ ہوا پر چل رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس شہر میں کوئی بڑا آدمی مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مرا ہے اور لوگ اس کے جنازے کے پیچھے جا رہے ہیں۔ دلیل ہے کہ اپنے قدر کے مطابق ولایت اور بزرگی پائے گا' اور اگر مردہ جنازہ پر بھاری ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں پر قہر اور ستم کرے گا' اور اگر دیکھے کہ جنازے پر ہلکا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں سے نیکی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردے کو ہاتھ پر رکھ کر لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حرام پائے گا' اور اگر دیکھے کہ زندہ مرا ہے اور اس کو تخت پر سلایا ہے اور اس تخت کو لوگوں نے ہاتھ پر رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کی خدمت میں جائے گا اور اس سے خیر و منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ مر کر زندہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شہر خراب ہوگا' اور اگر دیکھے کہ دوسری بار مرا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزندوں میں سے کوئی مرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا فرزند مرا ہے۔ دلیل ہے کہ تو انگر ہوگا اور کہتے ہیں کہ دشمن سے امن میں رہے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے ماں باپ مرے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا کام خراب ہوگا' اور اگر عورت دیکھے کہ حاملہ تھی اور مری ہے اور لوگ اس کو روتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ دوسری بار مرا ہے اور مرنے پر لوگ آہستہ روتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت میں سے کسی کی شادی ہوگی اور خوش خرمی دیکھے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے مرنے پر عورت

اور مردشور اور نوحہ کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت کو غم واندوہ پہنچے گا۔
اور اگر عورت دیکھے کہ وہ مری ہے اور اس کو غسل دیا ہے اور جنازے پر رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ نیک بات کہے گی' اور اگر دیکھے کہ اس کو دفن کیا ہے تو اس کی تاویل بد ہے۔

مردہ زندہ شدن (مردہ کا زندہ ہونا)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ سے زندہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا خاص کر اگر مردے کو خوش اور کشادہ رو دیکھے' اور اگر زندہ کو مردہ دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال بد ہوگا۔ خاص کر اگر مردہ ترش رُو ہے اور اگر کوئی اپنے مردہ باپ کو زندہ دیکھے اور خوش اور پاکیزہ لباس میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ دولت اور اقبال پائے گا' اور اس کا کام نیک ہوگا' اور اگر ماں کو زندہ دیکھے۔ دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا' اور اگر عورت دیکھے کہ اس کا فرزند زندہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غائب سفر سے آئے گا۔
اور اگر بیگانے مردہ کو زندہ دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس مردے کے خویشوں کا حال نیک ہوگا' اور اگر دیکھے کہ زندہ مر گیا ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو زندہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی کافر اس کے ہاتھ پر مسلمان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے ماں باپ کو ترش رو اور غمگین اور میلے لباس میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کی دولت اور اقبال میں نقصان ہوگا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کے گھر میں ہے۔ جس صفت پر مردے کو خواب میں دیکھے گا۔ تو زندہ کے احوال پر دلیل ہے۔ اگر کوئی اپنے باپ کو یا ماں باپ دونوں کو کشادہ رُو اور پاکیزہ لباس میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی اور مرتبہ پائے

گا' اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ تو اس کی تاویل بھی خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کسی نے مردے کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ تو مر گیا تھا۔ اس نے کہا نہیں میں تو زندہ ہوں۔ دلیل ہے کہ اس جہان میں مردے کی بات اچھی ہے اور حق تعالیٰ اس سے خوشنود ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہوئے ہیں ان کو مردہ خیال نہ کرو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں۔ رزق دیئے جاتے ہیں اور جو کچھ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دیا ہے اس پر خوش ہیں۔)

یہ آیت اس بات پر دلیل ہے کہ مردہ جو کچھ کہتا ہے راست کہتا ہے' اور اگر دیکھے کہ مردہ شاد اور خوش اپنے گھر میں آ کر بیٹھ گیا ہے۔ دلیل ہے کہ صدقہ اور دُعا اس کو پہنچتی ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردے کو اس نے اپنے گھر میں گود میں پکڑا ہے۔ دلیل ہے کہ تندرست اور سلامت ہوگا اور اقبال و دولت پائے گا' اور اگر مردہ اس کے خویشوں سے ہے تو دُعا اور صدقہ کی اس سے امید رکھتا ہے اور اگر کوئی مردے کو اپنے اہل بیت میں سے خوش دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کے اہل بیت کا حال شاد اور خوش ہوگا' اور اگر مردے کو ترش رو اور غمگین دیکھے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے اہل بیت میں سے کوئی مردہ اس پر کودا ہے اور جھگڑا کرتا ہے یا اس سے منہ پھیرا ہے۔ دلیل ہے کہ اس مردے نے کچھ وصیت کی ہوگی اور اس نے اسے پورا نہ کیا ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ مردہ شاد و خنداں اس کے پاس آیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو دُعا اور صدقہ پہنچا ہے' اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کے حق میں

تقصیر کی ہوگی' اور اگر دیکھے کہ مردہ اس کو نیک بات کہتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا حال نیک ہوگا' اور اگر اس کو بری بات کہے یا اس کو وصیت کرے تو اس کی تاویل بد ہے' اور اگر مردہ اس سے علم و حکمت کی بات کرے یا اس کو وعظ اور نصیحت کرے تو صاحب خواب کی دیانت اور صلاحِ دین پر دلیل ہے۔

اور اگر مردے کو دنیاوی زندگی سے بہتر اور خوشحال اور پاکیزہ لباس میں دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا خاتمہ خیر اور سعادت سے ہوا ہے' اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ دلیل ہے کہ مردہ عذابِ حق سے امن میں ہے اور اس کی عاقبت محمود ہے۔

حضرت حافظ معبر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردے نے اس کی گردن میں ہاتھ ڈالا ہے اور اس کو گود میں لیا ہے دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی' اور اگر دیکھے کہ مردے نے توجہ نہیں کی ہے اور نہ کوئی بات کی ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب اس کے لئے صدقہ دے اور اس کو نیک دُعا سے یاد کرے' اور اگر مردے کو ترش رُو اور غمناک دیکھے۔ دلیل ہے کہ عاصی اور گناہگار ہوگا' اور اگر مردہ ہنسا اور پھر رُویا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ مردہ مسلمان نہیں مرا ہے' اور اگر مردے کو سیارہ رُو دیکھے دلیل ہے کہ کفر میں مرا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (لیکن جن لوگوں کے چہرے سیاہ ہیں۔ کیا تم نے ایمان کے بعد کفر کیا تھا تو کفر کی وجہ سے عذاب کو چکھو۔)

اور اگر مردے کو عاجز اور بغیر لباس کے دیکھے۔ دلیل ہے کہ مردے کا حال بد ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردہ نماز میں ہے۔ دلیل ہے کہ اس مردے نے زندگی میں بہت استغفار کی ہے' اور اہل تعبیر بیان کرتے ہیں کہ مردے کے لئے بجائے طاعت کے ثواب ہے۔ دلیل ہے کہ

صاحب خواب اطاعت اور نماز میں سست ہے۔

اور اگر مردہ کو دیکھے کہ جس جگہ زندگی میں نماز پڑھتا تھا اسی جگہ نماز پڑھ رہا ہے۔تو مردے کے دین پاک اور زندہ کی درستی عاقبت پر دلیل ہے۔

مردہ چیزے دادن (مردے کا کوئی چیز دینا)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ مردہ اس کو کوئی دنیا کا سامان دیتا ہے۔**دلیل** ہے کہ وہاں کسی چیز کے پہنچنے کی امید نہیں رکھتا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو کوئی چیز کھانے یا پینے کو دی ہے اور اس نے کھائی ہے۔**دلیل** ہے کہ حلال کی روزی پائے گا اور اگر نہ کھائے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اپنے کپڑوں میں سے اس کو کچھ دیا ہے اور اس نے پہنا ہے۔**دلیل** ہے کہ اس کو مال اور جان سے غم واندوہ پہنچے گا' اور اگر کپڑا نہیں پہنا ہے۔**دلیل** ہے کہ صاحب خواب اس دنیا سے رحلت کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو دو کپڑے دیئے ہیں اور اس نے پہن کر اتارے ہیں اور پھر لوگوں کو دیئے ہیں۔**دلیل** ہے کہ اس کا نقصان نہ ہوگا۔ بلکہ اس کا مال زیادہ ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اپنا کپڑا کسی کو دیا ہے اور کہا ہے کہ کپڑا اسی یا جلایا نگاہ میں رکھ۔**دلیل** ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو عاریتاً کپڑا دیا ہے اور پھر اس سے طلب کیا ہے۔**دلیل** ہے کہ اس مردے کا برا کام ہوگا' اور اگر مردے نے اس کو پرانا کپڑا دیا ہے۔**دلیل** ہے کہ صاحب خواب درویش ہوجائے گا' اور اگر اس کو نیا کپڑا دیا ہے۔**دلیل** ہے کہ عزت اور بزرگی پائے گا۔

اور اگر مردے نے اس کو قرآن مجید یا فقہ وغیرہ کی کتاب دی ہے۔ **دلیل** ہے کہ خیرات اور عبادات کی توفیق پائے گا' اور اگر مردہ کپڑے بیچتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ کپڑا گراں ہوگا' اور اگر کچھ مردے کو بخشتا ہے اور اس نے قبول نہیں کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو ضرر اور نقصان پہنچے گا۔

مردہ نالیدن (مردے کا رونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی مردے کو بدحال اور روتا ہوا دیکھے۔ **دلیل** ہے دُنیا میں جو اس نے برا کام کیا ہے۔ اس کی بابت اس سے سوال ہوا ہے' اور اگر مردے کو بیمار دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس سے دین اور ایمان کا سوال ہوگا' اور اگر مردہ دردِ سر سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس نے دنیا میں جو تکبر کیا ہے اس کا اس سے سوال ہوگا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے جو اس نے ماں باپ کے حق میں قصور کیا ہے اس کا اس سے سوال ہوگا۔

اور اگر مردہ دانتوں کے درد سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس سے غیبت کی بابت سوال ہوگا' اور اگر آنکھ کے درد سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جو اس نے دنیا میں لوگوں کے عیال پر نظر بد کی ہے اس کی بابت اس سے سوال ہوگا' اور اگر دردِ کان سے روتا ہے تو بری باتیں جو اس نے سنی ہیں ان کی بابت سوال ہوگا' اور اگر ہاتھ کے درد سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جو کچھ اس نے عورتوں یا بھائیوں کے حق میں کیا ہے۔ اس کا اس سے سوال ہوگا' اور اگر مردہ دردِ پہلو سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جو کچھ اس نے عورتوں کے حق میں کیا ہے اس کا اس سوال ہوگا' اور اگر دردِ پشت سے روتا ہے **دلیل** ہے کہ اس سے ماں باپ کے حق کی بابت سوال ہوگا' اور اگر عضو تناسل کے درد سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیا میں جو اس نے زنا اور فساد کیا ہے اس کی بابت اس سے سوال ہوگا' اور اگر سرین کے درد سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیا میں جو کچھ اس

نے سفر اور حضر میں خویشوں کے حق میں کیا ہے۔ اس سے اس کی بابت سوال ہوگا' اور اگر مردہ دردِ پاؤں اور پنڈلی کے درد کی وجہ سے روتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جو کچھ اس نے دُنیا میں کیا ہے اس کی بابت اس سے سوال ہوگا۔

مجامعت کردن با مردہ (مردے سے جماع کرنا)

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اصل خواب کی یہ ہے کہ اگر مردے سے جماع کرے اور آبِ منی اس سے نہیں نکلا ہے۔ تاویل اس کی دُرست اور راست آئے گی' اور اگر غسل واجب ہوا ہے تو بے کار ہے' اور اگر دیکھے کہ مردے سے جماع کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جہاں سے امید نہیں رکھتا ہے وہاں سے امید پوری ہوگی' اور اگر اپنی بہن یا مردہ سے جماع کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی جگہ سے اس مردہ کو صدقہ اور ثواب پہنچے گا' اور اگر کسی مردہ سے جماع کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس مردہ سے اس کو کچھ ملے گا۔

اور اگر مردے کو شہوت سے بوسہ دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کرے گا اور مردے کے لئے خیر کرے گا یا اس کو دُعا سے یاد کرے گا' اور اگر مردے سے جماع کیا ہے **دلیل** ہے کہ مردے کے مال سے اس کو کچھ ملے گا۔

از پس مردہ شدن (مردہ کے پیچھے جانا)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مردے کے پیچھے جانا اگر مصلح اور پارسا ہے تو اس کی راہ اختیار کرے گا' اور اگر فاسق ہے تو اس کی

راہ اور عادت پکڑے گا۔ اگر نہ جانے کہ مردہ مفسد ہے یا مصلح ہے اور اس کے پیچھے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور آخر کار شفا پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس مردے نے آواز کا جواب دیا ہے اور اس کو نہیں دیکھا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا سے جلدی سفر کرے گا' اور اگر دیکھے کہ وہ مردے کے پیچھے کسی نامعلوم مکان میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ مرے گا اور اگر اس نے مردے کو کہاں کہ فلاں وقت میرے پاس آنا اور اس نے کہا کہ آؤں گا۔ اگر مردہ مصلح اور راست گو ہے تو اسی وقت جب کہا ہے مرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے اس کو ڈرا کر اپنے پاس بلایا ہے اور اس کو منع نہیں کر سکا ہے تو اس کی وفات پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو اپنے پاس بلایا ہے اور خود اس کے گھر نہیں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا اور شفا پائے گا' اور اگر دیکھے کہ مردہ اس کو بازار میں لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کسب معاش نیک ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو مردوں کے درمیان دیکھے۔ دلیل ہے کہ نیک باتوں کا امر کرے گا اور بری باتوں سے رُکے گا اور لوگ اس کی بات نہ سنیں گے' اور اگر دیکھے کہ اس کی مردے کے ساتھ دوستی ہوگئی ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور سفر میں دولت اور اقبال اور شادی اور خوشی کو پائے گا' اور اگر دیکھے کہ وہ مردوں کے درمیان ہے۔ اور اس کے سوا اور کوئی بھی زندوں میں سے ان میں نہ تھا۔ دلیل ہے کہ فاسدین کے گروہ میں بیٹھے گا' اور اگر دیکھے کہ وہ بھی ان کی طرح مردہ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے دین میں بھی فساد ہے' اور اگر دیکھے کہ مردوں کی جماعت کھانا کھاتی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک میں کھانا گراں ہوگا۔

حضرت حافظ معبر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ وہ مردے کے

تاویل کفن مردہ (مردے کے کفن کی تاویل)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معلوم مردے کو کفن کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس دنیا میں مردے کا طریقہ پکڑے گا۔ اگر عالم تھا تو علم میں اور اگر مالدار تھا تو مال میں' اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے مردے کا کفن اتارا ہے دلیل ہے کہ وہ مردہ اپنی قبر میں زندہ ہے اور اس کے مردے کا حال نیک ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کو کفن دیا ہے۔ دلیل ہے کہ مردے کے خویشوں کو کپڑا دے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لباس مردہ تین وجہ پر ہے۔ (۱) مال (۲) مشکل کام کا ظاہر ہونا' (۳) دین کا فساد۔

اور اگر دیکھے کہ مردے نے نگاہ کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی' لیکن اس کے گھر میں خرابی پڑے گی' اور اگر دیکھے کہ مردہ زندہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ مشکل کام اس پر ظاہر ہوگا۔ چنانچہ اگر معطل ہے تو کام پائے گا' اور اگر بادشاہ ہے تو اس کا علم اور حکمت زیادہ ہوگی اور جو امید ہے پوری ہوگی' اور اگر کسی شغل میں تردد ہے تو پورا ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ الْاٰيَةَ (اللہ تعالیٰ نے اس کو سو سال مار رکھا پھر اس کو اٹھایا۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کوئی بڑا آدمی یا کوئی عالم زندہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مذہب اور اس کی خصلت زندہ ہوگی۔ خواہ نیک ہو یا بد ہو۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو مردے نے بغل میں لیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی عمر دراز ہوگی اور صاحب خواب کا کام بہتر ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز مردے کو دی ہے۔ دلیل ہے کہ وہ چیز مہنگی

باتیں کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام بلند ہوگا' اور اگر دیکھے کہ مرغ اس کے ہاتھ میں مرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غمناک ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغ کی پشت پر بوجھ رکھا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس شخص سے جو اس مرغ کی طرف منسوب ہے اس کو نقصان پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ مرغ اس کے جسم سے تازہ گوشت لے گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کوئی اس کا مال زور سے لے گا' اور اگر دیکھے کہ اپنے جسم سے گوشت کا ٹکڑا مرغ کے آگے ڈالتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنے مال میں سے کوئی چیز کسی کو بخشے گا' اور اگر دیکھے کہ مرغ نے گوشت کا ٹکڑا ہڈی سمیت اس کے آگے ڈالا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال پائے گا' اور ہر ایک مرغ کی تاویل وہی شخص ہے کہ جو اس مرغ کی طرف منسوب ہے' اور یہ بات پہلے بیان ہو چکی ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغ بردہ فروش جیسا ہے جو غلام اور کنیز بیچتا ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مختلف قسم کے پرندے کسی شہر میں آئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ وہاں بیگانہ لشکر آئے گا' اور اگر دیکھے کہ مرغ نے اس کی آنکھیں نکالی ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کے دین میں کسی سے تباہی پہنچے گی' اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغ کا خون پیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کے مال کو نقصان پہنچے گا۔

مرغابی

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغابی کی دوسرے مرغوں سے تاویل بہتر ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغابی پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے۔ **دلیل** ہے کہ مال و نعمت اور بزرگی پائے گا اور دلی مراد کو پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی مرغابیاں جمع ہوئی ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حاصل

کرے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغابی معیشت ہے' اور اگر دیکھے کہ مرغابی پکڑی ہے یا اس کو کسی نے دی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور بزرگی پائے گا' اور اس کی ہڈی مال اور نعمت ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں نے کسی جگہ مرغابی رکھی ہے۔ دلیل ہے کہ اس جگہ مصیبت اور غم ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مرغابی کا بچہ پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مرغابی کا خواب میں دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) مال' (۲) بزرگی' (۳) ریاست' (۴) حکومت۔ کیونکہ مرغابی گاہے پانی میں اور گاہے زمین پر ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مرغابی کو خواب میں دیکھنے والا ہر ایک طرح کی مراد کو جو وہ چاہتا ہے پائے گا۔

مردمان (لوگ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں نے بہت سے سبز کپڑے پہنے ہیں۔ تو یہ اس کے آرام اور پاک دین اور خوشی پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ لوگ سیاہ اور میلے کپڑے رکھتے ہیں۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ ان کے کپڑے نیلے ہیں تو مصیبت اور اندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ نئے اور فراخ کپڑے رکھتے ہیں تو عیش اور فراخئی نعمت پر دلیل ہے۔

مرغزار (سبزہ زار)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں سبزہ زار

کو دیکھے کہ وہ پودوں کی قسموں کو پہچانتا نہیں ہے۔ تو اس کے دین اور اسلام پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ وہ اپنی ملک کے سبزہ زار میں ہے تو بقدر اس کے اس کے دین اور اعتقاد پر دلیل ہے' اور اگر اس نے دوسروں کے ملک کی سبزہ زار کی سیر کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت نیک بندوں کے ساتھ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ سبزہ زار میں خوش و خرم پھرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر عیش فراخ ہوگی اور اس کا کام انتظام سے ہوگا' اور سبزہ زار خواب میں بزرگوار مرد ہے اس کی بزرگی اور عمدگی کے مطابق' اور اگر سبزہ زار عمدہ اور پاکیزہ دیکھے اور جانے کہ اس کی ملک ہے دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے ملے گا اور اس سے خیر و منفعت حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ موسم بہار میں سبزہ زار میں پھرتا ہے اور خوش و خرم پھول اور کلیاں کھلی ہوئی ہیں اور پانی کی نہر اس میں جاری ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی شہیدی موت ہوگی' اور اگر موسم بہار میں سبزہ زار دیکھے جگہ معروف ہے یا غیر معروف ہے اور اس میں گل و ریاحین سرسبز ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی کسی بڑے آدمی سے صحبت ہوگی۔ جو اپنے نوکروں چاکروں سے بچھڑا ہے' اور اگر سبزہ زار کو خوش و خرم دیکھے کہ اس میں پھول اور پودے سرسبز ہیں اور ان میں پانی جارہا ہے اور اس نے ان کو جڑ سے اکھاڑا ہے اور ویران کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو ناگہانی موت آئے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ سبزہ زار کے اندر گیا ہے اور اس میں شیر دیکھے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ ظالم اور جابر ہوگا' اور اگر اس میں بکریاں دیکھی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس ملک کے بادشاہ کو بہت سا مال حاصل ہوگا' اور اگر اس میں گدھوں کو دیکھے اور بیلوں کو بھی دیکھے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ کا لشکر بے وفا ہوگا اور اس پر بھروسہ نہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ سبزہ زار سے گل و ریاحین جمع کر کے گھر کو لایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ سے خیر و منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزہ زار عورت ہے' اور اگر دیکھے کہ لہلہاتے ہوئے سبزہ زار میں گیا ہے اور وہاں مقام کیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہاں سے خوبصورت اور لڑا کی عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ خوش و خرم سبزہ زار ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سبزے کو دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ (۱) دین' (۲) اعتقاد' (۳) معیشت اور نظامِ کار' (۴) بادشاہ' (۵) مرد بزرگوار' (۶) خیر و منفعت' (۷) مراد پانا۔

مرہم

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے خستہ اور زخمی جسم پر مرہم رکھی ہے۔ تو اس کے کارِ دین کی خیر اور صلاح پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے مرہم کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ حرام کھائے گا یا اس کو اندوہ اور نقصان پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو مرہم دی ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کے فرزندوں کو خیر و منفعت پہنچائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے خستہ یا زخمی جسم پر مرہم رکھی ہے اور وہ مرہم گوشت خوری ہے تو اس کے مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

مروارید

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں مروارید غلام یا کنیز کا فرزند ہے' اور حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مروارید خوبصورت کنیز یا باجمال عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا مروارید

ہے کہ شمار میں نہیں آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر منفعت پہنچے گی' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر پراگندہ مروارید دیکھے تو علم اور حکمت کی بات پر **دلیل** ہے' اور بعض نے بیان کیا ہے کہ لڑکوں اور لڑکیوں پر **دلیل** ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر پراگندہ مروارید دیکھے تو عورتوں اور لڑکیوں پر **دلیل** ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا مروارید ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے مروارید کا ہار نکلا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے منہ سے علم اور حکمت کا منظوم کلام نکلے گا اور اس جیسا ہو گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ علم توحید اور حکمت کی بات کو چھپائے گا یا قرآن مجید کو بھلائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید کی لڑیاں گھر میں یا راہ میں بچھائی ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کی تصنیفات اور تالیفات علم حکمت میں بہت ہوں گی' اور لوگ اس کے کلام سے علم اور دانش حاصل کریں گے' اور اگر دیکھے کہ سوختنی لکڑیوں کی بجائے مروارید جلاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ لوگوں کو علم اور حکمت بہت سکھائے گا' اور وہ لوگ سکھانے کے قابل نہ ہوں گے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مروارید بہت ہے اور وہ پارسا اور دیندار ہے تو یہ اس کی دیانت اور دین پر **دلیل** ہے' اور اگر مال دار ہے تو اس کا مال زیادہ ہو گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مروارید ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں خوبصورت لڑکا آئے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ کَاَنَّھُم لُؤلُؤٌ مَّکْنُوْنٌ (گویا کہ وہ لڑکے ایسے ہوں جیسے کہ موتی غلاف میں دھرے ہوئے۔)

اور اگر بڑا مروارید دیکھے کہ حد سے بڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید بیچا ہے۔ **دلیل** ہے کہ علم اور قرآن

بھلائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید منہ میں ڈالا ہے اور نگل گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ اس کو علم اور حکمت عطاء کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید نامعلوم جگہ ڈالا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ناقدر جگہ پر کام کرے گا جو قدر نہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ مروارید کی لڑی اس کے ہاتھ میں بندھی ہوئی ہے۔ **دلیل** ہے اس کے لڑکی آئے گی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مروارید بہت ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ اس کو علم اور قرآن اور حکمت عنایت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے منہ سے ایک ایک بیش قیمت مروارید نکلتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عمدہ باتیں کرے گا جن کو لوگ پسند کریں گے' اور اگر دیکھے کہ مروارید کا ہار اس کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بہت بولے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مروارید کوڑے پر یا ناپاک جگہ میں ڈالا ہے۔ **دلیل** ہے کہ علم وحکمت نادان لوگوں کو بتائے گا' اور اگر دیکھے کہ مروارید آگ میں جلایا ہے یا پتھر سے توڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خلافِ شرع کام کرے گا' اور اگر دیکھے کہ مروارید اس کے پاؤں کے نیچے ٹوٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا فرزند مرے گا' اور اگر دیکھے کہ مروارید اس کے عضو تناسل سے نکلا ہے اور اس مروارید میں سوراخ نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں لڑکی آئے گی' اور اگر دیکھے کہ اس نے مروارید کے ہار گلے میں ڈالے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ سب طرح کا علم حاصل کرے گا' اور اگر کسی کی گردن میں باندھے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس شخص کو علم اور حکمت سکھائے گا' اور اگر دیکھے کہ مروارید کا گوشوارہ اس کے دونوں کانوں میں ہے۔ **دلیل** ہے کہ قرآن مجید حفظ کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مروارید کا ڈھیر ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مروارید فروخت

کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ شخص پارسا اور مصلح ہے اس کو ہر ایک علم سے حصہ ہے اور اگر وہ شخص اہل علم سے نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو فرزند اور بہت سا مال حاصل ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مروارید کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) قرآن مجید' (۲) حکمت اور دانائی' (۳) مال' (۴) عورت' (۵) خوبصورت کنیز' (۶) فرزند نیک' اور خواب میں مروارید فروش ایسا شخص ہے جو کئی فرزند اور بہت سا علم اور مال رکھتا ہے۔

مزدوران (مزدور)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مزدور اس کے گھر میں ہیں اور کام کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا بادشاہ کے خویشوں سے جھگڑا ہوگا اور ان سے جدائی ڈھونڈے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ لوگوں کے گھر میں مزدوری کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ سخت کام میں گرفتار ہوگا اور صاحب خانہ کو کسی سے نزاع ہوگا' اور اگر دیکھے کہ مزدور اس کے گھر میں کام کرتے ہیں۔ دلیل ہے کہ وہ غمگین ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مزدور اس کے گھر میں خاک لاتے ہیں۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل ہوگی' اور اس کے خلاف نقصان مال پر دلیل ہے۔

مژگان (پلکیں)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پلکیں دین کو نگاہ

میں رکھنا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کی پلکیں ہلتی ہیں دلیل ہے کہ بیمار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ آنکھ کی پلکیں گری ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا دین خراب ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ پلکیں مڑی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر مال کا نقصان ہوگا' اور پلکوں کو حرکت کرتے ہوئے دیکھنا بیماری پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پلکوں کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) دین کی حفاظت' (۲) موافق دوست' (۳) مال اور روزی' (۴) خوشی بقدرِ فرزند۔ حاصل یہ ہے کہ پلکوں پر ہر ایک طرح کی خیر اور شر کا دیکھنا ان چار وجہ پر دلیل ہے۔

مزورہا (زم کھانے مریضوں کے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مزورہا اگر ترش اور بے مزہ نہیں ہے اور اس میں چکناہٹ ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے اور اگر ترش اور بے مزہ ہے تو ضرر اور غم پر دلیل ہے۔

مس (تانبا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس تانبا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تانبے کا برتن جیسے گلاس اور لوٹا اور جو اس کے مشابہ ہے۔ یہ سب شادی اور نکاح پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے تانبا گلا کر صاف اور پاکیزہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مشکل کام اس کے ہاتھ پر کشادہ ہوگا۔

کہتے ہیں کہ صاحب خواب حلال مال کو مشقت سے حاصل کرے گا۔

مستی

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مستی مال اور نماز میں سستی ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْتُمْ سُکٰرٰی (اے ایمان والو! حالت نشہ میں نماز کے قریب مت جاؤ۔)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مستی اگر شراب سے ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر خوف اور ڈر بہت رہے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مستی چار وجہ پر ہے۔ (۱) مال' (۲) دولت' (۳) توانائی اور ضعف' (۴) اسی قدر خوف اور وحشت۔

مسجد

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آباد مسجد تاویل میں عالم مرد ہے جس کے پاس صلاح کے لئے بہت سے لوگ آتے ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَمَسَاجِدَ یُذْکَرُ فِیْھَا اسْمُ اللّٰہِ کَثِیْرًا (اور مسجدوں میں اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت کیا جاتا ہے۔)

اگر دیکھے کہ اس نے مسجد بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ مسلمانوں کے لئے خیر اور نیکی کرے گا اور اس سے اس کو اجر اور ثواب حاصل ہوگا۔ یا کسی کو اپنے کام پر جمع کرے گا یا کسی قوم کو دین اسلام اور شریعت پر قائم رکھے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسجد کی بنا رکھنا عورت کرنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مسجد کی بنا رکھی ہے۔ اگر بنیاد تمام کی ہے۔

دلیل ہے کہ حلال عورت کرے گا اور وہ عورت دیندار اور پارسا ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد کا چراغ بجھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے فرزند مریں گے' اور اگر دیکھے کہ جامع مسجد میں بیٹھا ہے اور اس کے گرد سبزہ اگا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس پر ایسی چیز کا گمان کریں گے جو اس میں نہ ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مسجد کے دروازے سے روکا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ اس پر ظلم کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں نماز ادا کی ہے اور اس کا منہ قبلے کی طرف نہ تھا۔ تو اس کی تاویل بری ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں ہاتھ منہ دھویا ہے دلیل ہے کہ اپنا مال اس مسجد میں خرچ کرے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی' اور اگر دیکھے کہ مسجد ویران ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی عالم مرے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسجد کا بنانا خواہش ہے اور لوگوں کا جمع کرنا ہے اور پھر ان کو اصلاح پر لانا ہے' اور دشمنوں کی غیبت کرنا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰى اَمْرِهِمْ فَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَسْجِدًا (اور جو لوگ ان کے امر پر غالب آئے انہوں نے کہا کہ ہم ان پر مسجد بنائیں گے۔)

اور اگر دیکھے کہ کوئی جگہ اس کی ملک میں مسجد ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ دین میں شرف اور بزرگی پائے گا' اور خلقت کو حق تعالیٰ کی طرف دعوت دے گا' اور اگر دیکھے کہ کسی قوم کے ساتھ مسجد میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ لڑاکی عورت کے ساتھ شادی کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد میں چراغ روشن کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے مصلح لڑکا پیدا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ وہ مکہ یا مدینہ کی مسجد میں گیا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ سب طرف سے امن میں ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسجد کا دیکھنا بارہ وجہ پر ہے۔ (۱) بادشاہ ' (۲) قاضی ' (۳) عالم ' (۴) رئیس ' (۵) امام ' (۶) خطیب ' (۷) مئوذن ' (۸) امیر ' (۹) خیر و برکت ' (۱۰) عورت کرنا ' (۱۱) نیکی کرنا۔

اور اگر دیکھے کہ جمعہ کے دن مسجد کو آراستہ کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عام لوگ اس سے خیر و برکت پائیں گے ' اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد کو بنایا ہے۔ تو اس کے ایمان اور دین کی درستی پر **دلیل** ہے ' اور اگر دیکھے کہ مسجد میں گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خوف سے امن میں ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَمَنْ دَخَلَهٗ کَانَ اٰمِنًا (اور جو شخص اس میں داخل ہوگا امن میں رہے گا۔)

مسح

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے موزے پر مسح کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں عالم و فاضل لڑکا پیدا ہوگا اور لوگ اس کے تابعدار ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے موزے پر مسح کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ سفر کو جائے گا اور اس سفر میں بہت سا مال حاصل کرے گا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا۔

مسکہ (مکھن)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ تازہ روغن تاویل میں مال اور حلال نعمت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مسکہ لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور اس نے کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حلال پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسکہ کھانا اچھی

گواہی دینا ہے۔ اگر خواب میں بکری کا مکھن کھائے۔ دلیل ہے کہ اس کو مال اور نعمت حاصل ہوگی' اور گائے کا مکھن دلیل ہے کہ وہ سال اس پر مبارک ہوگا' اور اسی قدر خیر و برکت پائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ حلال جانور کا مکھن مالِ حلال پر دلیل ہے اور جس کا گوشت حرام ہے مالِ حرام پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مسکہ چار وجہ پر دلیل ہے۔ (۱) مالِ حلال' (۲) سچی گواہی' (۳) علم و دانش' (۴) گناہ اور معصیت۔

(مسواک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے مسواک کی ہے۔ دلیل ہے کہ مال خیرات میں خرچ کرے گا اس میں کچھ ثواب نہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اگلے دانتوں کو مسواک کی ہے۔ دلیل ہے کہ بھائیوں اور بہنوں سے احسان کرے گا' اور اگر دیکھے کہ سب دانتوں کو مسواک کی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے تمام خویشوں سے نیکی کرے گا۔

مشرق و مغرب (پورب' پچھّم)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مشرق جہان کے بادشاہوں پر دلیل ہے اور آفتاب کا نکلنا حکومت پر دلیل ہے اور بادشاہوں کی طرف سے فرمان ہے اور آفتاب کا غروب ہونا اس کے خلاف ہے۔ اگر دیکھے کہ اصلاح کے کام کے لئے مشرق میں ہے تو نعمت پر دلیل ہے' اور اگر اپنی جگہ بری دیکھے۔

دلیل ہے کہ اس کی مراد پوری نہ ہوگی اور سب حال میں آفتاب نکلنے کی جگہ غروب ہونے سے بہتر ہے اور آفتاب نکلنے کی جگہ اقبال اور بزرگی پر دلیل ہے اور غروبِ آفتاب کی جگہ بدبختی اور عاجزی پر دلیل ہے۔

مشرک شدن (مشرک ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مشرک دیکھے کہ مسلمان ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اسلام میں مرے گا اگر دیکھے کہ مشرک قبلہ کی طرف نماز پڑھتا ہے یا حق تعالیٰ کا شکر کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ وہ مسلمان ہوگا اور نعمت اس پر زیادہ ہوگی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ (اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال طاق کی مانند ہے) اور اگر دیکھے کہ کوئی مشرک کسی مسلمان کے گھر آیا ہے تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی مشرک کو خواب میں دیکھے اور صاحب خواب پارسا ہے۔ دلیل ہے کہ علم کو طلب کرے گا اور دشمن پر فتح پائے گا۔ اگر پارسا نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ بدمذہب لوگوں کے ساتھ صحبت رکھے گا۔

مشک (خوشبو کستوری)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مشک ہے۔ دلیل ہے کہ با ادب اور دانا ہوگا اور سب لوگ اس کی تقریب اور تحسین کریں گے' اور اگر دیکھے کہ اس سے مشک یا کافور کی خوشبو آتی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا اعتقاد اور یقین پاکیزہ اور صاف ہوگا اور راہِ حق پر آئے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مشک کو پیتا

ہے۔ دلیل ہے کہ کسی سے نیکی کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے مشک نافہ چیرا ہے اور اس سے بری بُو آتی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مشک کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) دوست' (۳) عیش خوش' (۴) کنیز' (۵) بہت سامال' (۶) عمدہ بات۔

مشک آب (پانی کی مشک)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مشک سفر ہے۔ اگر دیکھے اس کے پاس پانی کی مشک ہے اور نئی ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور بہت فائدہ حاصل کرے گا' اور اگر مشک پرانی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پانی کی مشک کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) سفر' (۲) مال' (۳) زندگانی۔

مصحف (قرآن مجید)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مصحف کی تاویل علم اور حکمت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مصحف خریدا ہے۔ دلیل ہے کہ طالبعلم اور دانش مند ہوگا۔ اگر دیکھے کہ مصحف کو آگ میں جلایا ہے۔ تو یہ فعل اس کے دین کے فساد پر دلیل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مصحف کھول کر سر اور آنکھ پر رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ سب کام اندازے کے ساتھ کرے گا اور اس شہر کا والی ہوگا۔ اگر دیکھے کہ مصحف اس کے ساتھ باتیں کرتا ہے۔ اگر نیک بات ہے تو نیکی پر دلیل ہے اور اگر بری بات ہے تو بدی پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مصحف کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) علم و حکمت' (۲) میراث' (۳) امانت' (۴) روزی حلال' (۵) دین اور دیانت۔

مصطلگی

مصطلگی ایک قسم کا گوند ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔
اگر دیکھے کہ اس نے مصطلگی چبائی ہے **دلیل** ہے کہ اس کو گفتگو پیش آئے۔
حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ مصطلگی کو پانی کے ساتھ چباتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر کسی کی شکایت کرے گا۔ اگر دیکھے کہ اس نے مصطلگی کی دھونی آگ پر سلگائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ صاحب خواب بادشاہ سے رنج اٹھائے گا۔

مطبوخ (جوشاندہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بیماری کے لئے جوشاندہ پکایا ہے اور وہ جوشاندہ اس کے مطابق ہے۔ **دلیل** ہے کہ دین کی صلاح ڈھونڈے گا اور اگر جوشاندہ مطابق نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس سے دین کی اصلاح نہ ڈھونڈے گا' اور اگر دیکھے کہ جوشاندہ پیا ہے اور اس نے اثر کیا ہے۔ تو صلاح اور تندرستی اور خیر پر **دلیل** ہے' اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو رنج اور نقصان پر **دلیل** ہے۔

مطرب (گویا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گویا کچھ گاتا ہے اور ترانے گاتا ہے۔ دلیل ہے کہ حرام چیزوں کی طرف مائل ہوگا اور جب وہ کوئی ڈھول وطبلہ اور اس کی مثل کوئی اور ساز بجارہا تھا غم پر دلیل ہے' اور خواب میں گویئے کا کام کرنا خیر و منفعت ہے معبر خواب بیان کرنے والا چاہئے کہ کوئی ایسا مرد ہو جیسے قاضی اور مفتی اور واعظ کیونکہ یہ تینوں قومیں صاحب گریہ اور زاری ہیں اور تعبیر میں فساد پر دلیل کرتا ہے۔

معجون

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ معجون درد اور بیماری کے لئے بنائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے لوگوں کو خیر و منفعت پہنچے گی اور اگر دیکھے کہ وہ معجون ہر ایک شخص کے واسطے تھی تو دلیل یہ ہے کہ اس سے عام لوگوں کو خیر اور منفعت پہنچے۔

معدہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا معدہ قوی اور بے آفت ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی زندگی دراز ہوگی' اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی عمر کوتاہ ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں معدہ چھ وجہ پر ہے۔ (۱) مالِ حرام' (۲) برائی' (۳) ناخوش باتیں' (۴) فرزند' (۵) زندگانی دراز' (۶) ایسا کام کرنا کہ جس سے فائدہ اور منفعت حاصل ہو۔

معزول شدن (معطل ہونا)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہڈی اور سر کا مغز خواب میں مال ہے جو بطور ذخیرہ رکھا ہوا ہے۔ اگر دیکھے کہ سانپ اور بچھو اس کے بھیجے کو کھاتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر لوگوں کا مال کھائے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سر کا مغز دفن کیا ہوا مال ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے گندہ اور بے مزہ مغز کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا مال حرام ہے یا اس کی زکوٰۃ نہیں دی ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سب طرح کے مغزوں کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) پوشیدہ مال' (۲) عقل' (۳) صبر۔

مبتلا شدن (مبتلا ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی بلا میں مبتلا ہوا ہے کہ اٹھ نہیں سکتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ سب کاموں میں ضعیف او رست ہو گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی کو مبتلا کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی عیش خراب کرے گا اور نقصان دے گا۔

مقراض (قینچی)

اس کا بیان آگے حرفِ نون میں آئے گا۔

مقعد (پاخانہ کی جگہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقعد دیکھنا صاحب خواب کا شغل اور کسب ہے۔ اگر اپنی مقعد کا خواب میں باہر نکلی ہوئی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا کسب اور کام تباہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کی مقعد کا سوراخ بند ہوگیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام اور کسب اس پر بند ہو جائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقعد کو دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) کسب اور کام' (۲) مال کی منفعت' (۳) معیشت۔

مقنعہ (اوڑھنی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوڑھنی عورتوں کے لئے شوہر اور مردوں کے لئے عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اوڑھنی اس کے سر سے جدا ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا شوہر طلاق دے گا' اور اگر سیاہ اوڑھنی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا شوہر بدکار ہوگا' اور اگر سرخ ہے تو اس کا شوہر معاشر اور عیش دوست ہوگا' اور اگر نیلا دیکھے تو اس کے شوہر پر مصیبت آئے گی اور اگر زرد دیکھے تو اس کا شوہر بیمار سا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اوڑھنی چار وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) کنیز' (۳) خادم' (۴) عورتوں سے منفعت اور اگر اوڑھنی سوتی یا پشمینے کی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا شوہر پارسا اور مصلح اور دیندار ہوگا۔

مسلمان شدن (مسلمان ہونا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر مسلمان خواب میں دیکھے کہ دوسری بار مسلمان ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بلا اور آفتوں سے امن ہوگا' اور اگر کافر دیکھے کہ مسلمان ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ حق تعالیٰ اس کی قسمت میں اسلام کرے گا۔

اگر دیکھے کہ مسلمان نے کافر کو کہا ہے کہ تو مسلمان ہو جا۔ دلیل ہے کہ اس کے سب کام دُرست ہوں گے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مسلمان کافر ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ بلا میں گرفتار ہوگا اور اس کے کام کا خاتمہ خیر سے نہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ کافر اس کے ہاتھ پر مسلمان ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو بدکاری اور فساد سے باز رکھے گا۔

مسمار (میخ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں میخ کو دیکھے تو بڑے آدمی پر دلیل ہے جو اس کے کاموں میں کھڑا ہوگا اور پورے کرے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں میخ بادشاہ یا بڑا امیر ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس بڑی اور مضبوط میخ ہے دلیل ہے کہ اس کی کسی بڑے آدمی سے صحبت ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چیز میخ سے جوڑی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی کی وجہ سے اس کے پراگندہ کام جمع ہوں گے اور صلاحیت پر آئیں گے' اور اگر دیکھے کہ اس کی میخ ٹوٹی ہے یا ضائع ہوئی ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میخ کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) بڑا آدمی' (۲) وہ شخص جو لوگوں سے عہد پورا کرتا ہے' (۳) امیر یا والی' (۴) برے اور نقصان دینے والے کام۔

مگس (مکھی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مکھی کمینہ اور مفلس شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ مکھیاں اس پر جمع ہوئی ہیں یا اس کی آنکھ اور منہ میں جاتی

ہیں۔ دلیل ہے کہ خواب والا کسی کمینے شخص سے مال حاصل کرے گا لیکن نقصان پائے گا۔

اور اگر دیکھے کہ مکھی اس کے کان میں گھسی ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کمینے شخص سے بری بات سنے گا۔ جس سے اس کا دل کوفتہ ہوگا۔ اگر دیکھے کہ وہ مکھی کی آواز سنتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو شور کرتا ہوا سنے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مکھی حاسد اور کمینہ شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے اردگرد مکھیاں جمع ہوئی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا کام حاسد لوگوں سے پڑے گا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سی مکھیاں پھرتی ہیں۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کی باتیں کریں گے' اور اگر دیکھے کہ اس کو مکھیاں کاٹتی ہیں۔ دلیل ہے کہ کمینے لوگ اس کے خویشوں پر حسد کریں گے۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے مکھی کو مارا ہے۔ دلیل ہے کہ حاسدوں کو مغلوب کرے گا اور اگر دیکھے کہ مکھیاں زمین کے نیچے جاتی ہیں۔ دلیل ہے کہ حاسد اس کا جمع کیا ہوا مال لیں گے اور خزانہ کریں گے اور اس کو نقصان دیں گے۔

مگس انگبیں (شہد کی مکھی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد کی مکھی فراخ روزی مرد اور کماؤ عورت ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شہد کی مکھی پکڑی ہے۔ یا اس کو کسی نے دی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مالِ غنیمت حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس پر شہد کی مکھیاں جمع ہوئی ہیں اور اس کو کاٹتی ہیں۔ دلیل ہے کہ رنج سے مال اور نعمت حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ مکھیاں شہد کھاتی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو اسی قدر نقصان اور

ضرر پہنچے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے مکھیوں سے شہد لیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ خیر و منفعت کی باتیں سنے گا' اور ان سے فائدہ دیکھے گا۔

مکہ مبارکہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی اپنے آپ کو مکہ شریف میں دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ کعبہ کی زیارت کرے گا اور حج کرے گا' اور اگر دیکھے کہ مکہ شریف کی طرف تجارت کے لئے گیا ہے اور حج کے لئے نہیں گیا ہے **دلیل** ہے کہ مالِ دنیا پر حریص ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مکہ شریف میں صلاح اور زہد کے ساتھ ہے اور عبادت میں مشغول ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیاوی منفعت میں ہے' اور اگر مکہ شریف کو آباد اور بھرا ہوا دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ مال اور نعمت اس پر فراخ ہوگی اور اگر اجڑا ہوا دیکھے تو اس کی تاویل اول اس کے خلاف ہے۔

ملخ (ٹڈی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں زندہ ٹڈی لشکر ہے اور پختہ ٹڈی درہم و دینار ہے اور اگر دیکھے کہ کسی شہر یا کسی موضع میں ٹڈیاں ظاہر ہوئی ہیں اور اس جگہ نقصان پہنچا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر وہاں پر لشکر جمع ہوگا' اور اس جگہ والوں کو بلا اور زحمت پہنچے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے اس نے بہت سی

ٹڈیاں جمع کی ہیں اور ایک برتن میں ڈالی ہیں۔ دلیل ہے کہ مال جمع کرے گا اور عورت کے مہر میں دے گا' اور اگر دیکھے کہ بے قیاس ٹڈی دل آیا ہے اور دریا میں جمع ہو کر وہاں کی سبزی کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ مال بے قیاس وہاں پر جمع ہو گا اور پھر لٹ جائے گا تو ویران ہونے پر دلیل ہے۔

منادی (پکارنے والا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ منادی گزار ہے اور اس کی کلام علم اور حکمت کے مطابق ہے اور اپنے آپ پر صالح اور پارسا ہے تو خیر اور بشارت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس جہان کی صلاح کی منادی ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور صلاح پائے گا' اور اگر دنیا کی خیر منادی ہے۔ دلیل ہے کہ اس جہان کی مراد پائے گا' اور اگر شر اور فساد پر منادی ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

منارہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منارہ ایسا شخص ہے جو لوگوں کو راہِ دین کی طرف دعوت دیتا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے منارہ بنایا ہے۔ دلیل ہے کہ نیک کام کرے گا اور اہل اسلام کی جماعت کو جمع کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے منارہ اکھاڑا ہے اور خراب کیا ہے۔ دلیل ہے کہ مسلمان متفرق ہوں گے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس منارے کا موذن دنیا سے رحلت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منارہ بادشاہ یا

کوئی بڑا آدمی ہے۔ اگر کسی کوچے میں منارہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ کوئی بڑا آدمی اس کوچے میں آئے گا' اور اگر منارہ چونے اور اینٹ کا دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ شاہی سردار ہوگا اور اگر کچی اینٹ کا منارہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ وہ بڑا آدمی رعایا میں سے ہے اور دیندار اور متواضع ہے' اور اگر منارہ پتھر اور چونے کا دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ وہ بادشاہ ظالم کا سردار ہوگا' اور اگر لکڑی کا منارہ دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ وہ سردار کمینہ اور کم ہمت ہوگا' اور اگر منارہ مسجد کے دروازے پر دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ وہ سردار عالم اور فاضل ہوگا اور لوگوں کو شریعت کے کاموں کی طرف بلائے گا اور اگر دیکھے کہ مسجد کا منارہ گرا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دین کے بزرگوں میں سے کوئی مرے گا اور لوگوں میں تشویش اور پریشانی ہوگی اور اگر دیکھے کہ شہر کے درمیان منارہ ہے تو بادشاہ پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ منارے کو کلس تانبے یا بھرت کا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ ظالم اور جابر ہوگا' اور اگر دیکھے کہ منارے کے چوٹی سونے یا چاندی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ جھوٹا بے وفا اور غدار ہوگا۔

اگر منارہ پکی اینٹ کا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ گردن کش اور متکبر ہوگا' اور اگر اپنے آپ کو منارہ کی چوٹی پر دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ کا مقرب ہوگا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا' اور اگر دیکھے کہ منارے پر کھانا رکھا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس **ملک** میں کوئی بادشاہ ظاہر ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ منارے میں ہے اور نماز کی اذان کہی ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ خلقت سے نیک وعدہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے جامع مسجد کے منارے پر نماز کے لئے اذان کہی ہے۔ **دلیل** ہے کہ حج وعمرہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ منارے نے حرکت کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ بیمار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے منارے کو گرایا ہے **دلیل** ہے کہ بادشاہی پائے گا اور اس بادشاہ کو مغلوب کرے گا اور اس سے ولایت لے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منارے کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔(۱) بادشاہ‘ (۲) کوئی بڑا آدمی‘ (۳) امام‘ (۴) مؤذن۔

منبر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منبر سلطان اہل اسلام ہے اور جو خیر اور شر منبر میں دیکھی جائے۔ اس کی تاویل سلطان پر واقع ہوتی ہے‘ اور اگر دیکھے کہ وہ منبر پر چڑھا ہے اور حکمت و علم کا خطبہ پڑھا ہے۔ اگر اہل علم سے نہیں ہے دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا اس کے خویشوں میں سے کوئی عالم ہوگا‘ اور اگر دیکھے کہ منبر پر شعر پڑھے ہیں یا خلافِ شریعت باتیں کی ہیں۔ دلیل ہے کہ اہل اسلام میں بد دینی اور بدعت کی باتوں سے رسوا ہوگا۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو پھانسی پر لٹکائیں گے‘ اور اگر بادشاہ دیکھے کہ منبر پر چڑھا ہے اور منبر گر ایا ٹوٹا ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہی سے معزول ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ منبر پر چڑھا ہے اور پورا خطبہ پڑھ کر نیچے اترا ہے۔ دلیل ہے کہ خطابت سے معزول ہوگا‘ اور اگر عورت دیکھے کہ منبر پر لوگوں کو علم اور حکمت کی باتیں سنائی ہے۔ دلیل ہے کہ رسوا ہوگی۔ کیونکہ عورتوں کے لئے حکمت اور علم کا خطبہ پڑھنا لوگوں کے درمیان روا نہیں ہے‘ اور مردوں کے لئے بھی عورتوں کے درمیان پڑھنا جائز نہیں ہے‘ اور اگر دیکھے کہ منبر پر سے گرا ہے خواہ عالم ہو یا جاہل۔ دلیل ہے کہ عزت سے گرے گا اور لوگوں میں ذلیل اور رسوا ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ منبر پر چڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ عالم اور مصلح اور دین دار ہوگا اور بزرگی اور عزت اور مرتبہ پائے گا‘ اور

اگر مفسد ہے تو اس کو چوری میں پکڑ کر پھانسی پر لٹکائیں گے' اور جس قدر منبر بڑا اور پاکیزہ دیکھے گا اسی قدر عزت اور مرتبہ پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منبر کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔(۱) بادشاہ' (۲) قاضی' (۳) امام' (۴) خطیب' (۵) پھانسی پر لٹکانا۔

منجم (نجومی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نجومی ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بزرگوں اور بادشاہ کے نزدیک عزت پائے گا اور اس کا مرتبہ زیادہ ہوگا' لیکن جھوٹی اور محال باتیں کہے گا۔ خاص کر اگر خواب میں بھی احکامِ نجوم کی بات کہی ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ علم نجوم اور ہیئت افلاک کی باتیں کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ اور بڑے لوگ اس کی عزت کریں گے اور اگر دیکھے کہ احکامِ نجوم کی باتیں کرتا ہے تو اس کی تاویل بے حرمتی دیکھنا اور جھوٹ بولنا ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نجومی جھوٹا ہے اور حق تعالیٰ کا شکر گزار بندہ ہے۔

منجنیق

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی شہر یا مسلمانوں کے قلعہ پر منجنیق سے پتھر گراتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ پشت پیچھے مسلمانوں کی بدی کرتا ہے' اور اگر دیکھے کہ کافروں کے شہر یا قلعہ پر منجنیق سے پتھر گراتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ان کو دشمن جانے گا اور ان کی ہمیشہ بدی کرے گا۔

منشور (فرمان)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مردِ عالم یا زاہد یا مصلح نے اس کو فرمان دیا ہے کہ اس کام پر تیار رہے۔ **دلیل** ہے کہ کارِ دین میں اس کی صلاح ہوگی اور دنیا کی اور آخرت کی نجات اور سعادت پائے گا اور اگر اس کے خلاف دیکھے **دلیل** ہے کہ نجات نہ پائے گا اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو فرمان دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو فرمان دیا ہے اور اس شہر میں مصلح لوگ ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے بڑا مرتبہ پائے گا اور اس کا کام انتظام سے ہوگا' اور اگر دیکھے کہ وہ شہر خراب اور کمینی ولایت ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کہ اس کو کسی فرشتے یا پیغمبر نے لکھا ہوا فرمان دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ حق تعالیٰ اس کو بخشے گا اور اس سے راضی اور خوشنود ہوگا اور اگر فرمان سیاہ ہے تو اس کی تاویل اول کے برعکس یعنی خلاف ہے۔

منقار (چونچ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی مرغ جیسی چونچ ہے۔ **دلیل** ہے کہ چونچ کی بڑائی کے مطابق مال حاصل کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ کسی بڑے پرندے نے جیسے عقاب اور گدھ وغیرہ نے اس کے چونچ ماری ہے اور اس کو درد ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو رنج اور سختی پہنچے گی اور اس کے مال کا نقصان ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی مرغ کی چونچ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی قدر و قیمت کے مطابق اس کو بزرگی اور نعمت اور خیرو منفعت حاصل ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کے چونچ ہے اور اس سے لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کو اس سے تکلیف اور زحمت پہنچے گی۔

منی

منی وہ پانی ہے کہ جس سے بچہ پیدا ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منی کا دیکھنا مال ہے جس سے کہ خوش ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس آبِ منی کا ایک مٹکا ہے۔ دلیل ہے کہ بہت سا مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل سے بہت سی منی نکلی ہے_ دلیل ہے کہ اسی قدر اپنی کمائی سے مال بہت سا حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے عضو تناسل سے آبِ منی جاری ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بیگانے سے مال حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی منی نکلی ہے۔ دلیل ہے کہ مال پائے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ. (ہم نے انسان کو نطفہ سے پیدا کیا ہے جس کو ہم آزماتے ہیں۔)

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں منی چار وجہ پر ہے۔ (۱) فرزند' (۲) زیادتی مال' (۳) نقصان مال' (۴) بزرگی۔

اور اگر صاحب خواب دیکھے کہ اس کی منی باہر نکلی ہے۔ تو معبر کو چاہئے کہ زیادتی مال پر تعبیر بیان کرے اور اگر منی نہیں نکلی ہے تو مال کا نقصان ہوگا۔

مہد (جھولا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جھولے میں بیٹھا ہے اور صاحب خواب اس قابل بھی ہے تو راحت اور آسانی اور عیش خوش پر دلیل ہے اور خوف و دہشت سے امن میں رہے گا' اور اگر دیکھے کہ جھولے سے گرا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ جھولے میں بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ مہربان عورت کرے گا یا خوبصورت کنیز خریدے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ جھولا خواب میں آرام گاہ اور عزت اور مرتبہ ہے۔ اسی کے لئے ہے جو اس قابل ہے ورنہ قید خانہ اور حبس ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جھولا آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) آسانی اور راحت' (۲) عیش' (۳) عزت' (۴) دولت' (۵) مرتبہ' (۶) امن' (۷) مہربان کنیز' (۸) عورت' اور عورتوں کے لئے جھولا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) قید خانہ' (۲) تنگ جگہ' (۳) غم واندوہ' (۴) رنج اور محنت۔

مہر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مٹی پر مہر لگائی ہے۔ دلیل ہے کہ منفعت اور بزرگی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ خط پر مہر لگائی ہے۔ دلیل ہے کہ ملنے والی چیز کا معائنہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ کسی بادشاہ یا امیر نے اس کو انگوٹھی دی ہے اور کہا ہے کہ لو اور خزانے پر مہر لگاؤ۔ اگر لائق ہے تو خزانہ اس کے سپرد کیا جائے گا۔ ورنہ کوئی بڑا آدمی اپنا مال اس کے سپرد کرے گا۔

اور اگر دیکھے کہ اس کو بادشاہ نے مہر دی ہے اور سپرد کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس

سے عزت اور مرتبہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ بادشاہ نے رسم کے مطابق نامہ پر مہر لگائی ہے۔ دلیل ہے کہ ولایت پائے گا اور مراد کو پہنچے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں خط اور ہتھیلی اور جو اس کے مشابہ ہے اس پر مہر لگانا سات وجہ پر ہے۔ (۱) کام کا ختم ہونا' (۲) دین کی قوت' (۳) ریاست' (۴) حقیقت اور دین کی خبریں' (۵) مال' (۶) دولت اور بزرگی' (۷) مراد کا حصول صاحب خواب کی قدر کے مطابق۔

مہرہ (منکا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مہرہ پایا ہے یا خریدا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی قدر اور قیمت کے مطابق مال حاصل کرے گا۔ یا کوئی خدمت گار ملے گا' اور اگر دیکھے کہ مہرہ پاکیزہ اور سفید ہے دلیل ہے کہ وہ خدمت گار مصلح اور پارسا ہو گا۔

اور اگر سبزہ مہرہ دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا خادم مبارک ہو گا' اور اگر زرد ہے تو دلیل ہے کہ اس کا خدمت گار بیمار سا ہو گا' اور اگر سیاہ ہے تو اس کا خدمت گار سخت دل اور بدخو ہو گا۔

حضرت جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہرے کا دیکھنا سات وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) خدمت گار' (۳) کنیز' (۴) مال' (۵) ادب اور دانائی' (۶) فرزند' (۷) آزاد غلام۔

مہمان

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہمانی کسی چیز کا جمع کرنا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی قوم کو مہمانی کے لئے بلایا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا جو اس کو تمام شغلوں سے روکے گا۔

اور اگر دیکھے کہ لوگ اس کو باغ میں مہمانی کے لئے لے کر گئے ہیں اور وہ باغ جاری پانی اور رنگا رنگ کے میوؤں سے پر ہے۔ دلیل ہے کہ جہاد کو جائے گا اور شہید ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ وَّ شَرَابٌ (اس میں بہت سے میوے اور شربت ہیں۔)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ایسی مہمانی کا دیکھنا کہ جہاں پر ناچ اور چنگ و چغانہ ہے اور باجا وغیرہ ہے۔ تو غم واندوہ اور مصیبت پر دلیل ہے' اور اگر یہ چیزیں نہیں ہیں تو خیر و برکت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مہمانی غائب کے واپس آنے پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ دُلہن بغیر نکاح کے چاہی ہے اور مہمان کی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا۔

مورچہ (چیونٹیاں)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کیڑے لوگوں کا انبوہ ہے اگر کوئی دیکھے کہ چیونٹیاں کسی چیز میں آکر بند اور جمع ہوگئیں تو دلیل یہ ہے کہ بہت سے لوگ اس کے گھر میں آ پہنچیں گے۔ اگر دیکھے کہ بہت سے چیونٹے اس کے گھر سے نکلے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس گھر کے لوگ دوسری جگہ تبدیل ہوں گے' اور اگر دیکھے کہ اوپر سے چیونٹے اس کے گھر میں گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ چور اس کے گھر گھسے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر بہت سی چیونٹیاں جمع ہوئی ہیں یا اس کے منہ سے نکلی

ہیں۔ دلیل ہے کہ جلدی ہلاک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چیونٹی کمزور دشمن ہے۔ اگر اپنے گھر میں بہت سے چیونٹے دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کی نسل بہت ہوگی، اور اگر دیکھے کہ چیونٹے اس کے گھر سے باہر نکلے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کی نسل کم ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سرخ چیونٹی ضعیف اور سست آدمی پر دلیل ہے اور سیاہ اور بڑے چیونٹے چوری کے مال اور اہل بیت پر دلیل ہے، اور اگر دیکھے کہ چیونٹیاں اس کے گھر سے باہر نکلی ہیں اور ہوا میں اڑتی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے خویش سفر سے واپس آئیں گے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ چیونٹیوں کا خواب میں دیکھنا تاویل میں صاحب خواب کے اہل بیت ہیں، اور اگر دیکھے کہ چیونٹیاں اس کے گھر سے باہر نکلی ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے گھر کا حال پریشان ہوگا۔

مورو (آس کا درخت ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مورو آزاد اور خوش طبع اور خوبصورت اور کامل عقل ہے جو دوستی کے لائق ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس مورو ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی ایسے شخص سے صحبت ہوگی اور اس سے فائدہ پائے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مورو کا درخت ٹوٹا ہے یا اس نے جگہ سے اکھاڑا ہے۔ دلیل ہے کہ ایسے مرد کی صحبت سے جدائی ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مورو خواب میں بہت سا مال

اور نعمت ہے اور بعض نے کہا ہے کہ فرزند صالح ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مورو کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔(۱) عاقل مزدور'(۲) فرزند صالح'(۳) بہت سامال'(۴) منفعت۔

اگر عورت خواب میں دیکھے کہ اس نے مورو کا بندھا ہوا دستہ شوہر کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ ان کا نکاح پائیدار رہوگا۔

موز (کیلا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کیلا تونگروں کے لئے مال ہے اور دینداروں کے لئے دین ہے اور کیلے کا پتا سب درختوں کے پتوں سے بہترین ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کیلا لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے اور صاحب خواب مالدار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مال اور زیادہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کیلا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ دین اور دنیا کی منفعت حاصل کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کیلا تین وجہ پر ہے۔ (۱) مال کی زیادتی' (۲) دین کی زیادتی' (۳) حلال کی روزی اور خوش گزارن۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے۔ اگر موسم میں دیکھے کہ اس نے کیلا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ خوبصورت اور مالدار عورت کرے گا اور اس سے فائدہ پائے گا۔

موزہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں موزہ جاڑے کے موسم میں خیر اور نیکی پر دلیل ہے اور موسم گرما میں غم واندوہ ہے' اور موزے کے درمیان اہل تعبیر کا اختلاف ہے۔

موش (چوہا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چوہا عورت ہے جو ظاہر میں پارسا اور باطن میں بدکار ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے چوہے کو پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مذکورہ بالا صفت کی عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے چوہے کو طبلے میں پکڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مکرو حیلہ سے عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سے چوہے جمع ہوئے ہیں اور سب ایک ہی طرح کے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ ان چوہوں کے مطابق عورتیں اس کے گھر میں جمع ہوں گی' اور اگر دیکھے کہ مختلف طرح کے چوہے ہیں۔ بعض سیاہ اور بعض سفید ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کی تاویل خلاف رات اور دِن کا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ رات اور دِن دو چوہے ہیں جو لوگوں کی عمروں کو کترتے ہیں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سوراخ ناک سے یا عضو تناسل سے چوہا نکلا ہے **دلیل** ہے کہ اس کے نابکار لڑکی پیدا ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ گھر میں جنگلی چوہے آئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس جگہ نابکار عورتیں جمع ہوں گی' اور خواب میں چوہوں کی تاویل مال اور فسادی عورتوں کا سامان ہے اور خانگی اور جنگلی چوہا خواب میں تاویل کے لحاظ سے مساوی ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے چوہا پکڑا ہے اور اس کی دُم نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ بے اصل عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ چوہا اس کے ہاتھ میں مرا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس پر مصیبت آئے گی' اور اگر دیکھے کہ اس

نے چوہا پاؤں سے ملا ہے۔ دلیل ہے کہ بدکار عورت کر کے چھوڑے گا' اور اگر دیکھے کہ چوہے پر پتھر پھینکا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کو تہمت لگائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے بستر میں چوہا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بدکار عورت سے فساد کا ارادہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے چوہے کو کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ نابکار عورت کا مال کھائے گا۔

موم

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سفید موم مال اور نعمت ہے اور زرد موم بیماری ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سفید موم کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مالِ حلال پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس سے موم ضائع ہوا ہے یا اس نے بیچا ہے تو مال کے نقصان پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہر ایک رنگ کا موم مال اور نعمت ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے سفید موم کو چبایا ہے تو دوسرے موموں سے بہتر ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے موم چبایا ہے۔ دلیل ہے کہ کسی کی شکایت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے آگ پر موم جلایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بادشاہ سے مال لے گا' اور اگر دیکھے کہ موم کی شمع بنا کر لوگوں کو دیتا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنا مال خیر اور صلاح اور صدقہ میں خرچ کرے گا اور لوگوں پر بخشش اور احسان کرے گا۔

مومیائی

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مومیائی کھائی ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے مومیائی کسی کو بخشی ہے یا گھر کے باہر ڈالی ہے۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مومیائی

جسم کی خستگی کے باعث کھائی ہے اور اس نے صحت پائی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

موئے (بال)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں بال مردوں کے لئے غم واندوہ ہے اور عورتوں کے لئے زینت ہے اور چوپاؤں کے بال تھوڑا مال ہے۔ اگر صوفی دیکھے کہ اس کے سر کے بال دراز ہیں۔ **دلیل** ہے کہ وہ زینت اور صلاح پائے گا' اور اگر صوفی نہیں ہے تو بالوں کی لمبائی کے مطابق غم واندوہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے تھوڑے بال کاٹ کر گرائے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ غم واندوہ اس سے زائل ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے حج کے وقت پر سر کے بال منڈائے ہیں تو صلاح اور گناہوں کے کنارے پر **دلیل** ہے' اور اگر خواب میں حرمت کے مہینے یعنی رجب اور ذی الحج اور ذی قعدہ اور محرم کو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا قرض ادا ہوگا اور غم سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے سب بال مونڈے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ جو کچھ اوپر بیان ہوا ہے زیادہ ہوگا' اور اگر صاحب خواب امیر عورت ہے اور دیکھے کہ اس نے سر منڈوایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا شوہر مرے گا یا والی مرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ اپنے بال دراز دیکھے تو لشکر پر **دلیل** ہے اور اگر رعیت دیکھے تو غم واندوہ کی زیادتی پر **دلیل** ہے' اور جسم کے بالوں کی زیادتی غم واندوہ پر **دلیل** ہے' اور اگر مرد دیکھے کہ اس کے سر کے بال پریشان و پراگندہ ہیں تو یہ زیادتی دین کے نقصان کی **دلیل** ہے' اور اگر اپنے سر کے بال لٹکے ہوئے دیکھے تو ماں باپ یا کسی بزرگ کی طرف سے غم واندوہ پر **دلیل** ہے

اور اگر اپنے سر کو گنجا دیکھے تو زیادتی عیش اور خوشی پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے علویوں کی طرح دو گیسو ہیں دلیل ہے کہ سرداری پائے گا' اور نیک نام ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بال اکھاڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے اپنے اس کا مال ضائع کریں گے' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بالوں کو شانہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے کاموں پر قادر ہوگا اور بہت منفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بغل کے یا زیر ناف کے بال مونڈے ہیں۔ تو یہ اس کے صلاح دین پر دلیل ہے' اور بغل کے بال مونڈنا مال اور مراد کے پانے پر دلیل ہے' اور بغل کے بال مونڈنا بے مروتی کی زیادتی پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے سینے پر بال ہیں۔ دلیل ہے کہ اس پر قرض جمع ہوگا' اور جسم پر بال قرض کا مال ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے جسم پر بال مونڈے ہیں تو اس کے نقصان مال پر دلیل ہے' اور اگر صاحب خواب درویش اور قرض دار ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور غم واندوہ سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ چونا مل کر اپنے جسم پر سے بال اتارے ہیں۔ اگر مالدار ہے تو درویش ہوگا اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے کچھ بال گرے ہیں۔ اگر تونگر ہے تو نقصان مال پر دلیل ہے اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا اور اگر قرضدار ہے تو قرض ادا ہوگا اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے دائیں کے بال مشرق کو اور بائیں کے بال مغرب کو گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے دولڑکے ہوں گے جن کا نام مشرق و مغرب میں مشہور رہوگا۔

حضرت حافظ معبر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عالم خواب میں دیکھے کہ اس کے بال گھنگریالے ہوگئے ہیں تو یہ بدعت اور اس کی رسوائی پر دلیل ہے' اور اگر جاہل یہ خواب دیکھے تو نعمت اور عزت کے پانے پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے بال

اکھاڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ امانت ادا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے زیر ناف کے بال دراز ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا اور بالوں کی درازی عورتوں کے لئے نیک ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے زیر ناف کے بال مونڈے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے دین میں نقصان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بالوں کا خواب میں مونڈھے جانا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔(۱) حج ادا کرنا' (۲) سفر کرنا' (۳) عزت اور مرتبہ' (۴) امن' (۵) دولت۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ مُحَلِّقِینَ رُءُوسَکُمْ وَ مُقَصِّرِینَ (اپنے سروں کو منڈوانے والے اور کترانے والے' اور اگر صاحب خواب کو بال منڈوانے کی عادت ہے تو اس کے نیک اور بد کی دلیل ہے۔)

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر بادشاہ اپنے بال دراز دیکھے تو لشکر پر دلیل ہے اور اگر رعیت دیکھے تو غم واندوہ کی زیادتی پر دلیل ہے' اور جسم کے بالوں کی زیادتی غم واندوہ پر دلیل ہے' اور اگر مرد دیکھے کہ اس کے سر کے بال پریشان و پراگندہ ہیں تو یہ زیادتی دین کے نقصان کی دلیل ہے' اور اگر اپنے سر کے بال لٹکے ہوئے دیکھے تو ماں باپ یا کسی بزرگ کی طرف سے غم واندوہ پر دلیل ہے اور اگر اپنے سر کو گنجا دیکھے تو زیادتی عیش اور خوشی پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے علویوں کی طرح دو گیسو ہیں دلیل ہے کہ سرداری پائے گا' اور نیک نام ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بال اکھاڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے اپنے اس کا مال ضائع کریں گے' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے بالوں کو شانہ کیا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے کاموں پر قادر ہوگا اور بہت منفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بغل کے یا زیر ناف کے بال مونڈے ہیں۔ تو یہ اس کے صلاحِ دین پر دلیل ہے' اور بغل کے

بال مونڈنا مال اور مراد کے پانے پر دلیل ہے' اور بغل کے بال مونڈنا بے مروتی کی زیادتی پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے سینے پر بال ہیں۔ دلیل ہے کہ اس پر قرض جمع ہوگا' اور جسم پر بال قرض کا مال ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے جسم پر مال مونڈے ہیں تو اس کے نقصان مال پر دلیل ہے' اور اگر صاحب خواب درویش اور قرض دار ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور غم واندوہ سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ چونا مل کر اپنے جسم پر سے بال اتارے ہیں۔ اگر مالدار ہے تو درویش ہوگا اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے کچھ بال گرے ہیں۔ اگر تونگر ہے تو نقصان مال پر دلیل ہے اور اگر درویش ہے تو مالدار ہوگا اور اگر قرضدار ہے تو قرض ادا ہوگا اور اگر بیمار ہے تو شفاء پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے دائیں کے بال مشرق کو اور بائیں کے بال مغرب کو گئے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے دولڑکے ہوں گے جن کا نام مشرق و مغرب میں مشہور ہوگا۔

حضرت حافظ معبر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عالم خواب میں دیکھے کہ اس کے بال گھنگریالے ہوگئے ہیں تو یہ بدعت اور اس کی رسوائی پر دلیل ہے' اور اگر جاہل یہ خواب دیکھے تو نعمت اور عزت کے پانے پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے بال اکھاڑے ہیں۔ دلیل ہے کہ امانت ادا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے زیر ناف کے بال دراز ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا اور بالوں کی درازی عورتوں کے لئے نیک ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنے زیر ناف کے بال مونڈے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کے دین میں نقصان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بالوں کا خواب میں مونڈھے جانا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) حج ادا کرنا' (۲) سفر کرنا' (۳) عزت اور مرتبہ' (۴) امن' (۵) دولت۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ مُحلّقِین رُءُوسکم و مقصرین (اپنے سروں کو منڈوانے والے اور کتروانے والے' اور اگر صاحب خواب کو بال منڈوانے کی عادت ہے تو اس کے نیک اور بد کی دلیل ہے۔)

مے پختہ (شراب)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شراب کی تاویل مالِ حرام ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ شراب پی کر مست ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ مستی کے مطابق عزت اور مرتبہ پائے گا' اور اگر دیکھے کہ بغیر شراب پیے کے مست ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بڑا خوف اور دہشت پہنچے گی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَتَرَی النَّاسَ سُکَارٰی (اور تو لوگوں کو نشہ میں دیکھے گا۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شراب موزے سے مستی پینے کے مطابق مال اور نعمت کی کمی ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس شراب ہے اور اس نے خواہش سے پی ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں سے جنگ اور جھگڑا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ شراب میں غرق ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ جھگڑے میں ہلاک ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے شراب پی ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حرام کو حرام سے بدلے گا' اور اگر دیکھے کہ شراب پانی سے ملی ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ مال حاصل کرے گا کہ اس کا کچھ حصہ حلال اور کچھ حصہ حرام ہوگا' اور یہ بھی کہتے ہیں کہ عورتوں سے مال لے گا۔ اگر دیکھے کہ شراب فروخت کرتا ہے دلیل ہے کہ حرام چیز فروخت کرے گا۔

میخ (کھونٹی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھونٹی بھائی ہے۔

اگر دیکھے کہ اس نے دیوار میں کھونٹی لگائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا بھائی کھونٹی لگائی جگہ پر کسی مرد کو پکڑے گا۔ کیونکہ دیوار تاویل مرد ہے' اور اگر دیکھے کہ کھونٹی کو رسی سے باندھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا بھائی کسی مرد کو ملے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے پشت پر کھونٹی ماری ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی پشت سے فرزند پیدا ہوگا جو بادشاہ بنے گا یا پورے شرف اور بزرگی کو پہنچے گا یا زاہد ہوگا جس کا نام تمام عالم میں مشہور ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کھونٹی تمام چیزوں میں بزرگی اور دین و دنیا کا مرتبہ ہے اور اگر دیکھے کہ کھونٹی اس کے گھر کے دروازے پر ہے۔ دلیل ہے کہ شرف اور بزرگی پائے گا' اور اگر اپنے گھر سے کھونٹی اکھاڑ کر باہر پھینکی ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔ اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس لکڑی یا لوہے یا چاندی یا تانبے یا ہڈی کی کھونٹی ہے دلیل ہے کہ یہ دو قسم کی ہے۔ ایک یہ ہے کہ عورت کرے گا۔ دوسرے یہ ہے کہ کسی کو دوست بنائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے ستون یا لکڑی میں میخ لگائی ہے۔ دلیل ہے کہ موافق شخص سے درستی کرے گا' اور درخت پر میخ لگائی ہے اور قرار پائی ہے اور احتیاط کی ہے کہ کیسے درست لگی ہے۔ اس کی تاویل درخت سے درستی یا نکاح یا بخشش یا ملاقات ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر میخ بھرت کی یا تانبے کی ہے اس کی تاویل نیک ہے اور اگر لوہے یا ہڈی کی ہے تو نیکی اور قوت پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لوہے کی میخ ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ جو بادشاہی کے قابل ہوگا' اور اگر فرزند نہیں ہے تو دلیل ہے کہ حق تعالیٰ اس کو علم اور دانش عطا کرے گا' اور اگر اہل علم سے نہیں ہے دلیل ہے کہ اہل علم سے پیار کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے سونے یا چاندی کی میخ زمین میں ٹھونکی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنی کمائی سے دولت مند ہوگا۔

پر دلیل ہے' اور انگور سیاہ اور آلو اور زیتون غم و اندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ درخت پر سے میوہ چنا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر کسی بزرگوار شخص سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ بیٹھ کر کسی درخت سے میوہ چنا ہے دلیل ہے کہ جو کچھ پائے گا حلال اور شائستہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ درخت پر بغیر ہاتھ ڈالے کے میوہ گرا ہے۔ دلیل ہے کہ بغیر رنج اور مشقت کے اس کو مالِ حلال حاصل ہوگا' اور اگر دیکھے کہ درخت سے کچھ میوہ لیا ہے اگر موسم پر ہے تو کچھ خوف نہیں ہے اور حلال روزی پر دلیل ہے اور اگر بے وقت ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو میوے موسم میں خواب میں دیکھے اور کھائے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا' اور اگر میوے اپنے وقت پر نہیں ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا مال پراگندہ ہوگا' اور ہر میوے کی تاویل درخت کی طرف رجوع کرتی ہے۔ خواہ نیک ہو خواہ بد ہو' اور زرد میوے سوائے ترنج اور بہی اور زرد آلو کے بیماری پر دلیل ہیں۔ کیونکہ اِن تینوں کی تاویل میں نقصان نہیں ہے اور ترش میوے غم و اندوہ پر دلیل ہیں' اور تر میوے پکے ہوئے اور شیریں اور اپنے موسم پر روزی حلال پر دلیل ہیں اور خواب میں خام اور بے مزہ میوے مالِ حرام اور اندوہ اور مصیبت پر دلیل ہیں' اور اگر دیکھے کہ اس نے گرما کا میوہ سرما میں کھایا ہے تو دلیل ہے کہ بیمار پڑے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شیریں میوہ اگر بے وقت دیکھے تو غم و اندوہ پر دلیل ہے' اور اگر گلوگیر میوہ بے وقت کھائے تو کاموں کی بستگی اور تنگی عیش پر دلیل ہے۔ حاصل یہ ہے کہ جو میوہ سبز اور تر اور خوشبودار اور شیریں ہے اس کی تاویل خیر اور منفعت ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ میوہ بیچتا ہے۔ اگر کوئی لوگوں کا پسندیدہ ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے کام میں مشغول ہوگا' اور اگر

میوہ ترش اور بے مزہ فروخت کرتا ہے تو غم واندوہ اور رنج پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں میوہ فروش اگر عمدہ اور شیریں میوہ فروخت کرتا ہے تو بہتری اور خیر پر **دلیل** ہے' اور معبر کو چاہئے کہ نیک و بد اور جنس اور ناجنس کو جانے کہ کس کا کس طرح بیان دینا چاہئے اور ہر ایک کے خواب میں فرق کرنا چاہئے اور تب تاویل بیان کرے تاکہ اصل سے خطا نہ جائے' اور اللہ تعالیٰ ہی بہتری کو خوب جانتا ہے۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف النون

نابینا (اندھا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ اندھا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دین و اسلام سے گمراہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کی ایک آنکھ اندھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا نصف دین گیا ہے یا کوئی بڑا گناہ کیا ہے اور اس کے اعضاء میں سے کسی پر مصیبت آئے گی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اندھے کا ہاتھ پکڑ کر لے گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ گمراہ ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نابینا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اچھے کام اپنے ہاتھ سے کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کی آنکھ اندھی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو راہِ دین سے دُور کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے چوپائے کو اندھا کیا ہے۔ تو اس شخص پر **دلیل** ہے جو اس چوپائے کی طرف منسوب ہے کہ اس کو ضرر اور تکلیف پہنچائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نابینائی سات

وجہ پر ہے۔ (۱) درویشی' (۲) بدحالی' (۳) غم و اندوہ' (۴) نقصانِ جسم' (۵) مصیبت' (۶) نقصانِ مال' (۷) دین کی تباہی۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (بہرے گونگے' اندھے ہیں جو رجوع نہیں کرتے۔)

اگر نابینا خواب میں دیکھے کہ بینا ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کے کام اس پر کشادہ ہوں گے اور ناامیدی سے امیدوار ہوگا اور حق تعالیٰ کی رحمت سے نصیب پائے گا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا (اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سب گناہوں کو بخشے گا۔)

ناخن

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناخن سخاوت اور قوم اور لوگوں پر دلیل ہے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ہتھیار والے کے حق میں ناخن ہتھیار ہیں' اور اگر دیکھے کہ اس نے ناخن مقراض سے کاٹے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس کا دین قوی ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناخن قوت اور توانائی اور دنیا کا مال حاصل کرنا ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن ٹوٹے ہیں۔ دلیل ہے کہ مال حاصل نہ کر سکے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا ناخن گرا ہے اور پھر دوبارہ اگا ہے اور زیادہ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام اچھا ہوگا اور بہت سا مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن سیاہ اور نیلے ہوئے ہیں تو مصیبت پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ ناخن اس قدر دراز ہوئے ہیں کہ ٹوٹنے کا خوف ہے تو اس کی تاویل بری ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے ناخن جڑ سے کٹے ہیں اور متغیر ہوئے ہیں تو اس کے

کاموں کی بستگی پر **دلیل** ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ناخن حد اعتدال پر ہیں تو دین اور دنیا کی صلاح پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے ناخن درست کئے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بہت سا مال پائے گا اور ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کی ایک ہی تاویل ہے اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ ہاتھ کے ناخنوں کی تاویل مال حاصل کرنا ہے اور پاؤں کے ناخن کی تاویل بھی مال ہی ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناخن کا دیکھنا چھ وجہ پر ہے۔ (۱) قوت و دانائی' (۲) لوگوں کی مقدار دنیا میں' (۳) دلیری' (۴) فرزند' (۵) منفعت' (۶) غلام زادے یا برادر زادے۔

ناخن پرا (قینچی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مقراض خواب میں بانٹنے والا مرد ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے سر کے بال یا کپڑا مقراض سے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ یہ سب نیک ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مقراض دی ہے یا اس نے خریدی ہے اگر اس کے لڑکا ہے تو اور لڑکا آئے گا اور اگر لڑکی ہے تو اور لڑکی آئے گی' اور اگر مقراض کے دو ٹکڑے ہیں تو بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی نے مقراض دی ہے یا اس نے خریدی ہے یا اس نے پائی ہے۔ اگر اس کے پاس گھوڑا ہے تو اور گھوڑا خریدے گا یا پائے گا' اور اگر اس کے پاس **ملک** ہے تو اور **ملک** پائے گا۔ علی ہذا القیاس جو کچھ پاس ہے وہ کچھ اور ملے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقراض نیک نام اور نیک اصل مرد ہے جوان سے دوستی کرے گا' اور اس کی دنیا اور دین میں زیادتی ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مقراض دیکھنی تین وجہ پر ہے۔ (۱) تقسیم کرنے والا مرد' (۲) مرد نیک اصل' (۳) ناموافق دوست۔

ناریا (ایک سبزی کا نام ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناریا کھانا اگر شیریں ہے اور بکری یا مرغ کے گوشت میں پکا ہوا ہے تو خیر و منفعت پر **دلیل** ہے اور اگر گائے یا کسی غلیظ گوشت میں پکا ہوا ہے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔

نارمشک (ایک چھوٹا سا پودا ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے اس کی زمین میں نارمشک اگا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا نام خیر اور خوشی اور خوبی سے اس **ملک** میں مشہور ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے نارمشک زمین پر سے اکھاڑے ہیں تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس تازہ نارمشک کا دستہ ہے اور وہ اپنے موسم میں ہے تو خیر و منفعت پر **دلیل** ہے۔

نارنج (نارنگی)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ نارنگی کچھ زرد ہوتی ہے' لیکن خوشبودار اور دیکھنے میں عمدہ اور پاکیزہ ہے اور بہشت کے میوؤں میں سے ہے۔ لہٰذا خواب میں عمدہ ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نارنگی ایک سے تین تک فرزند ہیں۔ اگر تین سے زیادہ دیکھے تو اسی قدر مال ہے اور سبز نارنگی بہتر ہے اور زرد نارنگی بھی وقت پر بری نہیں ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نارنگی سبز ہے تو بعض اہل تعبیر کے نزدیک بیماری اور غم واندوہ پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نارنگی کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) دوست' (۲) جھگڑا' (۳) فرزند' (۴) لوگوں سے منفعت۔

ناطف (ایک قسم کا حلوا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی ناطف ہے اور اس میں کھاتا ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ کثیر اور نعمت حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ شہد اور دوشاب کا ناطف بہت سے مال اور نعمت پر دلیل ہے' لیکن شہد کا ناطف فائدے میں بہتر ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شہد کا ناطف تین وجہ پر ہے۔ (۱) کلامِ شیریں' (۲) مالِ حلال' (۳) معیشت۔

ناف

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناف عورت اور

اس کی زیر دست کنیز ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ناف گری ہے۔ دلیل ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا اس کی کنیز مرے گی' اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف کٹی ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا عیال مرے گا اور اس کا کام تباہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف چھوٹی ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف میں سوراخ ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے حال میں خلل ظاہر ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی ناف یا سینے پر خط جیسے بال نکلے ہیں۔ دلیل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں پر رغبت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کی ناف جڑ سے کٹی ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے ماں باپ سے جدا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ ناف سے شکم تک شگاف آیا ہے دلیل ہے کہ عالم اور دانا ہوگا' لیکن اس کا مال جاتا رہے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی کی ناف کاٹ کر کھائی ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال ضائع ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے خواب میں ناف کا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) خوبصورت عورت' (۲) کنیز' (۳) مال اور روزی' (۴) لڑکا' (۵) ماں باپ۔

ناقوس (نرسنگا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناقوس منافق اور جھوٹا اور بے فائدہ شخص ہے۔ اگر دیکھے کہ ناقوس بجاتا ہے۔ دلیل ہے کہ منافق آدمی کے ساتھ بیٹھے گا اور نفاق سے جھوٹ بولے گا اور خوش ہوگا' اور اگر ناقوس کو دیکھے کہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ناقوس کا دیکھنا

تین وجہ پر ہے۔(۱) جھوٹ بولنا' (۲) نفاق' (۳) دل میں کافروں کی محبت رکھنا۔

نام گردانیدن (نام بدلنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر بہتر ناموں میں سے نام بدلا ہے' جیسے محمد' احمد' سعد' سعید' صالح وغیرہ تو خیر وصلاح پر دلیل ہے' اور اگر اس کا لقب اس کے نام اور لقب سے بدتر ہے تو پھر شر اور فساد پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیک نام اور نیک کنیت سننا جیسے ابوالخیر اور ابوالفضل اور ابوسعید یا ابوالبرکات وغیرہ خیر و صلاح پر دلیل ہے اور اگر اس کے خلاف دیکھے جیسے ابولہب اور عتبہ اور شیبہ وغیرہ تو شر اور نقصان پر دلیل ہے جیسے بیان ہو چکا ہے۔

نامہ (خط' چٹھی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس سربستہ نامہ ہے۔ دلیل ہے کہ کوئی پوشیدہ بات سنے گا' اور اگر نامہ کشادہ ہے تو دلیل ہے کہ ظاہر بات سنے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے خط پر مہر لگی ہوئی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا مہر نامہ خیر سے پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو چٹھی دی ہے اور اس کا سر نامہ پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو کسی سے خیر پہنچے گی' اور اگر اس خط کا عنوان نہیں ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اسکا عنوان لکھا ہوا ہے اور اس پر مہر لگی ہوئی ہے اور کسی نے کھولی نہیں ہے۔ دلیل ہے کہ ایسا کام کرے گا کہ جسکا ظاہر نیک ہوگا اور باطن میں غم واندوہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ چٹھی کی مہر اتار کر پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ اسکی عزت اور مرتبہ زیادہ ہوگا' اور اگر صاحب خواب

پڑھا ہوا ہے اور خواب میں دیکھے کہ اس نے خط پڑھا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسکا رتبہ اور عزت زیادہ ہوگی اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اسکی موت قریب ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ **اِقْرَاْ كِتَابَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا** (اپنی کتاب پڑھ آج کے دن تو ہی اپنا حساب لینے کیلئے کافی ہے۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اسکو کسی بادشاہ کا خط ملا ہے۔ اگر کھولا اور پڑھا نہیں ہے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے' اور اگر کھولا اور پڑھا ہے اور اس میں کوئی بشارت لکھی ہے۔ تو شادی اور خوشی اور منفعت پر **دلیل** ہے اور اگر اس میں بری باتیں لکھی ہیں تو ناخوش اور ترش عیش اور ہلاکت پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ خط مہر کے ساتھ پایا ہے اور بادشاہ کو دیا ہے تو خیر و منفعت پر **دلیل** ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ آسمان سے خط آیا ہے۔ تو خیر اور امیدواری پر **دلیل** ہے اور اس کے کام پورے ہوں گے اور ہر ایک مراد پوری ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس پر ناخوش باتیں لکھی ہوئی ہیں **دلیل** ہے کہ اس کے کام پورے نہ ہوں گے۔

نان ہا (روٹیاں)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں پاکیزہ روٹیوں کا دیکھنا عیش ہے' اور اگر روٹی پاکیزہ نہیں ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی عیش ناخوش ہوگی' اور اگر دیکھے کہ روٹی خرید کر گھر کو لے گیا ہے۔ تو خیر و منفعت اور روزی فراخ اور مالِ حلال پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو روٹی دی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو راحت پہنچائے گا۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے دو تین روٹیاں پائی ہیں۔ **دلیل** ہے کہ غم واندوہ سے رہائی پائے گا اور شادی اور راحت دیکھے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے نامعلوم جگہ پر آدھی روٹی پائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس

کی آدھی عمر گزری ہے اور اگر دیکھے کہ تھوڑی روٹی پائی اور اس کو نہیں کھا سکا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی موت قریب آئی ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سی روٹیاں ہیں اور کھائی نہیں ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر مال حاصل کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے گرم روٹی کھائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گرم روٹی دیکھنا عیش اور راحت پر **دلیل** ہے اور خشک روٹی اس کے خلاف ہے چھان آٹے کا کھانا قحط اور تنگی پر **دلیل** ہے' اور گرم اور پاکیزہ روٹی کھائی بادشاہ کے عدل اور انصاف پر **دلیل** ہے اور باجرے کی روٹی تنگی عیش اور پرہیز گاری پر **دلیل** ہے اور جو کی روٹی کھائی زہد اور پرہیز گاری پر **دلیل** ہے اور دھان کی روٹی سختی اور کاموں کی بستگی پر **دلیل** ہے اور مسور اور باقلا کی روٹی غم و اندوہ پر **دلیل** ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے سوکھی روٹی کھائی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس پر روزی فراخ ہوگی' اور بعض کہتے ہیں کہ خواب میں پتلی روٹی کھانا کوتاہی عمر پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ گول روٹی اس کی پیشانی پر لٹکی ہوئی ہے **دلیل** ہے کہ درویش ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نان کی تاویل امیر اور بزرگ اور رئیس لوگ ہیں' اور اگر بادشاہ خواب میں ایک روٹی دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا ملک زیادہ ہوگا' اور اگر سوداگر دیکھے تو اس کا مال زیادہ ہوگا' اور ایک روٹی کی تاویل ایک درہم سے ایک ہزار درہم تک ہے۔ ہر ایک شخص کے حوصلے کے مطابق' اور اگر رعایا میں سے کوئی شخص دیکھے تو اس کی جائیداد اور عزت زیادہ ہوگی۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کوئی چیز خواب میں روٹی سے بہتر نہیں ہے کیونکہ روٹی خواب میں مالِ حلال ہے جو بغیر محنت کے حاصل ہوتا ہے' اور خواب میں روٹی پکانے کی تاویل طلب معیشت میں کام کرنا ہے اور روٹی میں جلدی

دیکھے کہ اس کے گھر کا پرنالہ گر کر ٹوٹا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ پرنالہ لوہے کا یا تانبے کا ہے۔ **دلیل** ہے کہ ہمیشہ اس کے کام انتظام سے ہوں گے' اور اگر دیکھے کہ کسی کے پرنالے سے اس نے پانی پی لیا ہے **دلیل** ہے کہ اسی قدر کسی سے منفعت پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پرنالہ تین درجہ پر ہے۔ (۱) رئیس شہر' (۲) سردار' (۳) تھوڑی خیر و منفعت۔

نائے زدن (بانسری بجانا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں بانسری بجانا غم و اندوہ اور مصیبت پر **دلیل** ہے اور بانسری کی آواز سننا غم و فکر پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ وہ بانسری بجاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم و اندوہ میں گرفتار ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بانسری بجانے والا وہ شخص ہوتا ہے جو لوگوں کو خیر پہنچاتا ہے اور بانسری بجانے میں خیر نہیں ہے۔

نبات (سبزی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جس سبزے کو اس کے موسم پر دیکھے اور اس کا تنا نہ ہو' تو خیر و منفعت پر **دلیل** ہے اور جس کا تنا اور پیشانی بغیر شاخ کے ہے تو وہ مال اور نعمت اور مرتبے کی زیادتی بقدر سبزی اور کوتاہی اور بلندی اور شاخوں کی باریکی کے ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے جسم پر سبزہ یا گھاس یا درخت اگا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ خیر اور منفعت پائے گا' اور جس قدر نبات زیادہ دیکھے گا خیر اور منفعت زیادہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کے کان یا زبان یا منہ پر سبزہ اگا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا مرتبہ زیادہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے زمین کی سبزی میں عام اور خاص کے لئے نعمت اور من مانا مال ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کی ملکیت کی زمین میں بہت سے پودے اگے ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب دیندار اور مسلمان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چھوٹے پودے چار وجہ پر ہیں۔ (۱) مال' (۲) منفعت اور بزرگی اور مرتبہ' (۳) عیش خوش' (۴) دولت کی زیادتی۔

نبات جلاب (گلاب کا پودا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلاب کا پودا دیکھنا اچھی بات ہے' اور اگر بہت سے پودے دیکھے تو مال و نعمت پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کے منہ میں پودا رکھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے اچھی بات سنے گا یا اس کو بوسہ دے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس نبات کا ڈھیر ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر مال اور نعمت حاصل کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں گلاب کا پودا دیکھنا پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) عمدہ بات' (۲) بوسہ دینا' (منفعت اور مال)' (۴) فرزندان' (۵) حلال کی روزی۔

نباش (کفن چور)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کفن چور ہوا ہے۔ اگر صاحب خواب اہل علم سے ہے۔ دلیل ہے کہ باطل دنیا کی

طلب میں اپنا علم بیچے گا اور اپنی عمر اس میں ضائع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کفن چور دیکھے کہ اس نے بہت سے کفن جمع کیے ہیں۔ دلیل ہے کہ مصلح ہوگا اور علم و حکمت حاصل کرے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ مال حرام جمع کرے گا اور لوگوں سے ملامت اور سرزنش پائے گا۔

نویسندہ (لکھنے والا)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے اگر لکھنے والا دیکھے کہ اس نے کچھ لکھا ہے۔ دلیل ہے کہ مکر اور حیلے سے کسی کا مال لے گا اور نا کردنی کام کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے بادشاہ کے لئے کچھ لکھا ہے۔ دلیل ہے کہ مال و نعمت بہت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ عام لوگوں کے لئے کچھ لکھا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے مکر اور حیلے سے لوگوں کو پریشان کرے گا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اچانک منشی بنا ہے دلیل ہے کہ مکر اور حیلے سے روزی کمائے گا اور اگر عالم شخص ہے اور دیکھے کہ لکھنے کا کام کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر و منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ شعر اور غزل اور افسانہ لکھتا ہے۔ دلیل ہے کہ دنیا کے کام میں لگے گا اور آخرت کے کام کو بھولے گا' اور اگر دیکھے کہ قرآن مجید اور توحید اور دُعا لکھتا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر اور نفع پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے خون کی سیاہی سے خط کو لکھا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سود کا تمسک لکھے گا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ نے فرمایا ہے ہے۔ اگر منشی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی سردار کو خط لکھا ہے۔ اگر صالح ہے تو اس کے دین اور دیانت کے ضائع ہونے پر دلیل ہے اور اگر بدکار ہے تو توبہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ سرخی کے

ساتھ لکھتا ہے۔ تو دنیا کی عیش و عشرت پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ زردی سے لکھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیمار ہوگا اور اگر دیکھے کہ سبزی کے ساتھ لکھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا نام خیر اور خوشی سے **ملک** میں مشہور ہوگا' اور اگر دیکھے کہ سونے اور چاندی سے لکھتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے خیر و منفعت پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں لکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) خیر و منفعت' (۲) مال اور نعمت' (۳) مکر اور حیلے سے کچھ حاصل کرنا' (۴) معطل ہونا۔

نبیذ (شراب)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں شراب مالِ حرام ہے جو لڑائی اور جھگڑے سے حاصل ہوگا' اور اگر دیکھے کہ وہ شراب میں غرق ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بہت بڑے فتنے میں پڑے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں بہت سی شراب ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر اس کو منفعت حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ وہ شراب پی کر مست ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو خوف اور دہشت پہنچے گی' اور اگر دیکھے کہ وہ دوسروں کے ساتھ شراب پیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر جنگ اور جھگڑا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ شراب نہر یا دریا میں جاری ہے اور وہ اس میں تیرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ فتنے میں پڑے گا' اور اگر دیکھے کہ شراب کا پیالہ اس کے ہاتھ میں ہے اور اس کے مصاحب نے لیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیاوی عیش کے باعث جنگ اور خصومت میں پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ شراب کو پانی میں ملا کر پیتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاتھ مال لگے گا کچھ حلال ہوگا اور کچھ حرام ہوگا'

ہونے سے کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے۔ **دلیل** ہے کہ جنگلی گروہ میں مقیم ہوگا اور اس سے خیر اور منفعت پائے گا' اور اگر اس کے خلاف دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو تکلیف پہنچے گی اور فائدہ نہ ہوگا۔

اور اگر خواب میں دیکھے کہ شکار اس کے ساتھ بات کرتے ہیں اور اس کے مطیع ہیں۔ اگر اہل علم اور فضل سے ہے تو بادشاہ کا مقرب ہوگا اور مال پائے گا اور اگر جاہل ہے تو ایسا کام کرے گا کہ لوگ اس پر تعجب کریں گے۔

نخود (چنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چنا خواہ تر ہو' خواہ خشک ہو غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی سے لے کر چنا کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کے باعث اس کو غم واندوہ پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس چنوں کا ڈھیر ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے چنے شوربے میں یا گوشت میں پکے ہوئے کھائے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس کا غم واندوہ بہت کم ہوگا۔

نرد باختن (نرد کھیلنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرد کے ساتھ کھیلنا کارِ باطل اور دنیا کا فریب ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ نرد سے کھیلتا ہے اور مقابل پر غالب آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ بیہودہ کام اور فریب سے کسی پر غالب آئے گا' اور اگر دیکھے کہ مخالف اس پر غالب آیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

نردبان (سیڑھی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ سیڑھی سے اوپر گیا ہے اور وہ سیڑھی گارے اور اینٹ کی ہے تو خیر اور صلاح پر دلیل ہے اور اس کا دین زیادہ ہوگا اور اس کو نیکی پہنچے گی' اور اگر سیڑھی چونے اور پتھر کی ہے دلیل ہے کہ سنگدل اور بے رحم ہوگا' اور اگر لکڑی کی ہے تو اس کا دین ضعیف ہوگا' اور اگر دیکھے کہ سیڑھی پر اوپر گیا ہے۔ اگر چونے کی ہے تو بادشاہ ہوگا ورنہ خیر اور منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ سیڑھی کے ذریعے سے نیچے آیا ہے۔ تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں اگر دیکھے کہ سیڑھی سے نیچے گرا ہے۔ دلیل ہے کہ مرتبے اور بزرگی سے گرے گا اور اس کا نقصان ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں سیڑھی مصلح اور پارسا مرد ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا اور بدکار کے لئے منافقت ہے۔

نرگس (ایک پھول ہے)

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرگس خوش طبع اور خوبصورت اور پاکیزہ مرد ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرگس عمدہ بات ہے اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے نرگس لیا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے خوبصورت فرزند آئے گا اور اگر بے شوہر ہے تو خوبصورت شوہر کرے گی اور اگر دیکھے کہ اس نے نرگس کو زمین سے اکھاڑا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب عورت کو طلاق دے گا یا اس کا فرزند مرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے نرگس زمین سے اکھاڑ کر غلام کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غلام بھاگے گا' اور اگر عورت دیکھے کہ اس نے نرگس کا دستہ اپنے شوہر کو دیا ہے دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس عورت کو طلاق

دے دے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نرگس تین وجہ پر ہے۔ (۱) خوش طبع اور خوبصورت عورت' (۲) فرزند' (۳) دوست کہ جس کی دوستی پائیدار ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سبز نرگس لی ہے۔ **دلیل** ہے کہ احسان اور نیکی کرے گی اور خیر میں مشہور ہوگا' اگر دیکھے کہ اس کے پاس نرگس تھی اور زیادہ ہوئی ہے **دلیل** ہے کہ اس کا عیال زیادہ ہوگا۔

نژم (کہر)

اگر دیکھے کہ اس نے کہر لی ہے **دلیل** ہے کہ اس قدر دین میں ضلالت اور گمراہی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ کہر روشنائی سے بدلی ہے۔ **دلیل** ہے کہ توبہ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ کہر سے کہر میں گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ منافق ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ تاریک کہر میں ہے تو غم واندوہ اور کاموں کی بستگی پر **دلیل** ہے اور اگر دیکھے کہ ہوا روشن تھی' اور اچانک کہر ظاہر ہوئی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس **ملک** میں ناگہاں موت آئے گی۔ نیز حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کہر کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) تاخیر' (۲) کاموں کا پوشیدہ ہونا' (۳) بدعت' (۴) گمراہی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے کہ کہر سے روشنائی میں آیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ درویشی سے تونگری میں آئے گا اور بدعت اور گمراہی سے دُور ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں کہر کو دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گھوڑے یا گدھے یا خچر پر بیٹھنا چار وجہ پر ہے۔(۱) بخت' (۲) دولت' (۳) مرتبہ' (۴) حکومت۔

اور ہوا پر بیٹھنا بادشاہی پر دلیل ہے۔ اگر ہوا اس کی مطیع ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مصلح لوگوں کے ساتھ چلتا ہے اور راستے میں بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ لالچی اور دین کا مخالف ہوگا۔ چنانچہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ (پیچھے رہنے والے اپنے بیٹھے پر خوش ہیں۔)

اور اگر دیکھے کہ وہ لوگ دین کے مخالف تھے اور وہ ان کو چھوڑ کر بیٹھ گیا ہے اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مصلح اور پارسا لوگوں کے گروہ کے ساتھ بیٹھا ہے۔ دلیل ہے کہ خیر و صلاح میں زیادتی ہوگی' اور اگر بدکار لوگوں کے ساتھ بیٹھا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

نعل

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نعل کوئی مال ہے خواہ کسی سبب سے اس کو پہنچے۔ اگر دیکھے کہ اس کے پاس خچر کا نعل ہے۔ دلیل ہے کہ بادشاہ سے منفعت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس گدھوں کا نعل ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر بزرگوں سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اپنے چوپاؤں کی نعل بندی کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا اور نعل بندہ وہ شخص ہوتا ہے جو لوگوں میں دوستی کی جستجو کرتا ہے۔

نعلین (جوتے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے جوتے کے تسمے ٹوٹے ہیں۔ دلیل ہے کہ مدت تک سفر میں رہے گا' اور گر دیکھے کہ اس کے جوتے میں سوراخ ہے۔ دلیل ہے کہ کسی وجہ سے سفر سے رُکے گا اور رنج اٹھائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا جوتا سبز ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا سفر آخرت کے لئے ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس جوتا نہیں ہے۔ اس لئے سفر رُکا ہے۔ دلیل ہے کہ کنیز یعنی خادمہ پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کی جوتی سیاہ ہے۔ دلیل ہے کہ وہ عورت مال دار ہوگی' اور اگر سرخ ہے تو اس کی عورت عیاش اور خوشی پسند ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کا جوتا سفید ہے۔ دلیل ہے کہ وہ عورت پارسا اور پاکیزہ رُخ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کے جوتے میں مذکورہ سب طرح کے رنگ ہیں تو اس عورت میں سب صفات ہوں گی' اور اگر دیکھے کہ اس کے جوتے کے بند گائے کے چمڑے کے ہیں۔ دلیل ہے کہ اس عورت کی اصل عجمی ہوگی' اور اگر جوتے کے بند اونٹ کے چمڑے کے دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس عورت کی اصل عرب سے ہوگی' اور اگر دیکھے کہ چلتے وقت اس کا جوتا گرا ہے یا ضائع ہے۔ غور کرو کہ اس جوتے کے بند کس چمڑے کے ہیں۔ اگر امنٹ کے چمڑے کے ہیں تو اس کی عورت بیمار ہوگی۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا جوتا پھٹا ہے تو یہی تاویل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جوتے کا دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) سفر' (۲) عورت' (۳) کنیز۔

نعناع (پودینہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں پودینہ غم واندوہ

پر دلیل ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ جو زمین اس کی ملک ہے اس میں پودینہ ہے۔دلیل ہے کہ غم واندوہ میں گرفتار ہوگا'اور اگر دیکھے کہ اس نے پودینہ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غم زیادہ ہوگا'اور اگر دیکھے کہ دوسروں کی زمین میں پودینہ ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب زمین کو غم واندوہ ہوگا'اور اگر دیکھے کہ اپنی زمین سے پودینہ اکھاڑ پھینکا ہے۔دلیل ہے کہ صاحب خواب غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

نفت (مٹی کا تیل)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹی کا تیل نابکار عورت ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اپنے آپ کو مٹی کا تیل ملتی ہے۔دلیل ہے کہ وہ کسی نابکار عورت سے ملاقات کرے گی۔

اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ صاحب خواب حرام چیز کھائے گا'اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا مٹی کا تیل ہے۔دلیل ہے کہ مالِ حرام جمع کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مٹی کا تیل دیکھنا تین وجہ پر ہے۔(۱) نابکار عورت' (۲) چغل خور' (۳) مالِ حرام۔

نفرین (نفرت کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ ظالم پر نفرین کرتا ہے۔دلیل ہے کہ اس ظالم پر فتح پائے گا اور اگر دیکھے کہ وہ ظالم ہے اور مظلوم اس پر نفرین کرتا ہے۔اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ ناحق بے گناہ پر نفرین کرتا ہے۔دلیل ہے کہ کسی پر ظلم کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ کسی مرد پر ناحق

نفرین کرتا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام بند ہوگا اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ خواب میں ناحق نفرین کرنا صاحب خواب کی طرف رجوع کرتی ہے' اور اگر حق پر نفرین کرے تو اس کی تاویل اس شخص پر واقع ہوتی ہے کہ جس پر نفرین کی ہے اور مفسد کی نسبت مصلح شخص پر جلدی اثر کرتی ہے اور مفسد شخص اگر حق یا ناحق پر نفرین کرے تو مخالف پر رجوع کرتی ہے۔

نقاد (پرکھنے والا)

نقاد یعنی پرکھنے والا خواب میں عالم اور دانا اور حکیم ہے۔ کیونکہ ہر ایک بہترین چیز کو پسند کرنے والا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ کوئی دیندار صالح نقاد ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ از خود قرآن مجید اور دین کے علوم حاصل کرے گا' اور اگر طالب دنیا ہے۔ دلیل ہے کہ اپنے لئے شرف اور بزرگی حاصل کرے گا اور دُنیا کا مال پسند کرے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاد مردِ عاقل اور باتمیز ہے جو نیک اور بد اور مصلح اور مفسد میں فرق کرتا ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاد چار وجہ پر ہے۔ (۱) مردِ دانا' (۲) حکیم' (۳) عقل مند' (۴) کام کو معلوم کرنے والا۔

نقرہ (چاندی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے ہے کہ چاندی آزاد عورتوں پر دلیل ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے اپنے کام سے چاندی لی ہے۔ دلیل ہے کہ اس موضع اور ولایت میں کسی عورت سے شادی کرے گا۔ کیونکہ چاندی

عورتوں کی ذات ہے اور اگر دیکھے کہ چاندی کی کان میں گیا ہے اور چاندی نکالی ہے۔ دلیل ہے اسی قدر مال حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے اس کے پاس بہت سی چاندی ہے تو فرزند پر دلیل ہے۔

نقصان

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے جسم میں نقصان ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر اس کے مال کا نقصان ہوگا' لیکن عورتوں کے جسم سے نقصان میں صلاح ہے جیسا کہ عورتوں کے بارے میں حرف ن میں بیان ہو چکا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے مال یا کسی چیز میں نقصان ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ فکرمند ہوگا اور اس کو نقصان پہنچے گا۔

نگارگری (نقاشی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ چھت اور گھر کی دیواروں پر نقاشی کرتا ہے دلیل ہے کہ دنیا دار ہے اور دنیا کے کاموں میں فریفتہ ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاشی اور مصوری کارِ باطل اور ناحق ہے۔ چنانچہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُوْنَ. (یہ کیا تصویریں ہیں کہ جن پر تم لگے بیٹھے ہو۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاشی دنیا پر فریفتہ ہونا ہے اور راہِ راست چھوڑ کر راہِ باطل پر چلنا ہے۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھوں پر سیاہی کا خضاب اور نقش بنائے ہیں دلیل ہے کہ دنیا کے کمانے میں مکر اور حیلہ کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نقاشی چار وجہ پر ہے۔ (۱) دنیا کی آرائش' (۲) بیہودہ کام' (۳) مکر و حیلہ' (۴) فریب اور جھوٹ۔

نگین انگشتری (انگوٹھی کا نگینہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگوٹھی کا نگینہ شرف اور بزرگی اور مال ہے' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ فرزند ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی کا نگینہ ضائع ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی بزرگی اور مرتبے میں نقصان آئے گا یا اس کا فرزند مرے گا' اور اگر دیکھے کہ انگوٹھی کا نگینہ ٹوٹا ہے تو بھی مذکورہ بالا تاویل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کی انگوٹھی پر ناگاہ نگینہ ظاہر ہوا ہے۔ دلیل ہے کہ اس نگینہ کی قدر و قیمت کے مطابق نعمت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بادشاہوں کے لئے نگینہ تاج ولایت ہے اور عورتوں کے لئے شوہر ہے اور عام لوگوں کے لئے مرتبہ اور نیکی ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں انگوٹھی کا دیکھنا آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) مال' (۳) ولایت' (۴) عیش' (۵) فرزند' (۶) بزرگی' (۷) مال و نعمت' (۸) عمل۔

نماز

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ نماز مشرق کی طرف پڑھتا ہے۔ دلیل ہے کہ حج کو جائے گا' اور اگر حج کا محل نہیں ہے

تو اس کا میلان عیسائیوں کی طرف ہوگا' اور اگر دیکھے کہ مغرب کی طرف نماز پڑھتا ہے اور اس کا میلان قبلہ کی طرف ہے۔ دلیل ہے کہ اسلام کی پشت قبلہ کی طرف ہے۔ دلیل ہے کہ راہِ دین میں حیران ہوگا' اور اگر نماز قبلہ کی طرف پڑھے۔ دلیل ہے کہ راہِ دین میں مستقیم ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ کسی قوم کی امامت کراتا ہے۔ دلیل ہے کہ جس قدر مقتدی ہیں اتنی جماعت پر سرداری کرے گا' اور اگر دیکھے کہ نماز کا وقت گزرا ہے اور اس نے کوئی پاکیزہ جگہ نہیں پائی ہے کہ نماز پڑھے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام مشکل سے پورا ہوگا' اور اگر دیکھے کہ نماز توڑی ہے اور وہ نماز ادا نہ کی یا بے وضو پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ جس مطلب میں ہے وہ پورا نہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مسجد یا مدرسے میں امامت کرائی ہے۔ دلیل ہے کہ اس ملک کا بادشاہ اس کا تابعدار ہوگا اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بھی خلاف ہے اور اگر دیکھے کہ نماز میں رکوع اور سجود پوری طرح سے بجالایا ہے دلیل ہے کہ اس کا دین اور دُنیا کا کام نیک ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ نماز پیشین وقت پر گزاری ہے اور آسمان روشن اور پاکیزہ ہے دلیل ہے کہ حق تعالیٰ کی طرف سے اس کے مراتب بلند ہوں گے' اور اگر آسمان تیرہ اور ابر والا ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز پڑھی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی امید پوری ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے شام کے فرض پڑھے ہیں۔ دلیل ہے کہ اپنے اہل وعیال سے معاملہ کرے اور ان سے شاد اور خوش ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ صبح کی نماز گزاری ہے۔ دلیل ہے کہ سفر کو جائے گا' اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اس کو حیض آئے گا' اور اگر بے وضو نماز پڑھے۔ دلیل ہے کہ بیمار ہوگا' اور اگر نمازِ عشاء کے فرض پڑھے۔ دلیل ہے کہ امن میں ہوگا اور دُشمن پر فتح

پائے گا' اور اگر دیکھے کہ باغ میں نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ گناہ سے توبہ کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس نے کشتی میں نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا قرض اترے گا' اور اگر دیکھے کہ نماز کی جگہ پر نہ تھا اور نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ مفسد اور بدکردار ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ نماز پڑھ کر جنگل کو چلا گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کرے گا اور اگر دیکھے کہ کعبہ میں نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا کام خلیفہ کی طرف سے انتظام کے ساتھ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ نماز کے بعد سجدہ کیا ہے **دلیل** ہے کہ کسی بڑے اور دولت مند شخص پر فتح پائے گا اور اس پر قابض ہوگا۔

اور اگر دیکھے کہ اس نے سوائے خدائے تعالیٰ کے کسی کو سجدہ نہیں کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کی مراد حاصل ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے دیوار پر سجدہ کیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو بزرگوں سے رنج اور خواری پہنچے گی' اور اگر دیکھے کہ نماز گزاری ہے اور شہد پیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنے عیال سے نزدیکی کرے گا اور اگر دیکھے کہ نماز کے اندر التحیات بیٹھا ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم سے نجات پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز کا پہلا سلام بائیں طرف پھیر دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا احوال شوریدہ ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے بیٹھ کر نماز گزاری ہے **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا' اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا عذر قبول کیا جائے گا اور اگر دیکھے کہ نماز میں اپنے لئے دُعا کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں فرزند ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ نِدَآءً خَفِیًّا (جب اس نے اپنے رب کو چھپ کر پکارا۔)

اور اگر دیکھے کہ اس نے اندھیرے میں نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ غموں سے خوشی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے رات کی نماز پڑھی ہے۔ **دلیل** ہے کہ سب

وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (تو اس کی ہرگز اطاعت نہ کر سجدہ کر اور قریب) اور اہلِ تعبیر نے بیان کیا ہے اگر دیکھے کہ نماز میں رکوع نہیں تو دلیل ہے کہ مال کی زکوٰۃ نہیں دے گا' اور اگر دیکھے کہ نماز کو بجالایا ہے۔ دلیل ہے کہ حق تعالیٰ اس کی عبادت کو قبول کرے گا اور اس کی دُعا منظور ہوگی اور حق تبارک و تعالیٰ اس پر نظر رحمت کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نماز پڑھنا سات وجہ پر ہے۔ (۱) امن' (۲) شادی' (۳) عزت' (۴) مرتبہ' (۵) خلاصی' (۶) مراد پانا' (۷) قضا میں نقصان۔

اور خواب میں رکوع و سجود پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) مراد پانا' (۲) دولت' (۳) نصرت' (۴) فتح پانا' (۵) امرِ حق بجالانا۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ارْکَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّکُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ (اے ایمان والوں رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تاکہ تم نجات پاؤ۔)

اور اگر دیکھے کہ اس نے مردے کا جنازہ پڑھا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کے لئے دُعا اور ثنا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے نماز پوری نہیں پڑھی ہے تو اس کی تاویل پہلے کے خلاف ہے۔

نمد (نمدہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے اس کے پاس سفید اور پاکیزہ نمدہ ہے۔ دلیل ہے کہ مالِ حلال پائے گا اور اگر میلا ہے تو اس کی کچھ بھی منفعت نہیں ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سا نمدہ ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر اپنے کسب سے مال حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے نمدے جلے ہیں۔ دلیل ہے کہ فساد میں اپنے مال کو ضائع کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ جسم پر اس کے سفید نمدہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ دولت مند عورت کرے گا یا کنواری کنیز خریدے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس اونٹ کی پشم کا نمدہ ہے۔ **دلیل** ہے کہ بادشاہ سے منفعت پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کا نمدہ ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کے مال کا نقصان ہوگا اور خواب میں نمدہ پہننے والا ایسا شخص ہے کہ جو حلال کی طرف مائل ہے اور حرام سے پرہیز کرتا ہے۔

نمک

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نمک نقد درہم اور نیک کام ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس سفید نمک ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر نقد روپیہ حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے نمک کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ زہد کی راہ اختیار کرے گا اور نیک کام کرے گا' اور میلا سیاہ نمک جنگ اور جھگڑے پر **دلیل** ہے۔

حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نمک پانچ وجہ پر ہے۔ (۱) نقد روپیہ' (۲) نیکی' (۳) آبرو' (۴) بہت سامال' (۵) نیک خادم۔

اور برا نمک خواب میں چار وجہ پر ہے۔ (۱) کھوٹا درہم' (۲) ناخوش باتیں' (۳) غم واندوہ' (۴) خوشی۔

نمک سود (نمک ملا ہوا)

نمک سود' نمک ملی ہوئی چیز۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔

اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے نمک ملا ہوا فربہ گوشت کھایا ہے تو نعمت اور روزی پر دلیل ہے اور میراث پائے گا' اور اگر نمک ملا ہوا لاغر گوشت کھایا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو نقصان پہنچے گا اور جس قدر زیادہ شور ہوگا زیادہ لاغر ہوگا تو زیادہ نقصان پر دلیل ہے اور خواب میں بھنا ہوا گوشت کھانا غیبت پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے بھنا ہوا لاغر گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کے لوگوں سے نقصان پہنچے گا' اور اگر دُبلے اونٹ کا گوشت ہے۔ دلیل ہے کسی بڑے آدمی سے نقصان پائے گا اور اگر نمک ملا ہوا گوشت جنگلی دُبلے چوپاؤں کا ہے۔ دلیل ہے کہ جنگلی لوگوں سے نقصان اٹھائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ لاغر گوشت میں منفعت نہیں ہے۔

نہنگ (مگرمچھ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں مگرمچھ چور اور ظالم اور لڑاکا شخص ہے اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ مگرمچھ اس کو پانی میں لے گیا ہے اور ڈوب گیا ہے۔ دلیل ہے کہ پانی میں ہلاک ہوگا' اور اگر دیکھے کہ مگرمچھ نے اس کو کاٹا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر دشمن سے زحمت اور تکلیف حاصل ہوگی۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مگرمچھ اس کو پانی میں لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو مچھلیاں ہلاک کریں گی۔

اور اگر دیکھے کہ مگرمچھ اس پر غالب آیا ہے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس مگرمچھ کا گوشت یا چمڑا یا ہڈی ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب دشمن سے نقصان پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ مگر مچھ اسکو پانی میں لے گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن کے ہاتھ سے شہید ہوگا۔

نو دیدن (نئی چیز دیکھنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جو چیز نئی اور پسندیدہ ہے۔ خیر اور خوشی پر **دلیل** ہے اور پرانی چیز کا ذکر حرف کاف میں ہو چکا ہے۔

نوحہ کردن (نوحہ کرنا)

نوحہ کردن' نوحہ کرنا۔ رونا پیٹنا۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ نوحہ کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ جگہ اس کو مبارک نہ ہوگی اور اس جگہ کے بڑے لوگ متفرق ہوں گے' اور اگر دیکھے کہ اس شہر کا والی مرا ہے اور لوگ اس پر نوحہ کرتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ ان کو اس والی سے رنج اور ظلم پہنچے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ والی کو خوشی ہوگی۔

اور اگر دیکھے کہ لوگ نوحہ کے ساتھ روتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ ان کے ساتھ کسی ظالم سے بے انصافی اور ظلم ہوگا اور اس سے غمگین اور عاجز ہوں گے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ نوحہ کرتا ہے اور شور کرتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو غم واندوہ اور نقصان پہنچے گا' اور اگر دیکھے کہ روتا ہے اور آہستہ آہستہ نوحہ کرتا ہے تو خوشی اور شادی پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ عورتوں کے ساتھ بہت سے مرد ہیں اور آواز سے نوحہ کرتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس موضع میں بادشاہ کے باعث غم واندوہ پہنچے گا۔

نوشادر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نوشادر غم واندوہ ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نوشادر ہے دلیل ہے کہ غمگین ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے نوشادر کھایا ہے تو نہایت سخت غم واندوہ پر دلیل ہے۔

نیرومند (طاقتور)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بیداری کی نسبت خواب میں زیادہ طاقت ور ہوا ہے تو دنیا و آخرت میں اس کے احوال کی عمدگی پر دلیل ہے۔ بشرطیکہ اگر صاحب خواب مصلح یعنی نیکوکار ہے اور اگر وہ اہل فساد میں سے ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

نیزہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیزہ اور دوسرے ہتھیار بھی ہیں۔ دلیل ہے کہ بزرگی اور مراد پائے گا اور اس کا حکم ولایتوں میں جاری ہوگا' اور اگر صرف نیزہ ہی دیکھے۔ دلیل ہے کہ اس کا فرزند یا بھائی مرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا نیزہ کوئی لے گیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا کام مشکل سے ہوگا' اور اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو نیزہ مارا ہے اور زخمی کیا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کی غیبت کرے گا' اور خواب میں نیزہ قوت اور لوگوں پر فتح پانے کی دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں نیزے کا سر ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی صحبت مسافر نیکوکار مرد سے ہوگی اور اس سے خیر و منفعت پائے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیزہ آٹھ وجہ پر ہے۔ (۱) قوت' (۲) سفر' (۳) ولایت' (۴) عورت' (۵) فرزند' (۶) امن' (۷) توانائی' (۸) راستی بمقدار نیزہ اور خواب میں نیزہ بنانے والا ایسا مرد ہے کہ جو

لوگوں کی مدد کرتا ہے اور اس سے ہر ایک کو قوت اور طاقت حاصل ہوتی ہے۔

نبشتن (لکھنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ لکھتا ہے یا کسی کو لکھنا سکھاتا ہے۔ **دلیل** ہے کہ علم اور عقل سیکھے گا' اور اگر دیکھے کہ کوئی چیز لکھتا ہے تو اس کے شر اور فساد پر **دلیل** ہے' اور اگر دیکھے کہ قرآن اور احادیث اور توحید اور دُعا لکھتا ہے تو خیر و صلاح پر **دلیل** ہے' اور اگر کوئی چیز شعر یا غزل سے لکھی ہے تو برائی پر **دلیل** ہے۔

نیشکر (گنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ نیشکر چوستا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کسی کام میں مشغول ہوگا' اور بمقدار گنا چوسنے کے اس میں جھگڑا اور گفتگو ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو گنا دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ گفتگو سے خلاصی پائے گا۔

نیکو کردن (نیکی کرنا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیکی کرنا دین میں اسی قدر قوت اور بزرگواری ہے اور عذابِ آخرت سے نجات پائے گا۔ خاص کر اگر صاحب خواب ایمان دار اور پارسا ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ کسی نے نیکی کی ہے اور اس نے اس کو ذلیل جانا ہے۔ **دلیل** ہے کہ سب کاموں

میں ناشکر ہوگا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (آپس میں احسان کو مت بھولو۔ کیونکہ اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔)

اگر دیکھے کہ اہل شرک سے نیکی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنا مال ایسے لوگوں پر خرچ کرے گا کہ جن کو دونوں جہان کی خیر ہوگی۔

نیل

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیل کا دیکھنا غم و اندوہ ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس نیل ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اسی قدر غم واندوہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو نیل دیا ہے یا اس سے ضائع ہوا ہے۔ **دلیل** ہے کہ غم واندوہ سے نجات پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے اپنا کپڑا نیل سے رنگا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو غم واندوہ پہنچے گا اور اس کو خویشوں اور دوستوں کی وجہ سے مصیبت ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے نیل کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو دریا میں آفت پہنچے گی۔

نیلوفر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب کے اندر نیلوفر کو اس کے موسم میں اس کے پودے پر دیکھے **دلیل** ہے کہ اس کو کسی سے کچھ ملے گا یا اس کے ہاں فرزند صالح پیدا ہوگا' اور اگر پھول پودے سے جدا دیکھے تو غم واندوہ پر **دلیل** ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر عورت دیکھے کہ اس نے نیلوفر کے پودے سے نیلوفر توڑ کر غلام کو دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اس کا غلام بھاگے

گا' اور اگر دیکھے کہ اس کو کسی دوست نے نیلوفر کا دستہ دیا ہے۔ دلیل ہے کہ ان کے درمیان جدائی پڑے گی۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خواب میں نیلوفر کا پودا کنیز ہے کہ جس سے صاحب خواب کو نقصان پہنچے گا۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف الواوٗ

واشہ (ایک پرندہ ہے) باشہ

واشہ۔ باشہ ایک شکاری پرندہ ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر باشے کو اپنا مطیع اور تابعدار دیکھے کہ ہاتھ پر سے اڑتا ہے اور آواز پر آتا ہے اور اس کو اس طرح آزمایا ہے۔ تو مالِ حلال اور صاحب خواب کے مرتبے پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ باشہ سفید اور پاکیزہ ہے اور اسکے ہاتھ پر بیٹھا ہوا تابعدار ہے۔ دلیل ہے کہ کسی بڑے آدمی سے قدر اور مرتبہ اور عزت پائے گا' اور اگر دیکھے کہ باشہ اڑا ہے اور دھاگہ اس کے ہاتھ میں رہا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کی قدر اور مرتبہ زائل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ باشہ خواب میں بادشاہوں کے لئے ملک اور بزرگی اور دولت مندوں کے لئے مال ہے اور درویشوں کے لئے فرزند ہے اور اگر دیکھے کہ باشہ اس کے ہاتھ سے گرا ہے اور مرا ہے۔ اگر صاحب خواب بادشاہ ہے۔ دلیل ہے کہ ملک سے جدا ہوگا' اور اگر امیر یا سردار ہے۔ دلیل ہے کہ مرتبے اور عزت سے گرے گا' اور اگر تونگر ہے تو درویش ہوگا اور اگر درویش ہے تو اس کا فرزند مرے گا' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ باشہ بے شرم مرد ہے' اور اگر دیکھے کہ اس نے باشے کا گوشت کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر دشمن کا مال

کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ پر بہت سے باشے جمع ہوئے ہیں۔ دلیل ہے کہ عیار لوگ اس جگہ جمع ہوں گے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں باشہ دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) قدر اور مرتبہ' (۲) حکومت' (۳) مال' (۴) منفعت۔

والی (حاکم)

والی۔ کاردار اور حاکم ہے۔ اگر دیکھے کہ والی تخت سے گرا ہے یا اس کا تخت ٹوٹا ہے یا کسی نے اس سے تلوار لی ہے یا اس کا گھر خراب ہوا ہے یا پھندے میں گرفتار ہوا ہے اور مارا گیا ہے یا چوپایا اس کے سر پر آیا ہے اور گرا ہے یا کسی نے اس کو گرایا ہے۔ یہ سب باتیں اس امر پر دلیل ہے کہ وہ شرف اور بزرگی سے گرے گا اور معزول ہوگا۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر والی دیکھے کہ اس کی دستار کسی کی دستار سے ملی ہے۔ دلیل ہے کہ بزرگی اور نیک عادت اس کی پائیدار ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاؤں میں پھندا ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کا شرف اور بزرگی زیادہ ہوگی۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ والی ہوا ہے اور اپنے عمل میں منصف اور دیندار ہے۔ اور لوگ اس سے خوش ہیں۔ دلیل ہے کہ خیر و صلاح پائے گا' اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔ خاص کر اگر صاحب خواب مفسد اور ناپارسا ہے۔

وحوش (جنگلی چوپائے)

وحوش۔جنگلی چوپائے۔ان میں سے جس قدر نر ہیں وہ مردوں پر **دلیل** ہے اور جس قدر مادہ ہیں وہ عورتوں پر **دلیل** ہے۔حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ وحشیوں کا شکار کرتا ہے یا کسی نے اس کو وحشی کا شکار دیا ہے تو مال اور نعمت اور غنیمت پر **دلیل** ہے اور اس کے گوشت اور چمڑے کی بھی یہی تاویل ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ وحشی جانور اس کے مطیع اور فرمانبردار ہیں جیسے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے تھے۔**دلیل** ہے کہ ایک گروہ کہ جس کے اسلام میں خلل ہے اس کا تابعدار ہوگا۔خاص کر اگر صاحب خواب پارسا ہے۔

ورنج

اس کا بیان حرفِ سین میں ہو چکا ہے۔وہاں سے ملاحظہ ہو۔

وردنہ (بیلنا دستی)

وردنہ اور تبوک نان چوبی طبق روٹیوں کے رکھنے کا دونوں خواب میں شریک اور ایک دوسرے کے متفق ہیں۔اگر دیکھے کہ کسی نے اس کو بیلنا دستی دیا ہے۔**دلیل** ہے کہ اس کو شریک حاصل ہوگا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر خواب میں دیکھے کہ اس کے پاس چوبی بیلنا ہے۔**دلیل** ہے کہ کسی سے صحبت کرے گا اور اس کو راہِ حق بتائے گا اور باطل سے دُور کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا چوبی بیلنا ٹوٹ گیا ہے۔**دلیل**

ہے کہ ایسے شخص کی صحبت سے جدا ہوگا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں چوبی بیلنا تین وجہ پر ہے۔(۱) کاموں میں اتفاق کرنے والا' (۲) معیشت کا شریک' (۳) مشکل کام اس پر آسان ہوگا۔

وردہ (بردہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ دشمن کے قبضے میں غلام بن گیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن اس پر غالب آئے گا اور وہ مغلوب ہوگا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ بردہ فروشی کرتا ہے۔ جیسے غلام اور کنیز کی۔ **دلیل** ہے کہ اس کو خیر و منفعت پہنچے گی' اور اگر دیکھے کہ کافروں میں سے بردہ لیا ہے یا خریدا ہے۔تو اس کی تاویل بری ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر بردہ غلام خریدا ہے تو اس کی تاویل بری ہے اور اگر فروخت کیا ہے تو نیک ہے اور اگر فروخت کر کے پھر خریدا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دشمن پر فتح پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کا بردہ بھاگ گیا ہے اگر غلام بھاگا ہے تو نیکی پر **دلیل** ہے۔اگر کنیز بھاگی ہے تو بدی پر **دلیل** ہے اور اس کے مال کا نقصان ہوگا' اور بردہ فروش ایسا مرد ہے جو لوگوں کا اختیار اپنے ہاتھ میں لیتا ہے۔

ورسان (کبوتر)

ورسان۔ ایک جانور ہے جس کو خراسان میں کبوتر کہتے ہیں۔ اس کو خواب میں دیکھنا عورت اور کنیز کو دیکھنا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ورساں کبوتر پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے ورساں کبوتر خریدا ہے اور اس کے ہاتھ سے اڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ عورت کو طلاق دے گا یا کنیز کو فروخت کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ورساں کبوتر خریدا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر عورت کا مال ظلم سے کھائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس بہت سے ورساں کبوتر ہیں۔ **دلیل** ہے کہ بہت سی کنیزیں خریدے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ورساں کبوتر کا خواب میں دیکھنا تین وجہ پر ہے۔ (۱) منفعت' (۲) معیشت' (۳) غم واندوہ۔

وزغ (کچھوایا مینڈک)

وزغ۔ کچھوایا مینڈک۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وزغ نیک عابد مرد ہے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے مینڈک پکڑا ہے۔ **دلیل** ہے کہ نیک پارسا مرد کا مصاحب ہوگا۔ اگر دیکھے کہ اس نے مینڈک سے لڑائی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ ایسے مرد سے جھگڑا کرے گا' اور اگر دیکھے کہ کسی جگہ بہت سے مینڈک جمع ہوئے ہیں اور شور کرتے ہیں۔ **دلیل** ہے کہ اس جگہ عذابِ حق آئے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مینڈک کو مارا ہے اور اس کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ زاہد شخص کو مغلوب کرے گا اور اس کا مال لے گا اور خرچ کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس کو مینڈک نے کاٹا ہے۔ **دلیل** ہے کہ زاہد مرد کو رنج پہنچائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے مینڈک کو پکڑ کر پانی کے باہر

خشکی پر ڈالا ہے۔ دلیل ہے کہ زاہد شخص کو کام سے روکے گا اور اس کو نقصان پہنچائے گا۔

وزیر

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ بادشاہ کے وزیر کا نیک کام ہے۔ دلیل ہے کہ اس وزیر کا کام نیک ہوگا اور اس کی دولت زیادہ ہوگی اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بری ہے' اور اگر کوئی دیکھے کہ وزیر ہوا ہے اور وہ منصف اور دادگر ہے۔ دلیل ہے کہ وہ عدل اور کام کے مطابق بزرگی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ وزیر نے دسترخوان بچھایا ہے۔ دلیل ہے کہ مرتبہ اور نعمت اور رزق اس پر فراخ ہوگا اور اس کی عمر دراز ہوگی' اور اگر دیکھے کہ وزیر نے اس کو خلعت اور کلاہ دی ہے۔ دلیل ہے کہ لوگ اس کو اپنا والی بنائیں گے' اور اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وزیر اس کے گھر میں آیا ہے۔ دلیل ہے کہ اس کو بادشاہ کے باعث غم واندوہ پہنچے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے وزیر کے ساتھ کھانا کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اس سے شرف اور بزرگی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ وزیر کا گھر گرا ہے یا وہ بیمار ہے یا بادشاہ نے اس کو معزول کیا ہے یا گھوڑے نے اس کو گرایا ہے یا بیل نے اس کو سینگ مارا ہے۔ تو یہ سب اس کے معزول ہونے پر دلیل ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وزارت کا دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ ایک یہ کہ اگر دیکھے کہ آفتاب یا مہتاب کی آنکھ ہوا ہے۔ دوسرے یہ کہ اگر دیکھے کہ وہ دجلہ یا فرات ہوا ہے۔ تیسرے یہ کہ اگر دیکھے کہ بادشاہ نے کمر پٹکا اس کی کمر پر باندھا ہے۔ چوتھے یہ ہے۔ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چار

یاروں میں سے کسی نے اس کے سر پر تاج رکھا ہے یہ سب وزارت پانے کی دلیلیں ہیں۔

وسمہ

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وسمہ غم واندوہ ہے' اور اگر دیکھے کہ اس کی زمین میں بہت سا وسمہ ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے' اور اگر دیکھے کہ وسمے کے پودے زمین سے اکھاڑ ڈالے ہیں۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے وسمہ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ عیال کی وجہ سے صاحب خواب رنج اٹھائے گا' اور اگر دیکھے کہ کسی نے وسمے کا دستہ اس کو دیا ہے۔ دلیل ہے کہ ان دونوں میں جھگڑا پڑے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے وسمے کا دستہ اپنے عیال کے ہاتھ میں دیا ہے دلیل ہے کہ ایک دوسرے سے جدا ہوں گے اور وسمہ دیکھنے میں خیر نہیں ہے۔

وشہ (ریشمی رنگین جامہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں وشہ غم واندوہ ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ وشہ بردار ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا غم واندوہ زیادہ ہوگا' اور اگر اس نے کسی کو وشہ دیا ہے۔ دلیل ہے کہ غم واندوہ سے خلاصی پائے گا۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے وشہ کے ساتھ کوئی چیز دی ہے۔ دلیل ہے کہ اس کا پراگندہ کام جمع ہوگا' اور اگر دیکھے کہ اس نے وشہ چبایا ہے۔ دلیل ہے کہ لوگوں کی بہت غیبت کرے گا۔

وضوئے نماز (نماز کا وضو)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر دیکھے کہ اس نے ہاتھ اور منہ صاف پانی سے دھویا ہے۔ **دلیل** ہے کہ کام ڈھونڈے گا اور پورا کام پائے گا اور اس کا مقصود حاصل ہوگا اور اگر دیکھے کہ اس نے ناپاک پانی سے منہ دھویا ہے۔ اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے اپنا ہاتھ اور منہ دھویا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اپنے دوستوں کے لئے مدد چاہے گا اور اس کی مراد حاصل ہوگی۔

وکیل

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ بادشاہ کا وکیل بنا ہے اور اپنے کام میں منصف بنا ہے۔ **دلیل** ہے کہ دنیا کی خیر و صلاح پائے گا' اور اگر قاضی کا وکیل بنا ہے تو بھی یہی تاویل ہے اور اگر وکالت کے کام میں نہیں ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر وکیل دیکھے کہ اس نے اپنے متوکل پر مہربانی کی ہے۔ **دلیل** ہے کہ وہ کسی مرد کو پاکیزہ بات کہے گا' اور اگر متوکل کو کشادہ رو دیکھے۔ **دلیل** ہے کہ اس کو اس سے منفعت حاصل ہوگی' اور اگر اس کے خلاف دیکھے تو اس کی تاویل بد ہے۔

واری (جذام کی بیماری)

واری۔جذام کی بیماری ہے۔اس کا خواب میں دیکھنا مال ہے جو اس کو پہنچے گا۔خاص کر اگر جسم پر سفید آبلے دیکھے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر دیکھے اس کے جسم میں بہت سا جذام ہے۔دلیل ہے کہ اس کو برا کام پیش آئے گا اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کو مشہور کرے گا۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں جذام درویش کے لئے تونگری ہے اور نعمت ہے اور دولت مندوں کے لئے گناہ سے رُکنا ہے۔

اور اگر دیکھے کہ اس کی تمام انگلیاں گر گئی ہیں۔دلیل ہے کہ نیک کام کرے گا اور ممکن ہے کہ اس کا فرزند یا بھائی دنیا سے جائے۔

ویرانی

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ گھر اور دُکان وغیرہ کی ویرانی دین کی گمراہی پر دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس نے ویرانے کو آباد کیا ہے تو اس کی تاویل بہتر ہے۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر دیکھے کہ آباد جگہ خراب ہوگئی ہے۔دلیل ہے کہ وہاں کے لوگ بلا اور مصیبت میں گرفتار ہوں گے' اور اگر دیکھے کہ اس ویرانے کو آباد کیا ہے تو صاحب خواب کے کام کی دُرستی پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔اگر ویرانی خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔دلیل ہے کہ صاحب خواب کو نفع ہوگا' اور اگر ویرانی مخلوق کے فعل سے ہے تو اس کی تاویل خلاف ہے۔

حضرت جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے مسجد یا مدرسہ ویران کیا ہے تو اس کے کام کے نقصان پر دلیل ہے۔

کتاب کامل التعبیر سے حرف الھاء

ہاون دستہ (اوکھلی)

ہاون دستہ۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہاون دستہ دو شریک ہیں۔ ایک کو دوسرے کی ضرورت ہے' اور اگر دونوں متفق ہوں تو کام نیک اور فائدہ پہنچائیں گے۔ اگر ان میں سے ایک نہ ہو۔ تو فائدہ مند نہ ہوگا' اور اگر دیکھے کہ ہاون میں کوئی کھانے کی چیز ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اس قدر اور قیمت کے مطابق رنج اور مشقت کے ساتھ نفع ہوگا' اور اگر وہ چیز دوا ہے اور امساک کی ہے تو زیادتی مال پر دلیل ہے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ہاون میں کوئی چیز شیریں کوٹے۔ تو دلیل ہے کہ رنج اور سختی سے فائدہ اٹھائے گا' اور تلخ ہے تو غم واندوہ پر دلیل ہے' اور اگر جواہرات کو ہاون میں پیسے اور کوٹے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر منفعت دیکھے گا' اور آخر کار اس کا مال ضائع ہوگا۔

ہباء (ہوائی ذرات)

ہباء گرد کے ذرات دھوپ میں ہوتے ہیں۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ذرات بیہودہ بات اور پریشان کام ہے کہ جس میں خیر اور منفعت نہیں ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنْثُوْرًا (اور ہم نے

ان کو پراگندہ ذرات کر دیا۔)

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ھوا کے سرخ ذرات دیکھے تو **دلیل** ہے کہ اس **ملک** میں بیماری ہوگی اور اگر سیاہ ہیں تو مصیبت پر **دلیل** ہے۔ سفید ہیں تو **دلیل بےغمی** پر ہے۔

ہدہد (مشہور تاج والا پرندہ ہے)

ہدہد ایک مشہور پرندہ ہے جس کے سر پر تاج ہوتا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہدہد عقلمند اور دانا مرد ہے کہ لوگوں کو پوشیدہ باتوں کی خبر دیتا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے ہدہد پکڑا ہے یا اس کو کسی نے دیا ہے۔ **دلیل** ہے کہ مذکورہ صفت کے آدمی سے اس کی صحبت ہوگی' اور اس سے دانائی حاصل کرے گا' اور اگر دیکھے کہ اس نے ہدہد کو مارا ہے **دلیل** ہے کہ دانا اور بزرگ آدمی پر فتح پائے گا اور اس کو مغلوب کرے گا اور اگر دیکھے کہ اس کا گوشت کھایا ہے۔ **دلیل** ہے کہ اسی قدر لوگوں سے مال اپنے عمل کے ساتھ حاصل کرے گا۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ خواب میں ہدہد دیکھنا چار وجہ پر ہے۔ (۱) اچھی خبر سنے گا' (۲) بزرگی' (۳) دشمن پر فتح پانا' (۴) حسب فرمانِ حق ہر ایک کام کو دانائی سے کرے گا۔

ہدیہ (تحفہ)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر دیکھے کہ اس نے کسی کو ہدیہ دیا ہے۔ اگر وہ چیز عمدہ اور نیک اور لائق فریقین کے ہے تو دونوں کو نفع ہوگا' اور اگر بری چیز ہے تو دونوں کو ایک دوسرے سے نفع نہ ہوگا۔ بلکہ شر اور فساد پر **دلیل** ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کسی نے اس کو کوئی چیز ہدیہ کے طور پر دی ہے اور وہ چیز اس کو مرغوب ہے۔ تو خیر و صلاح پر دلیل ہے' اور اگر وہ پسندیدہ چیز نہیں ہے تو شر اور فساد پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ اس کو کسی بوڑھے آدمی یا بوڑھی عورت نے ہدیہ دیا ہے تو خیر و منفعت پائے گا' اور اگر جوان مرد یا جوان عورت دے تو اس کی تاویل اول کے خلاف ہے۔

ہریسہ

ہریسہ عرب کا مشہور مرغن کھانا ہے۔ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے ہریسہ کھایا ہے۔ دلیل ہے کہ اسی قدر خیر و منفعت پائے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی' اور بعض اہل تعبیر نے بیان کیا ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا جس کے باعث اس کی چشم روشن ہوگی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اَلْھَرِیْسَۃُ اَطْعِمَۃُ الْجَنَّۃِ (ہریسہ بہشت کے کھانوں میں سے ہے۔)

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اگر ہریسہ فربہ بکری کے گوشت کا ہے تو خیر و منفعت پر دلیل ہے اور اگر غلیظ گوشت کا ہے اور کھانے میں بے مزہ ہے۔ دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اسی قدر نقصان پہنچے گا۔

ہزار داستان (بلبل و مینا کی قسم ہے)

حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہزار داستان خواب میں کوئی فرزند خوش آواز اور خوش سخن ہوتا ہے' لیکن وہ کچھ ضعیف الاحوال سا ہوگا اور صاحب علم اور اہل ادب و دانش ہوگا اور لوگوں کے نزدیک محبوب بھی ہوگا اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کو کوئی ہزار داستان جانور بطور عطیہ کے دیا گیا۔ تو دلیل یہ ہے کہ اس کے ہاں

کوئی فرزند اس صفت کا پیدا ہوئے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی ہزار داستان جانور کو باغ میں سے پکڑا تو **دلیل** یہ ہے کہ اس کی صحبت ایسے شخصوں کے ساتھ ہو جائے گی جو نیک خلق اور عمدہ سخن والے ہوں۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ہزار داستان' بلبل یا مینا خواب میں کوئی عورت خوش آواز ہوا کرتی ہے' اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے ہزار داستان (بلبل) کو خریدا ہے تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ کوئی کنیزک خوش آواز اور خوب گانے والی خریدے' اور اگر دیکھے کہ ہزار داستان اس کے ہاتھ سے اڑ گئی تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ عورت کو طلاق دے یا کنیزک اس کی مر جائے یا بھاگ جائے۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہزار داستان جانور خواب میں کوئی فرزند اور غلام ہوتا ہے اور کوئی سخن شیریں اور سننا کسی آواز خوش وعمدہ کا بھی ہوا کرتا ہے۔

امام جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہزار داستان جانور کو خواب میں دیکھنا پانچ وجہوں پر ہے۔ (۱) عورت' (۲) فرزند' (۳) قاضی' (۴) حکیم' (۵) غلام۔

ہلیلہ (ہرڑ مشہور چیز ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہلیلہ کابلی خواب میں دیکھنا **دلیل** غم واندوہ پر ہوتا ہے اور ہلیلہ زرد **دلیل** بیماری پر ہوا کرتا ہے اور ہلیلہ سیاہ کی **دلیل** مصیبت پر ہوتی ہے' اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ ان میں سے کسی ایک قسم کا ہلیلہ کھا رہا تھا تو **دلیل** یہ ہے کہ اندوہ وغم اس کا سخت تر ہوئے' اور اگر دیکھے کہ وہ ان **ہلیلوں** میں سے کوئی ہلیلہ شکر یا قند یا شہد کے ساتھ ملا کر کھا رہا تھا تو **دلیل** یہ ہے کہ اندوہ وغم اس کا کم تر ہوئے' اور دیکھنے میں ہلیلہ کے کوئی منفعت نہیں ہوتی۔

ہوا

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کوئی دیکھے کہ ہوا روشن اور صاف تھی تو **دلیل** یہ ہے کہ اس **ملک** کے لوگوں کی تندرستی اور معیشت خوب اور بہتر ہووے اور ان کو راحت ملے اور وہاں کے علماء اور اہل حکمت لوگوں کو دولت اور اقبال کی زیادتی و ترقی حاصل ہوئے' اور اگر دیکھے کہ ہوا تاریک و تیرہ اور گرد و غبار والی تھی تو **دلیل** یہ ہے کہ اس **ملک** کے لوگوں کو کوئی غم و اندوہ لاحق ہوئے اور اگر دیکھے کہ ہوا سرخ رنگ کی تھی ۔تو **دلیل** یہ ہے کہ اس **ملک** میں کوئی اور فتنہ برپا ہوئے اور اگر دیکھے کہ ہوا سبز تھی تو **دلیل** ہے کہ اس **ملک** میں کھیتیاں اور غلے اور نباتات و سبزیاں زمین کی بہت پیدا ہوئیں' اور اگر دیکھے کہ ہوا سفید اور پاکیزہ ہوگئی تو **دلیل** یہ ہے کہ بقدر اس کے اس **ملک** کے لوگوں کو نعمت اور فراخی اور کسب اور معیشت بہت سی حاصل ہوئے ۔

حضرت ابراہیم کرمانی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ ہوا گرد و غبار سے پاک و صاف تھی اور سخت چل رہی تھی ۔تو **دلیل** یہ ہے کہ کوئی بیگانہ بادشاہ اس **ملک** میں آئے اور ان لوگوں کو رنج اور زحمت پہنچائے' اور اگر دیکھے کہ کچھ تھوڑا سا حصہ ہوا کا کسی شہر یا کسی محل و مقام کے اوپر روشن اور صاف ہوگیا تو **دلیل** یہ ہے کہ اس سال میں اس موضع و مقام کے لوگوں کو نعمت اور فراخی اور خیر و منفعت پہنچے اور اگر دیکھے کہ ہوا مختلف طور سے تھی تو **دلیل** ہے کہ اس **ملک** کے لوگوں کا حال پراگندہ اور پریشان ہوئے ۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیکھنا ہوا کا خواب میں پانچ وجہوں پر ہوتا ہے۔ (۱)بزرگی' (۲)منفعت' (۳)تندرستی' (۴)ایمنی' (۵)معیشت' اور یہ پانچوں وجہیں **دلیل** کسی ہوائے روشن اور صاف پر ہوا کرتی

ہیں۔

ہوام (کیڑے مکوڑے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کیڑے مکوڑے جو کہ زمین پر رینگنے والے ہوتے ہیں تاویل ان کی بموجب ان کی قدر و قیمت اور صلاحیت کے ہوتی ہے۔ کیونکہ جو کوئی ان میں سے جس قدر ادنیٰ درجہ کا ہو دلیل اس کی علم تعبیر کی رُو سے کسی قوی تر دشمن پر ہوتی ہے۔ بہ نسبت ان رینگنے والے کیڑے مکوڑوں کے جو کہ زہر دار ہوں۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیکھنا ہوام یعنی حشرات الارض یا کیڑوں مکوڑوں کا خواب میں کوئی تہدید ہوتی ہے جس کی بازگشت کسی دشنام دہندہ اور حاسد کی طرف ہوا کرتی ہیں۔

ہیزم (جلانے کی لکڑی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہیزم تر اور خشک خواب میں کوئی جنگ اور لڑائی اور خصومت اور جھگڑا اور سخن چینی ہوتا ہے' اور اگر کوئی دیکھے کہ وہ کوئی ہیزم یعنی جلانے کی لکڑی اپنے گھر میں لایا تو دلیل ہے کہ بقدر اس ہیزم سوختنی کے اس کو اس شہر اور گھر میں کوئی لڑائی اور جھگڑا پیش آئے' اور اگر دیکھے کہ کسی بیگانہ شخص نے اس کو ہیزم سوختنی بخشیں تو دلیل ہے کہ اس کو کسی بیگانہ آدمی کے ساتھ کوئی لڑائی اور خصومت اور جھگڑا پڑے۔

کرمانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ وہ کسی جنگل سے یا کسی صحرا سے ہر قسم کی لکڑیاں ہیزم سوختنی کی جمع کر رہا تھا تو دلیل ہے کہ یہ شخص بدکردار اور حاسد اور سخن چین ہوگا اور جلد گرفتار ہو جائے کہ قولہ تعالیٰ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ فِي جِيدِهَا

حَبلٌ مِّن مَّسَدٍ (پ۳۰ ع۲۶) (ترجمہ) سر پر لئے پھرتی ایندھن کی لکڑیاں، اس کی گردن میں ہوری موبخ کی، اور اگر دیکھے کہ وہ درختوں سے لکڑیاں ہیزم سوختنی کی جمع کر رہا تھا تو دلیل ہے کہ درمیان صاحب حشمت لوگوں اور بزرگ آدمیوں کے اس کی کوئی آزمائش کریں اور باتیں بے اصل اس کو کہیں، اور اگر کہیں دیکھے کہ وہ درخت کہ جن سے وہ ہیزم سوختنی جمع کر رہا تھا میوہ دار تھے تو دلیل ہے کہ وہ درمیان بڑی ہمت والے بزرگ لوگوں کے ہو اور صاحب حشمت ہوئے۔ فی الجملہ دیکھنا ہیزم تر اور خشک کا خواب میں اچھا نہیں ہوتا۔

کتاب کامل التعبیر سے حرفِ ی

یارہ (کنگن)

یارہ یعنی کنگن خواب میں ایک جنس اور قسم ہاتھ کے کنگن یا کڑے کی ہوتی ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مرد یہ دیکھے کہ اس نے کوئی کنگن ہاتھ میں پہنا ہوا تھا تو دلیل یہ ہے کہ کوئی تکلیف وزحمت اس کو پہنچے، اور اگر وہ کنگن چاندی کا پہنے ہوئے ہو تو دلیل یہ ہے کہ غم واندوہ اس کو کم تر ہو اور تمام پہناوے عورتوں کے اور مردوں کے لئے نیک اور بہتر نہیں ہوتے اور اسی طرح مردوں کے پہناوے عورتوں کے واسطے اچھے نہیں ہیں اور طوق اور گوشوارے وغیرہ جو کہ زینت و آرائش بادشاہوں کی ہوں وہ مردوں کے لئے عورتیں ہوتی ہیں اور عورتوں کے واسطے شوہر ہوتے ہیں جو کہ بموجب ان کی قدر و قیمت کے ہوں کہ جو کچھ انہوں نے دیکھا ہو، اور شرح وتفصیل ہر ایک پہناوے کی بذیل لفظ پیرایہ کتاب ہذا کے حصہ اول میں ہم بیان کر چکے ہیں۔

یاسمین (چنبیلی)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ کسی دوست نے اس کو کوئی گلدستہ چنبیلی کا دیا تو **دلیل** ہے کہ درمیان ان کے کوئی گفتگو پیش آجائے اور وہ ایک دوسرے سے جدا ہوں' اور اگر کوئی عورت یہ دیکھے کہ اس نے چنبیلی کے پھول کسی درخت پر سے چنے اور اپنے شوہر کو دیئے تو **دلیل** ہے کہ شوہر اس کو طلاق دے اور اگر کوئی دیکھے کہ چنبیلی کے پھول اس نے اپنے غلام کو دیئے تو **دلیل** ہے کہ اس کا غلام بھاگ جائے' اور درخت چنبیلی کا خواب میں کوئی عورت تو نگرو مالدار اور بدخو ہوا کرتی ہے اور سفلہ اور حاسد ہوتی ہے اور اگر چنبیلی خوب خوشبو دار ہو تو **دلیل** ہے کہ وہ عورت اہل جود و احسان ہووے۔

یافتن (پانا کسی چیز کا)

ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوئی چیز پائی تو اگر وہ صاحب خواب پارسا اور صالح آدمی ہے تو **دلیل** ہے کہ وہ بیداری میں کوئی چیز پائے' اور اگر وہ شخص صالح اور صاحب ستر و حیا نہ ہو تو **دلیل** یہ ہے کہ اس کو کوئی غم واندوہ پہنچے۔

حضرت کرمانی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کوئی دو چیزیں پائیں اور وہ دونوں ایک ہی جنس وقسم کی تھیں تو **دلیل** اس کی خیر و منفعت پر ہے اور وہ شخص حج وعمرہ ادا کرے گا اور اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کوئی دس چیزیں پائیں اور وہ دسوں چیزیں ایک ہی جنس وقسم کی تھیں تو **دلیل** اس کی کسی خیر و منفعت اور روزی حلال پانے پر ہوگی' اور دوسری تعداد و شمار کی **دلیل** بھی اسی قیاس پر ہے' اور اگر جو کچھ چیزیں اس نے پائی ہوں وہ ایک ہی جنس وقسم کی نہ ہوں تو اس کی تاویل بد

ہوگی۔

یافتن کان ہا (پانا مختلف چیزوں کی کانوں کا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی پہاڑ کو کھودا اور وہاں ایک کان سونے کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ بموجب اپنی قدر کے کوئی ولایت و حکومت پائے اور اگر خواب دیکھنے والا مصلح و نیکوکار اور پارسا اور اہل دین ہو تو **دلیل** یہ ہے کہ حق تعالیٰ اس کو علم اور حکمت نصیب کرے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی چاندی کی کان پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ کوئی عورت جو بزرگ و رئیس لوگوں میں سے ہو زوجیت میں لائے جو کہ با جمال اور مال دار بھی ہو' اور بعض معبر کہتے ہیں کہ اس کے ہاں کوئی فرزند مبارک قدم پیدا ہوئے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان تانبے کی یا پیتل کی پائی تو **دلیل** ہے کہ اس کی کسی سردار و رئیس بدکردار و بے رحم کے ساتھ صحبت و ملاقات ہو جائے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان قلعی یا رانگ یا ٹین کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ کوئی عورت خوبصورت اپنی زوجیت میں لائے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان لوہے کی پائی تو **دلیل** ہے کہ اس کی سردار و رئیس قوی کے ساتھ ملاقات و صحبت ہو جائے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان بلور کی پائی تو **دلیل** ہے کہ اس کو بادشاہ کی طرف سے یا عورت کی طرف سے کوئی منفعت پہنچے اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان زبرجد اور زمرد کے جواہرات کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ شخص صاحب مال اور صاحب جاہ ہو جائے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان یاقوت کی پائی تو **دلیل** ہے کہ اس کی عزت اور مال و دولت زیادہ ہو اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان فیروزہ کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ دشمن پر ظفر پائے اور اس کو مغلوب کرے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان عقیق کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ بادشاہ سے کوئی نفع پائے' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان شبہ کی پائی (جو کہ ایک قیمتی اور

نہایت مفید پتھر ہوتا ہے) تو **دلیل** ہے کہ وہ کسی سردار و رئیس کے ساتھ گفتگو کرے ' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان لعل کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ کوئی جاہ اور حشمت پائے ' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان نوشادر کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ اندوگیں و غمناک ہووے ' اور اگر دیکھے کہ اس نے کان نمک کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ کسی بزرگ یا رئیس سے کوئی منفعت پائے ' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان سرمہ کی یا کان زاک یعنی پھٹکری کی پائی تو **دلیل** ہے کہ اس کی غم و اندوہ پر ہووے ' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان گل زرد یعنی زرد مٹی کی پائی تو **دلیل** ہے کہ وہ بیمار ہوگا ' اور اگر دیکھے کہ اس نے کوئی کان گل سفید یا سفید مٹی یا کھڑیا مٹی کی پائی تو **دلیل** ہے کہ کسی سردار و رئیس کے ساتھ اس کی صحبت و ملاقات ہو۔

یاقوت (ایک جواہر کا نام مشہور ہے)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت سرخ یا سبز تھا تو **دلیل** ہے کہ کوئی عورت یا کنیزک نیک وخوب اس کو حاصل ہوگی یا اس کے ہاں کوئی لڑکی خوبصورت پیدا ہوگی ' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت عیب دار تھا تو **دلیل** ہے کہ وہ کنیزک یا وہ عورت جو کہ وہ رکھتا ہو اس پر حرام ہو جائے۔

حضرت کرمانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت سبز تھا تو **دلیل** ہے کہ وہ کوئی عورت خوب اور اچھی با اصل و بانسب زوجیت میں لائے ' اور اگر وہ کوئی عورت رکھتا ہو تو **دلیل** ہے کہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا ' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت مغشوش یعنی غیر خالص تھا تو **دلیل** ہے کہ فرزند اس کا مفسد ہوگا۔

حضرت اسماعیل اشعث رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے

پاس کوئی یاقوت سرخ تھا تو **دلیل** ہے کہ وہ کوئی عورت تونگرو مال دار اور باجمال زوجیت میں لائے' اور اگر دیکھے کہ یاقوت سبز تھا تو **دلیل** ہے کہ وہ کوئی عورت پارسا و نیک سیرت زوجیت میں لائے' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کوئی یاقوت زرد تھا تو **دلیل** ہے کہ وہ عورت بیمار صورت ہوگی' اور اگر دیکھے کہ یاقوت سفید تھا تو **دلیل** ہے کہ عورت کنواری اور زاہدہ اور مصلح و نیکوکار ہوگی۔

امام جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یاقوت خواب میں چھ وجہوں پر ہوتا ہے۔ (۱) مال' (۲) کنیزک' (۳) علم' (۴) بیٹا' (۵) مرد نیک' (۶) لڑکی کنواری۔

یبروج (مردم گیاہ' لکھنی بوٹی)

لکھنی بوٹی ایک گھاس کی جڑیں ہیں جو کہ آپس میں گلے ملے ہوئے مرد اور عورت کی شکل میں ہوتی ہیں' واضح رہے کہ یبروج بوٹی کو ابرِ دصنم بھی کہتے ہیں اور یہ آدمی کی صورت میں ہوتی ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس یہ ابرِ دصنم بوٹی تھی یا کسی نے اس کو دی تو **دلیل** یہ ہے کہ وہ کسی مرد کمینہ اور پست قد کی خدمت میں مشغول ہوگا اور اس سے زحمت و تکلیف پائے اور اگر دیکھے کہ اس نے یبروج بوٹی کھائی تو **دلیل** ہے کہ وہ کسی اس صفت کے مرد کے مال میں سے کچھ کھائے' اور دیکھنا یبروج بوٹی کا خواب میں کسی منفعت کا باعث نہیں ہوتا۔

یخ (برف جمی ہوئی)

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یخ یعنی برف جمی ہوئی کا دیکھنا خواب میں کوئی غم واندوہ ہوا کرتا ہے۔ خاص کر جبکہ اس کو اپنے وقت پر دیکھے' اور اگر

دیکھے کہ وہ برف جمی ہوئی کھا رہا تھا۔ تو دلیل یہ ہے کہ وہ روزی بہت سی پائے۔ مگر یہ کہ جب وہ برف بہت سی اور بے اندازہ دیکھے جو کہ اپنے وقت یعنی سردیوں کے موسم میں ہو' اور اگر دیکھے کہ وہ کچھ برف صاف ستھری اپنے گھر کو لے جا رہا تھا تو دلیل ہے کہ بقدر اس برف کے وہ کوئی مال جمع کرے۔

حضرت کرمانی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ گرمیوں کے موسم میں کوئی برف پاکیزہ اور صاف تھی تو دلیل یہ ہے کہ وہ کوئی مال حلال جمع کرے' اور اگر دیکھے کہ برف میلی کچیلی اور تلخ سی تھی تو دلیل یہ ہے کہ وہ کوئی مال کو جمع کرے جو کہ حرام سے ہو' اور اگر سردیوں کے موسم میں برف پاکیزہ وصاف خواب میں دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے عیش کو خوب اچھی طرح گزارے اور اپنے روزگار سے منفعت دیکھے اور اس کے دوستوں کے دل اس سے شاد ہوں۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ درمیان سرد ملکوں کے سردیوں کے موسم میں برف کو خواب میں دیکھنا دلیل خیر و منفعت اور تندرستی پر ہو گا اور گرم ملکوں میں دلیل قحط اور تنگی اور اندوہ پر ہو' اور بعض معبروں نے کہا ہے کہ یخ یعنی برف جمی ہوئی اور برق یا بجلی کا خواب میں دیکھنا جو درمیان سردیوں کے ہو دلیل فراخی نعمت پر ہوتا ہے اور گرم ملکوں میں دلیل قحط اور اندوہ پر ہوا کرتی ہے۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یخ یعنی برف جمی ہوئی خواب میں چھ وجہوں پر ہوتی ہے۔ (۱) روزی فراخ' (۲) زندگانی' (۳) مال' (۴) نرخ ارزاں' (۵) غم واندوہ' (۶) قحط و تنگی۔

یشم یا یشب (سنگ یشم)

(ایک قیمتی پتھر کا نام ہے جو کہ سبزی مائل ہوتا ہے اس کو سنگ یشم کہتے ہیں۔)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ دیکھنا سنگ یشب کا خواب میں

دلیل کسی عورت بے اصل پر ہوتی ہے' اور اگر کوئی دیکھے کہ اس کے پاس کوئی انگشتری یا انگوٹھی سنگ یشب کی تھی یا کسی نے اس کو دی یا اس نے کہیں سے خریدی تو دلیل ہے کہ وہ کوئی عورت بے اصل زوجیت میں لائے' اور اگر وہ عورت رکھتا ہے تو اس کے ہاں کوئی لڑکی پیدا ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس کے پاس کچھ سنگ یشب تھا تو دلیل یہ ہے کہ وہ عورتوں کی طرف سے کچھ خیر اور منفعت پائے۔

یل (پہلوان)

واضح رہے کہ یل کوئی مبارک اور مبارز یعنی کسی سے مقابلہ اور جنگ کرنے والا آدمی ہوتا ہے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی بادشاہ یہ دیکھے کہ وہ مبارز یعنی کسی کے مقابلے میں جنگ کرنے والا افسر یا پہلوان بنا ہوا تھا تو دلیل یہ ہے کہ وہ اپنی بادشاہی میں قوت اور شوکت پائے' اور اگر کوئی عالم شخص یہ دیکھے کہ کوئی فاضل یگانہ بحث میں تھا تو دلیل یہ ہے کہ وہ اپنے خصم ومخالف پر غالب آئے' اور اگر کوئی تاجر وسوداگر آدمی یہ دیکھے کہ وہ مبارز یعنی جنگ اور لڑائی کرنے والا پہلوان ہوگیا تو دلیل یہ ہے کہ وہ تجارت میں بہت سا مال حاصل کرے' اور اگر کوئی سپاہی آدمی یہ دیکھے تو دلیل یہ ہے کہ وہ تونگر و مال دار ہو اور کوئی مال پائے۔ قولہٗ تعالیٰ: یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْکَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّکُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ (پارہ ۱۷ رکوع ۱۷)

ترجمہ: "اے ایمان والے لوگو! رکوع کرو اور سجدے بجالاؤ اور بندگی کرتے رہو اپنے رب کی نیکی اور بھلائی کیا کرو تاکہ تم فلاح اور بہبودی اور کامیابی حاصل کرسکو۔"

اگر دیکھے کہ اس نے کسی کے ساتھ کوئی مبارزت یعنی جنگ کیا اور اس پر

غالب آیا تو دلیل یہ ہے کہ وہ دشمن پر غالب آئے' اور اگر دیکھے کہ خصم و مخالف اس پر غالب آیا تو اس کی تاویل خلاف اس کے ہو' اور اگر دیکھے کہ اس نے کسی عورت کے ساتھ کوئی جنگ کیا اور اس پر غالب آیا تو دلیل یہ ہے کہ حال اس کا برا ہو اور وہ خوار اور لاچار ہو جائے۔

یوز (چیتا)

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یوز یعنی چیتا خواب میں کوئی دشمن ہوتا ہے اور دشمنی اس پر ظاہر ہو جاتی ہے۔ سو اگر کوئی دیکھے کہ وہ کسی چیتے سے جنگ اور لڑائی کر رہا تھا' تو اگر وہ اس چیتے پر غالب ہو گیا تو دلیل یہ ہے کہ وہ دشمن پر ظفر پائے۔

حضرت کرمانی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے چیتے کو پکڑ لیا تو دلیل یہ ہے کہ وہ کسی دشمن کے ساتھ صحبت و ملاقات کرے' اور اگر دیکھے کہ چیتا اس سے بھاگ گیا تو دلیل یہ ہے کہ دشمن اس سے بھاگ جائے' اور اگر دیکھے کہ چیتے بہت سے اس کے مطیع تھے۔ تو دلیل یہ ہے کہ دشمن اس کے خراب اور ذلیل ہوویں۔

حضرت جابر مغربی رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی دیکھے کہ وہ گوشت چیتے کا کھا رہا تھا تو دلیل ہے کہ بقدر اس کے وہ کوئی مال دشمن کا لے گا' اور بعض معبروں نے کہا ہے کہ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے کسی چیتے کو مار ڈالا تو دلیل یہ ہے کہ اس میں کوئی خیر اور منفعت نہ ہوگی' اور اگر دیکھے کہ اس نے چیتے کو اپنی گردن پر اٹھا کر رکھ لیا اور وہ اس کو لے جا رہا تھا تو دلیل یہ ہے کہ وہ کوئی بار اور بوجھ دشمن کا کھینچے' اور اگر دیکھے کہ کئی ایک چیتے اس کے گھر میں یا کسی موضع و مقام میں آ کر بلند آوازیں نکال رہے تھے تو دلیل یہ ہے کہ وہ شخص اپنے دشمنوں کے سبب سے کوئی رنج و تکلیف اور مضرت پائے

جو کہ بقدر ان چیتوں اور ان کی آوازوں کے ہو جو کہ وہ دیکھ چکا ہووے۔ آگے:

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَیْہِ الْمَرْجِعُ وَالْمَاٰبُ

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

حوالہ جات

{۱} اسی لئے دجال لعین الوہیت کا دعویٰ کر کے اور اپنے دجالی خرق عادات امور کو ظاہر کر کے مخلوق کو گمراہ کرے گا۔ (سواتی)

{۲} ترجمہ : علماء ربانی (عالم باعمل) پیغمبروں کے وارث ہوا کرتے ہیں (مئولف)

{۳} بیداری: جاگنا

{۴} طہارت سے مراد وضو ہے' پاکیزگی۔

{۵} قرصِ آفتاب: آفتاب کی ٹکیہ۔

{۶} مبداء: جائے آغاز شدن۔

{۷} مبداء: جائے آغاز شدن۔

{۸} متخیل: طرح طرح کے خیالات والی۔

{۹} نامدار: مشہور باعزت۔

{۱۰} غازی: دین کے لئے لڑائی کرنے والا۔

{۱۱} تجاوز کرنا: حدِ شرعی سے گزرنا۔

{۱۲} مظلوم: جس پر ظلم کیا گیا ہو۔

{۱۳} دادرسی کرنا: انصاف کرنا۔

{۱۴} بےعدلی: بےانصافی۔

{۱۵} بےچون: بےمثل۔

{۱۶} بےچگون: بےمثال۔

{۱۷} کامگار: کامیاب' بامراد۔

{۱۸} بادین وبادیانت: دیندار اور دیانت دار۔

{۱۹} جمعیت خاطر: دل کی تسلی، اطمینان۔

{۲۰} سخندان فصیح شاعر، خوش کلام کرنے والا۔

{۲۱} بشارت: خوشخبری۔

{۲۲} عطا دی ہے: کوئی چیز عنایت کی ہے۔

{۲۳} اندوہ گیں: غم ناک۔

{۲۴} صور: نرسنگا کرنا۔

{۲۵} مرگ: موت وباء۔

{۲۶} تازہ روی: خندہ پیشانی۔

{۲۷} آواز کسا: زور سے آواز دی۔

{۲۸} منفعت: فائدہ۔

{۲۹} کردار: کام، عمل۔

{۳۰} گفتار: بولنا، باتیں۔

{۳۱} مفلس: غریب نادار۔

{۳۲} نعمت میں زوال آنا: نعمت کا جاتے رہنا۔

{۳۳} کام احوال مستقیم پر ہیں: سب کام درست ہیں۔

{۳۴} انجام بخیر: انجامِ نیک۔

{۳۵} وافر نعمت: بہت سی دولت۔

{۳۶} دراز عمر: لمبی عمر۔

{۳۷} عاقبت محمود ہو: انجام نیک ہو۔

{۳۸} خیر کا دروازہ کھلنا: بھلائی اور بہتری پانا۔

{۳۹} بدخوئی سے: برائی سے۔

{۴۰} بشارت: خوشخبری، نیک خبر۔

{۴۱} غنیمت پانا: دولت پانا۔

{۴۲} بہتان لگائیں: جھوٹا الزام لگائیں۔

{۴۳} تعبیر دان: تعبیر جاننے والا۔

{۴۴} توفیق طاعت: بندگی کی ہمت۔

{۴۵} تاریکی: اندھیرا۔

{۴۶} بشیر: بشارت دینے والا۔

{۴۷} نذیر: ڈرانے والا عذاب حق تعالیٰ سے۔

{۴۸} ظفر: فتح مندی۔

{۴۹} سعادت: نیک بختی۔

{۵۰} کشادہ رو: راضی، خوش۔

{۵۱} ترش رو: ناراض، ناخوش۔

{۵۲} عادل: عدل کرنے والا۔

{۵۳} منصف: انصاف کرنے والا۔

{۵۴} رغبت کریں گے: توجہ کریں گے۔

{۵۵} کرامت: بزرگی، بخشش۔

{۵۶} شجاعت: دلیری، بہادری۔

{۵۷} متصف: صفت والا۔

{۵۸} جدل: لڑائی وغیرہ۔

{۵۹} نزاع: جھگڑا، فساد

{۶۰} خیر و راحت: بھلائی اور خوشی۔

{۶۱} شہداء: جنہوں نے اللہ کی راہ میں جان دی ہو۔

{۶۲} عاقبت محمود: انجامِ نیک۔

{۶۳} مئوذنوں: اذان دینے والوں۔

{۶۴} خیراور منفعت: بھلائی اور فائدہ۔

{۶۵} زاہدوں: پرہیزگاروں۔

{۶۶} نصرت: کامیابی۔

{۶۷} الف ۔ب۔

{۶۸} متفکر: فکرمند۔

{۶۹} عیش وعشرت سے گزارے گا: مزے سے گزارے گا۔

{۷۰} عافیت: آرام۔

{۷۱} استقامت: ثابت قدمی۔

{۷۲} مصاحبت: دوستی‘محبت‘ پیار۔

{۷۳} شفاء پائے گا: صحت پائے گا۔تندرست ہو جائے گا۔

{۷۴} معزول: ملازمت سے جدا کیا ہوا۔

{۷۵} راغب: توجہ کرنے والا۔

{۷۶} مشیر: مشورہ دینے والا۔

{۷۷} آبگینہ: شیشہ۔

{۷۸} بمنزلہ: مطابق‘بطور۔

{۷۹} آبلہ: چھالہ وغیرہ۔

{۸۰} بستہ کام: رُکے ہوئے کام۔

{۸۱} کراہت سے: تکلیف سے۔

{۸۲} دہشت: ڈر‘خوف۔

{۸۳} ضعف: کمزوری۔

{۸۴} غیبت: چغلی۔

{۸۵} شفقت: مہربانی۔

{۸۶} کارِزار: لڑائی‘ جنگ۔

{۸۷} بے تحاشا: بے دھڑک۔

{۸۸} خونریزی: جنگ لڑائی وغیرہ۔

{۸۹} قبہ: گنبد وغیرہ۔

{۹۰} بہتان: جھوٹا الزام‘ تہمت وغیرہ۔

{۹۱} فتنہ: فساد‘ لڑائی وغیرہ۔

{۹۲} رزمگاہ: میدانِ جنگ۔

{۹۳} دہشت: خوف‘ ڈر۔

{۹۴} بریان: کسی چیز کو بھوننا۔

{۹۵} غیبت: کسی کی کوئی بات برائی کے ساتھ پس پشت کرنا۔

{۹۶} صاحب خانہ: گھروالا‘ گھر کا مالک۔

{۹۷} اہل موضع: گاؤں والے۔

{۹۸} آتش دان: چولہا وغیرہ۔ جہاں آگ جلائی جائے۔

{۹۹} احوال متغیر ہوں گے: حالات بدل جائیں گے۔

{۱۰۰} رحلت کرے گا: مر جائے گا۔

{۱۰۱} سلطان: بادشاہ۔

{۱۰۲} مخبر: خبر دینے والا‘ لوگوں کے حالات بتانے والا۔

{۱۰۳} رغبت: خواہش۔

{۱۰۴} جمعیت: خاطر۔

{۱۰۵} شاہی بازداری: شاہی ملازمت۔

{۱۰۶} خصومت: لڑائی جھگڑا۔

{۱۰۷} نفاق: دشمنی۔

{۱۰۸} بے راہی: بے دینی۔

{۱۰۹} ہیبت: ڈر‘خوف‘ دہشت وغیرہ۔

{۱۱۰} ترس: ڈرخوف۔

{۱۱۱} بخت: نصیبہ‘روزی‘دولت۔

{۱۱۲} بستہ ہوجائیں گے: رُک جائیں گے۔

{۱۱۳} آسمان کی فضاء میں اڑتا ہے: آسمان اور زمین کے درمیان اڑتا ہے۔

{۱۱۴} خوش وخرم: راضی۔

{۱۱۵} خیر اور نعمت اور غنیمت حاصل ہوگی: برکت ہوگی اور مال و دولت ملے گی۔

{۱۱۶} صالح: نیکوکار۔

{۱۱۷} زاہد: پرہیزگار۔

{۱۱۸} خیراور نعمت: بھلائی اور برکت۔

{۱۱۹} اثر خیر: بھلائی کا اثر۔

{۱۲۰} خیروصلاح: بھلائی اور بہتری۔

{۱۲۱} خونریزی: لڑائی۔

{۱۲۲} فتنہ عظیم: بڑا فساد۔

{۱۲۳} خصومت: لڑائی‘جھگڑا فسادوغیرہ۔

{۱۲۴} کارزار: جنگ‘لڑائی۔

{۱۲۵} خوان سالار: مہتمم باورچی خانہ۔

{۱۲۶} مقرب ہوگا: نزدیکی ہوگی۔

{۱۲۷} ابر: بادل۔

{۱۲۸} شفائے پائے گا: صحت پائے گا۔

{۱۲۹} تابع ہوں گے: ماتحت وفرمانبردار ہوں گے۔

{۱۳۰} مقرب: نزدیکی۔

{۱۳۱} حشمت پائے گا: رُتبہ ودبدبہ پائے گا۔

{۱۳۲} مصاحب: دوست۔

{۱۳۳} کنیزک: لونڈی۔

{۱۳۴} الج: ایک قسم کا میوہ ہوتا ہے‘ بعض کہتے ہیں کہ کناریہی ہے۔

{۱۳۵} آماس: بدن پر سُوج کا ہونا۔

{۱۳۶} آہنگری: لوہار کا کام۔

{۱۳۷} خیرو منفعت: بہتری اور فائدہ۔

{۱۳۸} سوزن: سوئی۔

{۱۳۹} توانائی: ہمت‘ طاقت۔

{۱۴۰} کنیز: لونڈی۔

{۱۴۱} جماع کرے گا: مباشرت کرے گا۔

{۱۴۲} زناء کرے گا: فعل بد کرے گا۔

{۱۴۳} دوشیزہ عورت: نوجوان عورت۔

{۱۴۴} مالِ غنیمت پائے گا: لوٹ کا مال پائے گا۔

{۱۴۵} حشمت: دبدبہ‘ بزرگی ومرتبہ۔

{۱۴۶} مطیع نہ ہوگا: کوئی فرمانبرداری نہ کرے گا۔

{۱۴۷} مال ومتاع: مال واسباب۔

{۱۴۸} باپ کی مشابہ ہوگا: باپ جیسا ہوگا۔

{۱۴۹} معزول ہوگا: تخت سے اتارا جائے گا۔

{۱۵۰} جانشین ہو جائے گا: اس کی جگہ دوسرا تخت پر بیٹھے گا۔

{۱۵۱} شوہر کے نزدیک عزیز اور گرامی ہوگی: اس کا خاوند اس کی قدر کرے گا۔

{۱۵۲} محنت اور بلا: دُکھ اور تکلیف۔

{۱۵۳} حاکموں کی صحبت میں رہے گا: حاکموں کے پاس بیٹھا کرے گا۔

{۱۵۴} حکماء: حکیموں' داناؤں۔

{۱۵۵} سخت قوی عذاب: نہایت بڑا عذاب۔

{۱۵۶} اہل بیت: گھر والے۔

{۱۵۷} دین کی اصلاح ہوگی: دین کی بہتری ہوگی۔

{۱۵۸} مساوی ہے: برابر ہے۔

{۱۵۹} اس کا میلان خیر اور صلاح کی طرف ہے: اس کی توجہ اور دھیان بہتری کی طرف ہے۔

{۱۶۰} مائل ہوگا: توجہ دے گا۔

{۱۶۱} اطاعت سے روکے گا: بندگی سے روکے گا۔

{۱۶۲} مطیع ہوگیا ہے: فرمانبردار ہوگیا ہے۔

{۱۶۳} شادوخرم ہے: راضی اور خوش ہے۔

{۱۶۴} قوی فساد ہوگا: بڑا فساد ہوگا۔

{۱۶۵} اس مرد کی صحبت سے: اس آدمی کے پاس سے۔

{۱۶۶} مفارقت: جدائی' علیحدگی۔

{۱۶۷} چہارپائے: مویشی' گائے' بھینس' بکری وغیرہ۔

{۱۶۸} کنیز: لونڈی۔

{۱۶۹} معشر: عیاش۔

{۱۷۰} متکبر: مغرور۔

{۱۷۱} بلا اور محنت: رنج اور تکلیف۔

{۱۷۲} زاہد اور مصلح: پرہیز گار اور نیکوکار۔

{۱۷۳} محتشم اور توانگر: دبد بہ والا اور دولت مند۔

{۱۷۴} خلاف: برعکس ٗالٹ۔

{۱۷۵} دین و دنیا کی سعادت اور اقبال کی **دلیل** ہے: دیندار اور دولت مند ہونے کی **دلیل** ہے ٗدنیا اور دین دونوں حاصل ہوں گے۔

{۱۷۶} دشمن کو زیر کرے گا: دشمن کو مغلوب کرے گا۔

{۱۷۷} اژدہا کی پشت پر: اژدہا کے اوپر سوار۔

{۱۷۸} اسپندان: حرمل۔

{۱۷۹} مطیع: فرمانبردار۔

{۱۸۰} معصیت: نافرمانی ٗگناہ ٗعیب وغیرہ۔

{۱۸۱} اسپ ابلق: وہ گھوڑا جو کچھ سفید اور کچھ سیاہ ہو ٗچتکبرہ۔

{۱۸۲} کمیت: وہ گھوڑا جس کے جسم کی رنگت سرخی مائل سیاہی ہو۔

{۱۸۳} اسپ اشقر: وہ گھوڑا جس کے جسم کی رنگت سرخ زردی مائل بسیاہی ہو۔

{۱۸۴} سمند: سفید گھوڑا۔

{۱۸۵} جرمہ: نقرہ خنک ٗسبز خنک وغیرہ۔

{۱۸۶} اہل ملک پر: **ملک** کے لوگوں پر۔

{۱۸۷} کنیز: لونڈی۔

{۱۸۸} مقہور کرے گا: مغلوب کرے گا۔

{۱۸۹} مرد بیابانی: جنگلی آدمی۔

{۱۹۰} اس کا مطیع ہے: اس کا فرمانبردار ہے۔

{۱۹۱} اشنان: ایک قسم کی شور گھاس ہے جو شوریدہ زمین میں اگتی ہے جب اس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں تو صابن کی طرح سفید ہو جاتے ہیں اور اسی گھاس کو جلا کر اس کی سجی بناتے ہیں اور پنجابی زبان مین اس گھاس کولانا بولتے ہیں۔

{۱۹۲} اصلع: فارسی زبان میں گنجے کو کہتے ہیں۔

{۱۹۳} رنج سے: تکلیف سے۔

{۱۹۴} جنگ وخصومت: لڑائی جھگڑا وغیرہ۔

{۱۹۵} افسون: جنتر منتر۔

{۱۹۶} فریفتہ کرنا: دھوکہ دینا۔

{۱۹۷} شفا اور راحت: صحت اور خوشی۔

{۱۹۸} باطل ہے: جھوٹ ہے، بیکار ہے۔

{۱۹۹} افیون: افیم۔

{۲۰۰} قوی ہیبت اور ستم گر: نہایت خوفناک اور ظالم۔

{۲۰۱} خاص مقرب: خاص نزدیکی۔

{۲۰۲} معزول ہوگا: تخت سے اتارا جائے گا۔

{۲۰۳} خزانہ اس کے تصرف میں آئے گا: خزانہ اس کے قبضہ میں آئے گا۔

{۲۰۴} زحمت اور بلا: دُکھ اور تکلیف۔

{۲۰۵} جنگ وخصومت: لڑائی جھگڑا۔

{۲۰۶} پر نوچے ہیں: پروں کو اکھیڑا ہے۔

{۲۰۷} بے موسمے: بے بہار۔

{۲۰۸} ترش: کھٹے۔

{۲۰۹} تابع ہوں گے: فرمانبردار ہوں گے۔

{۲۱۰} مقتدی: وہ شخص ج امام کے پیچھے کھڑا ہو اور اس کی تابع ہو۔

{۲۱۱} برخورداری پائے گا: فائدہ اٹھائے گا۔

{۲۱۲} موجب غم: غم کا سبب ہے۔

{۲۱۳} خودرائے: اپنی ہی رائے پر چلنے والا۔

{۲۱۴} حق سے باطل پر فریفتہ ہوگا: حق کو چھوڑ کر باطل کو اختیار کرے گا۔

{۲۱۵} آفت یا دشواری ظاہر ہوگی: تکلیف اور مشکل پیش آئے گی۔

{۲۱۶} اس کی آبرو اور وقار قائم رہے گا: اس کی عزت اور دبدبہ اور رُعب قائم رہے گا۔

{۲۱۷} ساخت ناپسندیدہ ہے: اچھی نہیں بنی ہوئی۔

{۲۱۸} آہن کی انگوٹھی: لوہے کی انگوٹھی۔

{۲۱۹} قوت: طاقت۔

{۲۲۰} تانبے کی یا رانگ کی ہے: تانبے یا سیسہ کی ہے۔

{۲۲۱} صاحب خواب غلام زادہ ہے: خواب دیکھنے والا نوکر کا بیٹا ہے۔

{۲۲۲} معزول ہوگا: حاکم نہ رہے گا' تخت سے اتارا جائے گا۔

{۲۲۳} خوف اور ترس: خوف اور ڈر۔

{۲۲۴} خیر اور نعمت: بہتری اور مال وغیرہ۔

{۲۲۵} مال وجاہ اور زیادتی عزت کی دلیل ہے: مال دولت رُتبہ اور عزت ملے گی۔

{۲۲۶} با دیانت بادشاہ: دیندار اور نیک بادشاہ۔

{۲۲۷} با سیاست وباہیبت بادشاہ: دبدبے اور رُعب والا بادشاہ۔

{۲۲۸} خیر و برکت: بھلائی اور بہتری۔

{۲۲۹} جنگ اور خصومت: جنگ اور لڑائی۔

{۲۳۰} بالا خانہ: اوپر کی چھت۔

{۲۳۱} آرزو و مراد پوری نہ ہوگی: خواہش اور مراد پوری نہ ہوگی۔

{۲۳۲} عضو سے جوڑ سے۔

{۲۳۳} آستانے سے گرے ہیں: اوپر کی دہلیز سے گرے ہیں۔

{۲۳۴} خرم وشاداں: خوش ہوگا۔

{۲۳۵} بالغ ہوگیا ہے: جوان ہوگیا ہے۔

{۲۳۶} ناسازگار کنیز ہے: ناموافق لونڈی ہے۔

{۲۳۷} خیر وشر: بھلائی برائی

{۲۳۸} کنیزیں: لونڈیاں

{۲۳۹} سفلہ اور خسیس مرد ہے: کمینہ مرد ہے۔

{۲۴۰} فریبی: فریب کرنے والا' مکار

{۲۴۱} ملعون: لعنت کیا گیا' خدا تعالی کی درگاہ سے دور

{۲۴۲} مطیع ہے: فرمانبردار ہے۔

{۲۴۳} شفاء پائے گا: صحت اور تندرستی حاصل کرے گا۔

{۲۴۴} مختلف قسم کی خوشبوئیں ملی ہوئی جو کہ مردے کے لئے تیار کرتے ہیں۔ اسے حنوط کہتے ہیں۔

{۲۴۵} تونگری: دولت مندی

{۲۴۶} اچانک

{۲۴۷} بھلائی اور فائدہ

{۲۴۸} معزول: جدا' بیکار

{۲۴۹} پارہ پارہ: ٹکڑے ٹکڑے

{۲۵۰} متفرق: جدا

{۲۵۱} بے اندازہ: بے شمار

{۲۵۲} منتظم: انتظام کرنے والا

{۲۵۳} رقص کرتا ہے: ناچتا ہے

{۲۵۴} کار باطل: بے ہودہ کام

{۲۵۵} باعث: سبب

{۲۵۶} تماج: کھانے کی پتلی چیز

{۲۵۷} بوسیدہ: پرانے

{۲۵۸} کرم خوردہ: کیڑوں کے کھائے ہوئے

{۲۵۹} کبک: چکور

{۲۶۰} رستگاری: خلاصی نجات

{۲۶۱} ترازو راست: درست ترازو

{۲۶۲} زائل ہوگیا: جاتی رہے گی

{۲۶۳} حال متغیر ہوگا: حال بد ہوجائے گا

{۲۶۴} شوہر دار عورت: خاوند والی عورت

{۲۶۵} خواستگار رہوا ہے: چاہنے والا ہوا ہے

{۲۶۶} اس سبیل سے: اس طریق سے

{۲۶۷} زائل: دور

{۲۶۸} لاغر اور نحیف: کمزور اور دبلا

{۲۶۹} فربہ: موٹا

{۲۷۰} راز: بھید

{۲۷۱} ضعیف کمزور: زاہد

{۲۷۲} زاہد: پرہیز گار

{۲۷۳} صالح: نیک

{۲۷۴} عاصی: نافرمان، گنہگار

{۲۷۵} رجوع کرتی ہے: دلالت کرتی ہے۔

{۲۷۶} ہشت دھات کی: آٹھ دھاتوں کی

ختم شد